تقربه وشرف کمالاته صلی الله علیه وسلم کما یظهر من
عبارة الاعتراض لکن اظهرت [illegible] ما اراد

اسکو مولوی قصوری کا یہ الزام کہ مولوی
اسمعیل نے تمام انبیا و اولیا کو عوام کے
برابر کردیا۔ عاجز بے اختیار
نادان بتادیا جس سے ظاہر ہے کہ تقرب الی اللہ و شرف
کمالات آنحضرت مولوی اسمعیل معتقد نہیں پس جواب
بندہ خلیل احمد کا جسمیں تقرب الی اللہ و شرف کمالات
کا اثبات ہے مولوی اسمعیل کے مطابق نہوا اور اسکو
خود مولوی مذکور پسند نہیں کرتا خلاف ہے کہ اسی صفحہ کی
ابتدا میں مولوی اسمعیل صاحب نے آپکے شرف کمالات کا اقرار کیا ہے
مگر اپنی عقل یا قرینہ میں بھول چوک لکھی ہے اور وحی
یا الہام کی بات نرالی ہے۔ اور نیز کتاب صراط مستقیم میں
آپکے شرف کمالات شرح بسط کے ساتھ مذکور ہیں جسکو
قصوری صاحب نے بھی دیکھا ہے۔ پس اسکا
مولوی اسمعیل کو منکر شرف کمالات کہنا اور مجھپر طعن
حق پوشی وغیرہ کا کرنا خلاف دیانت ہے بلکہ
یہ طعن انپر عائد ہوا والحمد للہ علی ذلک یہ خلاصہ
جواب تفصیلی کا ہے۔ فقیر کان اللہ لہ
اسکے جواب میں کہتا ہے کہ میں نے یہ کب
دعوے کیا ہے کہ مولوی اسمعیل آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب اور کمالات کا
بالکل غیر معتقد ہے جیسا کہ عبارت اعتراض
سے ظاہر ہے یعنے اسکی کلام سے
یہ ظاہر کیا تھا کہ اسکی نفس بشریت سے

من الاخوة المساواة بالانبياء فی نفس البشرية
والآدمية كما اوله صاحب البراهين بل المصرح
من كلامه ان عظمة الانبياء ببيان طريق الحق فقط
ولا عظمة لهم فی ان الله تعالى اقدرهم بادنى قدرة
التصرف فی العالم فجميع العباد اعلاهم وادناهم عاجزون
لا اختيار لهم وكذلك فی حصول الاختيار على
علم الغيب جميع العباد اعلاهم وادناهم لا خبر لهم جاهلون
واقر صاحب البراهين مع الحواريين بان هذا المضمون
موجود فی رسالة تقوية الايمان فثبت المدعا وبطل
تطويل المنكرين ثم لا شك فی ان دعوى عدم
اقتدار النبی صلى الله عليه وسلم بادنى قدرة وعدم
خبره وجهله عليه الصلوة والسلام من الغيب وان
قطعنا النظر من مباينتها بالقرآن والحديث
لها مخالفة صريحة باقوال استاذه وعمه ومرشد
مرشده صاحب تفسير فتح العزيز كما قال تحت آية
ولقد انزلنا اليك آيات بينت ما بلا واسطه
جبرئیل بر تو معجزات بسیار نازل کرده ایم مثل ناله ستون
واجابت درختان دعوت ترا وشکایت شتران و
آهوان وسلام کردن سنگها وکوهها بر تو وجواب
وسوالات احبار یهود وغیره ذلک الخ وقال فی بیان
مسئلة الروح المجرد للجمادات والحيوانات که
اشجار وحجار وحیوانات با انبیا وبعضی مومنان تکلم و
نطق واداے شهادت واجابت وامتثال اوامر مو...

[illegible]

برابری اور آدمی ہونے میں برادری نبیوں کی
ساتھ مراد نہیں ہے جیسا کہ براہین والے
نے تاویل کی ہے بلکہ اسکی عبارت میں صریح
درج ہے کہ نبیوں کی عظمت صرف بیان
راہ حق کی ہے اور یہہ عظمت انکے لیے نہیں
کہ خدا نے انکو دنیا میں کچھہ تصرف کی قدرت دی
ہو پس سب آدمی اعلے عاجز بے اختیار ہیں اور
ایسا ہی علم غیب میں سب چھوٹے بڑے بیخبر جاہل
ہیں براہین والے اور اسکے حواریین نے بھی مان
لیا ہے کہ یہہ مضمون تقویۃ الایمان میں موجود ہے
جسسے فقیر کا مدعا ثابت ہو گیا اور منکرین کی تطویل
لاطائل ہو گئی پہر سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی کچھہ قدرت
تصرف سے انکار اور غیب دانی میں بیخبری اور نادانی
کا اقرار قطع نظر اس سے کہ قرآن وحدیث کے بالکل برخلاف
ہے مولوی اسمعیل کے چچا اور استاذ اور دادا مرشد
صاحب تفسیر عزیزی کے ارشادوں کے بھی صریح
مخالف ہے چنانچہ اس تفسیر میں آیت ولقد انزلنا الیک
آیات بینت کی تحریر ہے کہ ہمنے بلا واسطہ جبرئیل تجھکو بہت
معجزے عطا کیے ہیں (یعنے اللہ تعالے نے) جیسے ستون کا نالہ کرنا درختوں کا آپکے
حکم کو قبول فرمانا اونٹوں اور ہرنوں کا آپکے پاس یہہ
شکایت کرنا پتھروں اور پہاڑوں کا آپکو سلام کرنا علماے
یہود وغیرہ کو سوالات کا جواب دینا اور سوا اسکے الخ
پھر اسی تفسیر میں جمادات اور حیوانات کی روح مجرد کے

و قدر متواتر از ان از حضرت انبیا علیهم السلام منقول
ومروی شده الخ وقال تحت آیة ولسوف یعطیك
ربك فترضى وروز قیامت ایشان را بمرتبه وسیله
مشرف سازند وآن مرتبه ایست نهایت بلند که کسے را
از مخلوقات میسر نشده وحقیقت آن آنست که ایشان
دران روز از جناب خداوندی بمنزله وزیر از بادشاه
باشند انتهى بالفاظه الطيبة وقال تحت آية الم
نشرح لك صدرك مرتبه کمال او که خاتمیت است
هیچکس را حاصل نیست ولنعم ما قیل ؎ یا صاحب
الجمال ویا سید البشر ؛ من وجهك المنير
لقد نور القمر ؛ لا یمکن الثناء کما کان حقه
بعد از خدا بزرگ توئی قصه مختصر ؛ ولقد اثبت
فی معنی آیة عالم الغیب فلا یظهر علی غیبه احدا الا
من ارتضى من رسول اظهار الانبيا واستيلائهم
على الغيب وقال تحت آية ويكون الرسول عليكم
شهيدا يعنی وباشد رسول شما بر شما گواه زیرا که او مطلع
است بنور نبوت بر رتبه هر متدین بدین خود که در کدام
درجه از دین من رسیده وحقیقت ایمان او چیست
وحجابیکه بدان از ترقی محجوب مانده است کدام است
پس او میشناسد گناهان شمارا ودرجات ایمان شمارا
واعمال نیک وبد شمارا واخلاص ونفاق شمارا الخ
قابل هذه الاقوال باقوال صاحب تقوية الايمان
بالاتفاق شهد شهادة صادقة بانها اصرح البطلان

حضرات انبیا سے متواتر کے طور پر یہہ بات منقول ہے
الخ پہر آیت ولسوف یعطیک ربک فترضی کے
نیچے لکھتے ہیں کہ قیامت کے دن آپکو مرتبہ وسیلہ پر
مشرف کرینگے اور یہہ مرتبہ بہت ہی اونچا ہے کسیکو
بھی مخلوقات سے نہیں ملا اور حقیقت اسکی یہہ ہے کہ
آپ اسدن درگاہ الٰہی میں بمنزلہ وزیر کے بادشاہ
سے ہونگے اور آیت الم نشرح لک کے نیچے لکھا ہے
آپکے کمال کا مرتبہ جو خاتمیت ہے کسیکو بھی حاصل
نہیں کیا اچھا کہا ہے کہنے والے نے ؎
محبوب خدا اے سرور بنی آدم آپکے طفیل ہی چاند
کو نور ملا الغرض حقتعالے کے بعد آپ سب سے
برتر ہیں پہر آیت عالم الغیب الآیۃ کے نیچے
نبیوں کا غیب پر اظہار اور غلبہ ثابت کیا ہے
اور آیت ویکون الرسول علیکم شہیدا کے
نیچے فرمایا ہے اور تمہارا پیغمبر تم پر گواہ ہوگا
اسلئے کہ وہ نور نبوت سے اپنے ہر فرد کے درجہ
و دینداری پر خبردار ہے اور ہر شخص کی حقیقت
ایمان اور ترقی کے حجاب کو جانتا ہے پس پیغمبر
تمہاری گناہوں اور ایمان کے درجوں اور نیک
و بد عملوں اور تمہارے اخلاص و نفاق کو
پہچانتا ہے الخ یہہ تفسیر عزیزی کی عبارتوں کا ترجمہ
ہے پس جو دانشمند ان باتوں کا تقویۃ الایمان کی
اور خرافاتوں سے مقابلہ کریگا سچی شہادت دیگا کہ مولوی اسمعیل کی

[illegible]

وايقن بعلم اليقين ان صاحب البراهين مع
الحواريين في ضلال مبين فماذا بعد الحق الا الضلال
فتحقق ان ادعاء الاخوة مع الانبياء سيما السيد
الاصفياء عليه وعليهم الصلوة والثنا انما هي
الاضلال بالاكمال فنعوذ منه بذي الجلال
والجمال فلما تبين وجه صحة الوجه الاول من
الاعتراض الثالث على البراهين فالان نبين
الوجه الثاني منه وبه نستعين وهو ان قول
صاحب البراهين بمماثلة جميع بني ادم في
نفس البشرية بسيد الانبياء صلى الله عليه
وسلم واثبات المساواة فيهما بدليل قل انما
انا بشر مثلكم غلط صريح وسوء ادب قبيح
لان الله تعالى اخبر في كلامه المجيد في بعض
مواضع ان الكفار كانوا يدعون المساواة في
البشرية بالانبياء عليهم السلام كحكايته تعالى
ما انتم الا بشر مثلنا فيجيب الانبياء على
حسب فهمهم التفهيم بما قال تعالى ان نحن الا
بشر مثلكم فهذا الجواب انما صدر بطريق
التسليم والتواضع وعلى هذا امر الله تعالى
حبيبه صلى الله عليه وسلم قل انما انا بشر مثلكم
قال الامام الرازي في التفسير الكبير والنيسابوري
في تفسيره وغيرهما ان هذا محمول على التواضع
والتسليم فجعل هذا الامر الذي مداره على التواضع

اور یقیناً براہین والا اور اسکے حواریین صریح گمراہی میں
ہیں پناہ بخدا اس اعتراض کی پہلی وجہ کی صحت
کے اظہار کے بعد ہم اسکی دوسری وجہ بیان کرتے
ہیں اور خدا سے مدد چاہتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ
براہین والے نے جو آیت قل انما انا بشر مثلکم کی سند سے
جملہ بنی آدم کو نفس بشریت میں سید عالم صلی اللہ
علیہ وسلم سے مماثل و برابر کہا ہے یہ محض
غلط اور سخت [illegible] ہے [illegible] کہ
قرآن مجید میں [illegible] جگہ حق تعالیٰ نے ذکر
فرمایا ہے کہ کفار نبیوں سے بشریت میں برابری
کا دعوے کرتے اور انبیا کو کہا کرتے تھے ما انتم
الا بشر مثلنا تو انکے جواب میں ان کی سمجھ
کے موافق انبیا بھی یہی جواب دیتے تھے
جو قرآن میں ہے۔ ان نحن الا بشر مثلکم
سو یہ نبیوں کا فرمانا بطریق تسلیم و تواضع
کے تھا۔ علی ہذا القیاس آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے بھی فرمایا کہ بطور تواضع کے
کہدو کہ میں تمہارے جیسا آدمی ہی ہوں
چنانچہ تفسیر کبیر و نیساپوری و
غیرہما میں اسی [illegible]
موجود ہے۔ تو اس کلام متواضعانہ
کو بشریت میں برابری کے نص
بیان کرنا

نصا على المساواة في البشرية والقول بان جملة
بني ادم الذين فيهم الكفار والاشرار والكناسون
وغيرهم مساوون في البشرية بسيد المرسلين
صلى الله عليه وعلى اخوانه وعترته اجمعين والحكم
على طاعن هذا القول انه طاعن القران والاحاديث
مخالف لشريعة الاسلام ودعوى المساواة
في البشرية بالانبياء عليهم الصلوة والثناء كذب
محض وافتراء بلا امتراء لقوله تعالى ان الله
اصطفى ادم ونوحا الاية وقوله تعالى الله اعلم
حيث يجعل رسالته وغيرهما كما هو مصرح في
التفسير الكبير والنيسابوري وابي السعود والبيضاوي
وغيرها فتحقق ان القائل بمساواة جميع بني ادم
في البشرية بفخر العالم صلى الله عليه وسلم مخالف
صريح بالنصوص القرانية ثم اثبات تلك المساواة
من قل انما انا بشر مثلكم يوحى الي غلط ثان لان
حصول شرف النبوة له صلى الله عليه وسلم في عالم
الارواح كما نقل صاحب المواهب اللدنية
حديثا في هذا الباب وقد صححه كثير من المحدثين
ثم اثبات الاخوة والمساوات من لفظ البشر
غلط ثالث لان الاب ايضا بشر وهو صلى الله
عليه وسلم بحكم اية وازواجه امهاتهم الاية وكذا
بحديث انا لكم مثل الوالد لولده اب للامة باعتبار
الشفقة والرحمة كما في التفسير الكبير وتفسير فتح العزيز

اور جملہ بنی آدم کے شمول میں کفار چوہڑے
چمار کو سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم
سے بشریت میں برابر کہنا اور اسپر طعن
کرنے والے کو قرآن پر طعن کرنے والا بنانا
شرع اسلام کے سراسر مخالف ہے۔ اور بشریت
میں انبیا کے ساتھ برابری کا دعوے بحکم آیت
ان اللہ اصطفی آدم ونوحا الآیۃ اور آیت
اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ الآیۃ اور ایسی کئی
آیتوں کے حکم سے محض جھوٹ ہے جسکا
ذکر تفسیر کبیر و نیساپوری و ابو السعود و بیضاوی
وغیرہا میں موجود ہے جس سے بخوبی ثابت ہے
کہ جملہ بنی آدم کو بشریت میں فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم
سے مماثل و مساوی کہنے والا صریح احکام قرآنی کے
برخلاف ہے۔ پھر قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی سے
علیحدہ کرکے نفس بشریت میں مساوات ثابت کرنی
دوسری غلطی ہے کیونکہ آپ کو تو عالم ارواح میں شرف
نبوت حاصل تھی۔ مواہب لدنیہ وغیرہ میں جامع ترمذی
سے اس بارہ میں حدیث روایت کی ہے جسکو بہت سے
محدثین نے صحیح کہا ہے۔ پھر بشر کے لفظ سے برادری اور
برابری کا اثبات تیسری غلطی ہے۔ کیونکہ بشر باپ بھی
ہوتا ہے اور آپ بحکم آیت وازواجہ امہاتہم اور بمقتضائے
حدیث انا لکم مثل الوالد لولدہ کو تمام امت کے باپ ہیں
شفقت اور رحمت میں جیسا کہ تفسیر کبیر و فتح العزیز

الی التفسیر الکبیر والنیشاپوری وغیرھا فلعلہ
انہ یعلم اسماء الکتب المبسوطۃ ولاحظ
ھذہ التفاسیر فسلمنا لکن لایفہم کلام المفسرین
لان مرادھم ان الانبیاء علیہم السلام اصطفاھم
اللہ تعالی فی کمالات التقرب عن العلمین وھذا
لاینافی مدعائنا ولاینافض بقولنا ان جملۃ بنی آدم
فی نفس البشریۃ یتشارکون ویماثلون بالانبیاء
ولابد لاثبات التناقض من الاتحادات فی وحدات
ثمانیۃ فلیلاحظ القصوری رسالۃ ایساغوجی
وغیرھا فحوالۃ التفاسیر بوجہ عدم الفہم غیر مسموع
وان صدق فی دعواہ فیعرض قولہ مفسر
واحد مطابق لمدعاہ ثم
یقول الفقیر القصوری کان اللہ لہ
قد علم من عادۃ صاحب البراھین مع الحواریین
انہ لما یعجز عن الجواب بالصواب فلا یہتدی الی
الحق بل یصر علی الضلال البعید ویجر الکلام الی غیر
مرادہ بالعضب الشدید والھذیان المزید کما
مر فی الاستدلال بآیۃ فنجعل لعنۃ اللہ علی الکذبین
انہ حمل الوعید علی امکان الکذب وادخل فیہ
الاولیاء والانبیاء علیہم الصلوۃ والثنا فکذا ھھنا
اثبت من التواضع اجبار الکذب من اللہ تعالی
وھنا افترا مروا غلظ علیہم بتذلیل الرسول البشیر
النذیر صلی اللہ علیہ وسلم القدیر وازدیاد لفظ التواضع

اور حوالہ تفسیر کبیر وغیرہ کی طرف کیا ہے۔ مولانا قصوری
بڑی بڑی کتابوں کے اپنے نام تو لکھدیئے تاکہ
کوئی جانے کہ یہہ دیکھی ہیں سلمنا مگر فہم مطلب سمجھنے کے
قابل ہو۔ ان آیات کا مضمون فقط اتنا ہے کہ کمالات
تقرب میں انبیا تمام عالم سے برگزیدہ ہیں۔ یہہ مضمون
ہمارے مدعا کے منافی نہیں کہ تمام بنی آدم نفس بشریت
میں متناقض نہیں تناقض کیلئے آٹھو وحدات ثمانیہ
میں اتحاد شرط ہو رسالہ ایساغوجی کو آپ ملاحظہ فرماویں تاکہ
حوالہ بوجہ عدم فہم مضامین تفسیر کے غیر مسموع ہے
ایک قول کسی مفسر کا صریح اپنے دعوے کے مطابق ہو
دکھاویں۔ یہہ لفظ بلفظ خلاصہ [illegible] عبارت ہے جواب
تفصیلی کی فقیر کان اللہ لہ عرض کرتا ہے کہ اور سے
صاحب براہین اور انکے حواریین کی عادت معلوم ہو چکی ہے
کہ جب انسے کچھہ جواب نہیں بن پڑتا تو یہہ حق کیطرف [illegible]
نہیں ہوتی بلکہ سخت گمراہی پر [illegible] فرط غضب
کلام کو کہیں سے کہیں کھینچ لیجاتے ہیں جیسا کہ
کے استدلال آیت فنجعل لعنۃ اللہ علی الکذبین میں
وعید کو امکان کذب پر لگاکر انبیا علیہم السلام و اولیا
علیہم الاکرام کو بھی اسمیں داخل کردیا تھا ویسا ہی یہاں
کے لفظ سے اللہ تعالی کا جھوٹ پر مجبور کرنا اور آنحضرت
واغلظ علیہم کی مخالفت اور سرور عالم
صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین اور زیادتی
لفظ تواضع کو

لایمکن التسلیم من الفقیر وغیرھا من الھفوات
والھذیانات التی اسود المکذبون فی الجواب
التفصیلی کتاب اعمالھم فھا انا اثبت ما ادعیت
من کلام المفسرین والمحدثین وبہ تعالی استعین
قال الفخر الرازی امام علماء الکلام فی التفسیر الکبیر
اعلم انہ تعالی لما بین کمال کلام اللہ تعالی امر
محمدا صلی اللہ علیہ وسلم بان یسلک طریقۃ التواضع
فقال قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی ای لا امتیاز
بینی وبینکم فی شیء من الصفات الا ان اللہ
تعالی اوحی الی انہ لا الہ الا اللہ الواحد الصمد
انتہی وھکذا فی التفسیر النیسابوری وقال فی
تفسیر الخازن تحت قل انما انا بشر مثلکم قال
ابن عباس رضی اللہ عنہما علم اللہ تعالی رسولہ
محمدا صلی اللہ علیہ وسلم التواضع لئلا یزھی
علی خلقہ فامرہ ان یقر فیقول انا آدمی مثلکم
الا انی خصصت بالوحی الخ وھکذا فی المعالم
ووقع فی حدیث المشکوۃ انہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال فی جواب اصحابہ لما ارادوا ان یسجدوا لہ
علیہ السلام بعد رؤیتہ سجدۃ الابل لہ صلی اللہ
علیہ وسلم (اعبدوا ربکم واکرموا اخاکم) فقد قال
المحدث الدہلوی فی ترجمۃ یرید تفسیر الکریم
تواضعا وتنبیہا علی انہ بشر مثلھم فی عدم جواز
السجدۃ والعبادۃ لہ انتہی وقال فی مجمع بحار الا[نوار]

فقیر حقیر کی تباوث و دیگر زبان درازی سے
جواب تفصیلی میں نامہ اعمال سیاہ کیا ہے۔ سو اب
فقیر بعون قدیر مفسرین اور محدثین کی تصریح
سے اپنا مدعا ثابت کر دکھاتا ہے۔ امام رازی
کی عبارت تفسیر کبیر کا ترجمہ یہہ ہے جان لو کہ
حقتعالے نے جب اپنی کلام پاک کا کمال بیان
فرمایا تو اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو امر کیا کہ
تواضع کا رستہ چلیں پس کہا کہدو کہ میں تمہاری
جیسا آدمی ہی ہوں۔ میری طرف وحی آئی ہے
یعنی مابین ہمارے تمہارے کسی صفت میں
فرق نہیں مگر حقتعالی نے میری طرف پیام بھیجا ہے کہ وہی
معبود حق یگانہ بے نیاز ہے اھ اور ایسا ہی تفسیر نیشاپوری
میں مذکور ہے اور تفسیر خازن میں اسی آیت کے نیچے لکھا ہے
کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ہے کہ اللہ تعالی نے
اپنے رسول مقبول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تواضع کی تعلیم
کی تاکہ لوگوں پر فخر نہ کریں۔ پس امر کیا کہ اقرار کریں کہ
میں آدمی تمہارے جیسا ہوں۔ مگر پیام الہی سے مخصوص
ہوں الخ اور ایسا ہی معالم التنزیل میں ہے۔ اور یہہ جو
حدیث مشکوۃ میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے اپنے اصحاب کے جواب میں جب انہوں نے اونٹ کو
دیکھا کہ اسنے آپکو سجدہ کیا ہے تو ہم بھی آپکو سجدہ کریں
فرمایا کہ اپنے رب کی عبادت کرو اور اپنے بھائی کی تعظیم کرو
محدث دہلوی اسکی شرح میں لکھتے ہیں کہ اپنے بھائی سے اپنی ذات

[illegible]

واکرموا اخاکم اراد نفسه صلی الله علیه وسلم
هضمًا للنفس ای اکرموا من هو بشر مثلکم
لما اکرمه الله تعالی بالوحی انتهی وان قطعنا
النظر عن هذه التصریحات ایضًا فلفظ مثلکم
ینادی باعلی نداء انه محمول علی التواضع لا علی
الحقیقة لان المثل ما یماثل الشئ فی جمیع الصفات
کما فسره الامام ای لا امتیاز بینی وبینکم فی شئ
من الصفات ولاشک فی ان احدًا من المقبولین
لا یساوی به صلی الله علیه وسلم فی جمیع الصفات کما
حقق فی موضعه فتحقق ان آیة قل انما انا بشر
مثلکم محمول علی التواضع بدلالة القرآن المبین
وصراحة المفسرین والمحدثین ولیس لفظ التواضع
من تصنع هذا الفقیر کما زعم صاحب البراهین
مع الحواریین یا حسرتًا علی هؤلاء القوم ویا
اسفی علی جهلهم المرکب لا ینظرون الی تصریحات
الکتب الدینیة فضلًا عن التامل فیها نعوذ
بالله تعالی من هذه النفسانیة والرعونة والحاصل
ان المطاعن التی زعموها فی الحمل علی التواضع
فی حق هذا الفقیر المسکین رجعت جمیعها
الی الفرقان والمفسرین والمحدثین اعاذنا الله
المعین من الحور بعد الکور لما فرغنا من اثبات دعوی
الاولی التی طلب فیها المکذبون قول مفسر واحد
بالتصریح ونقلنا اقوالًا اربعًا من المفسرین واثنین

کہ آپنے اس لفظ بہائی سے اپنے آپ کو مراد رکھا ہے کسر نفسی
یعنی تواضع کے رو سے اہ اگر ان تصریحات سے قطع نظر
کریں تاہم لفظ مثل کا آواز بلند سے پکار رہا ہے کہ یہ تواضع
پر محمول ہے نہ حقیقت پر کیونکہ حقیقۃً مثل تو تمام ہر سب
صفتوں میں مانند کا جیسا کہ امام رازی نے مثل کی
تفسیر کی ہے کہ ہماری تمہارے درمیان کسی صفت
میں امتیاز نہیں اور اسمیں شک نہیں کہ کوئی خدا
کے مقبولوں سے آپکی صفتوں میں آپکے برابر نہیں
ہے جیسا کہ اپنے مقام پر محقق ہوچکا ہے پس ثابت ہوا کہ
آیت قل انما انا بشر مثلکم قرآن مجید کی دلالت اور مفسرین
و محدثین کی صراحت سے تواضع پر ہی محمول ہے اور
لفظ تواضع کا فقیر نے اپنی طرف سے ہرگز نہیں لکھا کہ تیز
کا خام خیال ہے صاحب براہین اور اسکے حواریین کے جہل
مرکب پر سخت افسوس ہے کہ دینی کتابوں کی صریح باتوں پر نظر
نہیں کرتے غور سے سمجھنا تو کجا ہے خدا ہمکو اس نفسانیت
اور رعونت سے پناہ بخشے الغرض اس آیت کو تواضع پر
حمل کرنے سے جو طعن مکذبین نے فقیر پر کئے تھے
وہ قرآن مبین اور مفسرین و محدثین پر عائد ہوگئے
سو زبان بریدہ بکنج نشستہ صم و بکم · به از کسیکه زبانش نباشد
اندر حکم · پہلے دعوی کے اثبات میں جو مکذبین نے لکھا تھا
کہ (ایک قول کسی مفسر کا صریح اپنے دعوی کی مطابق
ہمکو دکھا دیں) فقیر نے صاف
صاف چار قول مفسرین کے اور دو قول محدثین کے

من المحدثین مصرحة بلفظ التواضع وایضًا
تحققت بدلالة القرآن منقولة واما اثبات الدعوی
الثانیة فقد قال فی التفسیر الکبیر تحت آیة ان الله
اصطفی آدم ونوحًا الآیة والثانی ان یکون
المعنی ان الله اصطفی ای صفاهم من الصفات
الذمیمة وزینهم بالخصال الحمیدة وهذا القول اولی
بوجهین احدهما انا لا نحتاج فیه الی الاضمار
والثانی انه موافق بقوله تعالی الله اعلم حیث
یجعل رسالته وذکر الحلیمی فی المنهاج ان الانبیاء
علیهم السلام لابد وان یکونوا مخالفین لغیرهم
فی القوی الجسمانیة والروحانیة الخ ثم قال واعلم
ان تمام الکلام فی هذا الباب ان النفس القدسیة
النبویة مخالفة بماهیتها لسائر النفوس الخ وقال
المفتی ابوالسعود فی تفسیره تحت هذه الآیة
والاصطفاء اخذ ما صفی من الشئ کالاستصفاء
مثل به اختیاره ایاهم بالنفوس القدسیة وما
یلیق بها من الملکات الروحانیة والکمالات الجسمانیة
المرسالة فی نفس المصطفی کما فی کافة الرسل
علیهم الصلوة والسلام انتهی وایضًا فی التفسیر الکبیر
تحت آیة ولکن الله یمن علی من یشاء من عباده و
اعلم ان هذا المقام فیه بحث شریف دقیق
هو ان جماعة من حکماء الاسلام قالوا ان الانسان
الملکی فی نفسه وبدنه مخصوصًا بخواص شریفة

کے اور دلالت قرآن مجید پیش کر دی تو اب دوسرے دعوی
کا ثبوت لیجیے کہ تفسیر کبیر میں آیت ان الله اصطفی آدم
و نوحًا الآیة کے نیچے لکھتے ہیں۔ دوسری وجہ یہ
آیت کی یہ ہے کہ الله تعالی نے انبیا کو صفات ناشائستہ
سے پاک اور خصال حمیدہ سے زینت ناک کیا ہے۔
اور یہ معنی دو وجہ سے بہتر ہیں ایک یہ کہ اسمیں کسی لفظ کو
پوشیدہ کرنیکی حاجت نہیں پڑتی۔ دوسری یہ کہ آیت
آیت الله اعلم حیث یجعل رسالته کے موافق ہے۔ امام
حلیمی نے منہاج میں ذکر کیا ہے کہ نبیوں کا دوسروں کو قوتیں
قوی جسمانیہ و روحانیہ میں مخالف ہونا ضروری ہے
الخ پھر تفسیر کبیر میں ہے کہ پوری کلام اس بارہ میں یہ ہے
کہ نفس قدسی نبوی اپنی ماہیت میں سب نفسوں سے
مخالف ہے الخ اور مفتی الثقلین ابوالسعود اپنی تفسیر
میں اس آیت کے نیچے لکھتے ہیں کہ اصطفا نام ہے کسی چیز
سے عمدہ حصہ لینے کا الله تعالی نے نبیوں کو پاک نفسوں
اور انکے لائق ملکات روحانیہ اور کمالات جسمانیہ
سے برگزیدہ کرنے کو بیان فرمایا ہے کہ انکے پاک نفسوں میں
یہ باتیں حاصل ہیں ان سب پر درود اور سلام ہو اہ
اور یہ بھی تفسیر کبیر میں آیت ولکن الله یمن علی من یشاء
من عباده کے نیچے لکھا ہے جان لو کہ اسجگہ عمدہ باریک
گفتگو ہے کہ ایک جماعت حکما اہل اسلام
نے فرمایا ہے کہ آدمی جبتک اپنی ذات اور
بدن میں بزرگ پاک علوی خواص سے مخصوص نہو

علویۃ قدسیۃ فانہ یمتنع عقلاً حصول صفۃ
النبوۃ لہم واما الظاہریون من اہل السنۃ و
الجماعۃ فقد زعموا ان حصول النبوۃ عطیۃ
من اللہ تعالیٰ یہبہا الکامل من یشاء من عبادہ ولا
یتوقف حصولہا علی امتیاز ذلک الانسان عن
سائر الناس بمزید اشراق نفسانی وقوۃ قدسیۃ
وہولاء تمسکوا بہذہ الآیۃ فانہ تعالیٰ بین ان
حصول النبوۃ لیس الا بمحض المنۃ من اللہ تعالیٰ
والعطیۃ منہ والکلام فی ہذا الباب غامض
غائص دقیق والاولون اجابوا عنہ بانہم لم
یذکروا فضائلہم النفسانیۃ والجسمانیۃ تواضعاً
منہم واقتصروا علی قولہم ولکن اللہ یمن علی من
یشاء من عبادہ بالنبوۃ لانہ قد علم انہ تعالیٰ لا
یخصہم بتلک الکرامات الا وہم موصوفون
بالفضائل التی لاجلہا استوجبوا ذلک التخصیص
کما قال اللہ تعالیٰ اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ
انتہی وقول الامام بعد بیان تمسک الظاہریۃ
بالآیۃ ولکن اللہ یمن علی من یشاء من عبادہ والکلام
فی ہذا الباب غامض غائص دقیق انتہی تنبیہ
علی ابطال زعمہم بان اضافۃ العباد الی الضمیر
الراجع الیہ تعالیٰ یعنی خصوصیۃ اولئک العباد
ولکن اللہ یمن علی من یشاء من العباد المخصوصین
لصاحب تفسیر فتح العزیز قبل شروع سورۃ نوح

تب تک عقل کے نزدیک اسکو صفت نبوت کا
حاصل ہونا محال ہے اور ظاہریہ اہلسنت کا زعم
ہے کہ نبوت کا حاصل ہونا خدا تعالیٰ کیطرف سے
بخشش ہے جسکو چاہے اپنے بندوں سے دیدیتا ہے
اور اسکے حاصل ہونے میں اسکا امتیاز سب آدمیوں سے
زیادتی نور نفسانی اور پاک قوت پر موقوف نہیں
ہے اور اس فرقہ ظاہریہ نے اس آیت سے تمسک کیا ہے کہ اللہ
تعالیٰ فرماتا ہے کہ نبوت کا حاصل ہونا محض احسان الٰہی
اور اسکی بخشش سے ہے۔ اور اس بارہ میں کلام غور طلب اور
باریک ہے اور پہلے فرقہ حکماء اہلسنت نے یہ جواب دیا ہے
کہ انبیا نے تواضع کے رو سے اپنی نفسانی اور جسدانی
فضیلتیں بیان نہیں کیں اور اسی پر کوتاہی فرمائی
کہ ولیکن خدا احسان کرتا ہے جسپر چاہتا ہے۔ اپنے
بندوں سے نبوت دینے میں کیونکہ یہ معلوم ہو چکا تھا کہ
حقتعالیٰ انکو نبوت و رسالت سے تب ہی مخصوص کرتا ہے
جبکہ وہ ایسے فضائل سے موصوف ہوتے ہیں کہ جس سے وہ
اس خصوصیت کے ہو جاتے ہیں جیسا قرآن میں فرمان ہے کہ اللہ بہتر
جانتا ہے جہاں رکھے اپنی پیغمبری کو۔ یہ تفسیر کبیر کی عبارت
کا ترجمہ ہے اور امام رازی نے جو یہ بیان تمسک
ظاہریہ کا آیت ولکن اللہ الآیۃ سے یہ کہا ہے کہ کلام اس
بارہ میں غور طلب باریک ہے اسمیں تنبیہ ہے ظاہریہ کے زعم کی
ابطال پر یعنی کہ اس آیت میں جو عباد کی اضافت ہے
تعالیٰ کیطرف ہے وہ ان بندوں کی خصوصیت پر خبر دار ہے

[illegible]

چون حضرت حقتعالیٰ کسی را از بندگان خاص خود برای
دعوت خلق بسوی حق مبعوث فرماید الخ وقال النیسا
بوری تحت آیۃ اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ قال
بعض العقلاء ان الارواح متساویۃ فی تمام الماہیۃ
فحصول النبوۃ للبعض دون البعض منۃ من
اللہ تعالیٰ وقال الآخرون انہا لا تتساوی فی تمام
الماہیۃ بل النفوس مختلفۃ فی الجواہر والماہیۃ
فبعضہا خیرۃ من العلائق الجسمانیۃ طاہرۃ
فی مشرقۃ بالانوار الالٰہیۃ ذی القدرۃ والتاثیر
وبعضہا خبیثۃ مکدرۃ منہمکۃ فی اللذات
الجسمانیۃ فما لم تکن النفس من القسم الاول لا
تستعد لقبول الوحی والرسالۃ فلہذا اختلفت
مراتب الرسل وفی الآیۃ دلالۃ علی انہ لا بد لحصول
منصب النبوۃ والرسالۃ ان یکون القلب سلیما
ولا یجوز عند العقل ان یحصل ذلک المنصب
للماکرین والحاسدین لان ہولاء یحصل لہم
المراتب علی حسب اخلاقہم واحوالہم کما قال تعالیٰ
سیصیب الذین اجرموا صغار عند اللہ وعذاب
شدید بما کانوا یمکرون انتہی مضمون التفسیر
النیسابوری وہکذا فی التفاسیر المعتبرۃ ولنا
تبصرۃ کلام بعضہم قولہ تعالیٰ واذا جاءتہم آیۃ
قالوا لن نؤمن حتی نؤتی مثل ما اوتی رسل اللہ
یعنی کفار قریش روی ان ابا جہل قال زاحمنا بنی عبد مناف

کہ جب حضرت باریتعالیٰ کسیکو اپنے خاص بندوں سے پیغمبری
کیواسطے بہیجتا ہے الخ اور تفسیر نیساپوری میں
آیت اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ کے نیچے لکھا ہے کہ بعضے
علماء نے کہا ہے کہ سب ارواح اپنی ماہیت میں برابر
ہیں بعضوں کو نبوت ملنی سوا بعضوں کو خدا کا احسان
ہے اور دوسرے علماء نے کہا ہے کہ سب روح تمام ماہیت
میں برابر نہیں ہیں بلکہ جواہر اور ماہیتوں میں مختلف
ہیں سو ان میں بعضے نیک اور علائق جسمانی سے پاک ہیں انوار
الٰہی سے مشرف صاحب قدر اور تاثیر ہیں اور بعضے
ناپاک مکدر ہیں جسمانی لذتوں میں ڈوبی ہوئی۔ پس جبتک
کوئی نفس پہلے قسم سے نہو تب تک قبول وحی اور رسالت
کا مستعد نہیں ہوتا ہے۔ اسلیئے رسولوں کے مرتبے بہی
مختلف ہوتے ہیں اور اس آیت میں اشارہ ہے کہ منصب
نبوت و رسالت کے حاصل ہونیکے لیئے ضرور ہے کہ دل سلیم ہو
اور عقل کے نزدیک ناروا ہے کہ یہ منصب مکاروں اور
حاسدوں کو حاصل ہو جاوے کیونکہ ایسے لوگوں کو انکے اخلاق
اور حالات کے موافق مرتبے ملتے ہیں جیسا کہ حقتعالیٰ نے فرمایا
ہے البتہ پہونچیگی گناہگاروں کو ذلت اللہ کے ہاں اور
عذاب سخت۔ یہ تفسیر نیساپوری کے مضمون کا ترجمہ ہوا اور
دوسری تفسیروں میں بہی ایسا ہی ہے۔ منقول ہوتا ہے
منقول ہوتا ہے خدا تعالیٰ نے فرمایا اور جب آتی ہے
انکو کوئی آیت کہتے ہیں ہم ہرگز نہیں مانینگے جبتک ہم بہی
جاوے جو سو نبیوں کو دیا گیا ہے۔ یعنی کفار قریش روایت ہے

[illegible]

في الشرف حتى اذا اصرنا كفر بهي برهان قالوا
منا بني يوحى اليه والله لا نرضى به الآن يأتينا
وحي كما يأتيه فنزلت الله اعلم حيث يجعل رسالته
استيناف للرد عليهم بان النبوة ليست بالنسب
والمال وانما هي بفضائل نفسانية يخص الله تعالى
بها من يشاء من عباده فيجتبي لرسالته من علم انه
يصلح لها وهو اعلم بالمكان الذي يضعها فيه انتهى
بلفظ البيضاوي وهكذا في المدارك والخازن
والكبير وغيرهما وقال في حاشية شهاب على البيضاوي
بعد تحقيق المراد لان عادته تعالى ان يبعث من
كل قوم اشرفهم واظهرهم جبلة انتهى. وقول الظاهرية
مردود لا يعبأ به لمخالفة هذه الآية والحال ان
دليلهم سيظهر مدلولهم كما مر وقال شاه ولي الله رحمه الله
في وصايا رسالة القول الجميل بوجوب الاجتناب
عن مصاحبة الظاهرية بعينه لانهم بالاخذ على
ظاهر القرآن والحديث وعدم التامل في
معناهما المراد يخالفون اذكياء الامة يضلون و
يضلون وهذا قول الظاهرية يشابه قول الكفار
في ان جملة بني ادم يماثلون في تمام الماهية كما قال
الامام الرازي تحت آية ان انتم الا بشر مثلنا
واعلم ان هذا الكلام مشتمل على ثلثة انواع
من الشبهة فالشبهة الاولى ان الاشخاص
الانسانية متساوية في تمام الماهية فيمتنع

[illegible]

شرافت میں برابر ہیں دو شرطیہ گھوڑوں کی طرح انہوں نے کہا
ہم سے پیغمبر ہو اسکی طرف وحی ہوتی ہے بخدا ہم راضی
نہونگے جبتک ہماری طرف وحی نہو جیسا کہ پیغمبر کو ہوتی ہے
تب یہ آیت اتری کہ خدا بہتر جانتا ہے جہاں رکھے اپنے
پیغام کو یہ علحدہ کلام انکے رد کو ہے کہ نبوت نسب اور
مال سے نہیں ہوتی وہ تو صرف ذاتی فضیلتوں سے
ملتی ہے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جسکو چاہتا ہے خاص
کرتا ہے پس اپنی رسالت کیواسطے اختیار کرتا ہے جسکو
اسکے لائق جانتا ہے اور خدا بہتر جانتا ہے اس مکان کو
جسمیں پیغمبری رکھتا ہے یہ بیضاوی کی عبارت کا
ترجمہ ہے اور مدارک و خازن و غیرہما میں بھی ایسا
ہی لکھا ہے اور بیضاوی کی حاشیہ شہاب میں اس سب
تحقیق کے بعد لکھا ہے کہ حقتعالیٰ کی عادت ہے کہ ہر قوم سے
بزرگتر اور جبلی پاکتر کو رسول بناتا ہے اور ظاہریہ کا قول
مردود ہے اس آیت کی مخالفت کیواسطے اور اوپر مذکور
ہوا ہے کہ انکی دلیل ہی انکے دعوے کو باطل کر رہی ہے
اور شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے رسالہ قول الجمیل کی وصایا میں لکھا ہے
کہ فرقہ ظاہریہ کی صحبت سے بچنا واجب ہے اسلئے کہ وہ ظاہر
قرآن و حدیث پر اخذ کرکے اسکے معنے مرادی میں غور نہیں کرتے
تھے امت کے برخلاف جاتے ہیں خود بھی گمراہ ہوکر لوگوں
کو گمراہ بناتے ہیں اور یہ قول ظاہریہ کا کفار کے قول کی مانند ہے
کہ تمام بنی آدم تمام ماہیت میں مشابہ ہیں جیسا کہ امام
رازی نے آیت ان انتم الا بشر مثلنا کے نیچے لکھا ہے جان لو کہ یہ کلام تین قسم شبہوں پر [illegible]

بلغ التفاوت بين تلك الاشخاص الى هذا الحد وهو ان يكون الواحد
منهم رسولا من عند الله مطلعا على الغيب مخالطا لزمرة الملائكة والباقون
يكونون غافلين عن كل هذه الاحوال ايضا يقولون ان كنت تفارقنا في هذه
الاحوال العالية الالهية الشريفة وجب ان تفارقنا
في الاحوال الخسيسة وهي الحاجة الى الاكل و
الشرب والحدث والوقاع وهذه الشبهة هي
المراد من قولهم ان انتم الا بشر مثلنا انتهى بقدر
الحاجة فتبين من هذه التصريحات من المفسرين
والمحدثين ان الكفار كانوا يدعون مساواتهم
في تمام الماهية اي البشرية بالانبياء والحال
ان الانبياء عليهم السلام بجبلتهم وبشريتهم مخالفون
بالكفار والجواب المحكي منهم ان نحن الا بشر مثلكم
ولكن الامر لحبيبه صلى الله عليه وسلم قل انما انا بشر
مثلكم مبني على التواضع والتسليم وبيان الفرق
بينهما من بدع المكذبين والحمد لله رب العالمين
بقي زعمهم بان تواضعه صلى الله عليه وسلم بالكفار
مخالف لقوله تعالى واغلظ عليهم فالجواب انه غفلة عن
الامتياز في الاحكام المكية والمدنية وغفلة عن
السيرة النبوية وذهول عن قوله تعالى لا ينهاكم الله
عن الذين لم يقاتلوكم في الدين ولم يخرجوكم من
دياركم ان تبروهم وتقسطوا اليهم ان الله يحب
المقسطين وقوله تعالى فبما رحمة من الله لنت
لهم ولو كنت فظا غليظ القلب لانفضوا من حولك

[illegible]

اور منعم ہے کہ یہانتک فرق ہو پہنچے کہ ایک تو انمیں خدا کیطرف سے
رسول ہو غیب پر اطلاع پانیوالا فرشتوں سے ملنے والا
اور باقی لوگ ان حالات سے غافل ہوں اور یہ بھی
انکا قول ہے کہ اگر رسول ان حالات عالی مولائی میں
ہم سے مفارق ہے تو ضروری ہے کہ احوال خسیسہ یعنی کھانا پینا
جماع وغیرہ میں بھی ہم سے جدا ہو جاوے اور یہی شبہ آیت
ان انتم الا بشر مثلنا سے انکی مراد تھی - یہ ترجمہ ہے عبارت
تفسیر کبیر کا بقدر حاجت کے - اب ان مفسرین اور
محدثین کی تصریحوں سے بخوبی ظاہر ہو گیا کہ کافر اپنی
برابری کا نبیوں سے تمام ماہیت یعنی بشریت میں دعوی
کرتے تھے اور دراصل حضرات انبیا علیہم السلام اپنی
جبلت اور بشریت میں کفار سے مخالف ہیں اور یہ انکا
جواب کہ ہم تمہارے جیسے بندے ہیں اور ایسا ہی آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد ہوا کہ کہدو میں تمہارے جیسا آدمی
ہی ہوں تواضع اور تسلیم پر بنیاد رکھتا ہے اور تواضع و تسلیم
میں فرق بیان کرنا مکذبین کی من گھڑت بات ہے رہا یہ
خام خیال مکذبین کا کہ آپکی تواضع کرنی آیت واغلظ علیہم
کے مخالف ہے تو اسکا جواب یہ ہے کہ ان لوگوں کو مکی اور
مدنی حکموں میں تمیز نہیں ہے اور سیرت و اخلاق نبویہ سے بھی غفلت
ہے اور اس آیت سے کہ منع نہیں کرتا تمکو اللہ ان لوگوں سے جو
تم سے دین میں نہیں لڑتے اور تمہارے گھر سے تمکو نہیں
نکالتے - کہ تم ان سے نیکی کرو اور انصاف کرو اللہ انصاف
کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے - اور نیز آیت کہ بس خدا کی رحمت

الآية وغيرهما من الآيات قال صاحب البراهين
مع الحواريين قوله ثم اثبات تلك المساوات
من قل انما انا بشر الخ حاصل اعتراض القصوري
انه صلى الله عليه وسلم كان نبيا في عالم الارواح
قبل خلق ادم نشون كالانتهاء حصل بانزال
الوحي بل ما كان مماثلا بجميع البشر من الابتداء
فاثبات المماثلة من انما انا بشر والامتياز من
يوحى الي غلط فالجواب انا نقطع النظر من ان
حصول النبوة في عالم الارواح بل نقول بالوحي
في ذلك العالم فادينا في المماثلة التي هي منطوقها
الاية يعني انما انا بشر مثلكم نص صريح في اثبات
المماثلة في البشرية ويوحى الي يشير الى مدارج
القرب وشرف الكمالات كما امن اهل الايمان
على كل واحد منهما لكن ثبت اما ستره وفضيلته
نزول الوحي عند الكفار الجاهلين من حقائق
النبوة وكمالات الحقيقة والمنكرين لهما يقول
الفقير كان الله له قد تقدم ان قوله تعالى قل
انما انا بشر مثلكم الاية ليس نصا في اثبات المماثلة
بل صدر على طريق التواضع والتسليم كما امن
اهل الايمان واثبت المماثلة الكفار وبعض الطائفة
من المسلمين الذين لا يتدبرون في القرآن المبين
وينطق على ابطال زعمهم الله اعلم حيث يجعل
رسالته فلا اعتداد لقولهم عند اهل الايقان قال

اور علی ہذا ایسی آیتوں سے یہ لوگ غافل و ذاہل ہیں جواب
تفصیلی میں ہے قولہ پھر آیت انما انا بشر کو یوحی الی سے
علیحدہ کرنا الخ حاصل اعتراض قصوری صاحب کا یہ ہے کہ آپ
عالم ارواح میں قبل از پیدائش آدم شرف نبوت حاصل
تھی۔ انزال وحی کو زمانہ سے آپ ممتاز و برگزیدہ نہیں ہوئے
بلکہ پہلے ہی مماثل جمیع بشر نہیں تھے۔ انما انا بشر سے مماثلت
ثابت کرنا غلط ہے۔ الجواب آپکی نبوت عالم ارواح میں
کیا اگر وحی بھی اسی عالم میں ہوتی تب بھی مماثلت فی البشریت
کی جو منطوق آیت ہے منافی نہیں انما انا بشر مثلکم نص
صریح مماثلت فی البشریت ہے اور یوحی الی سے مدارج
قرب و کمال کیطرف اشارہ ہے چنانچہ اہل ایمان کا ہر دو
پر ایمان ہے۔ اور کفار کو سامنے ظاہری نزول وحی
کی وجہ سے اپنی شانی اور منتہی ہونیکو ثابت کر دیا تھا کہ
وہ منکر تھے لہذا فقیر کان اللہ کہتا ہے کہ اوپر محقق ہو چکا
ہے کہ آیت قل انما انا بشر الآیۃ اثبات مماثلت میں نص
نہیں بلکہ تواضع اور تسلیم کے طور پر صادر ہوئی ہے
جیسا کہ اہل ایمان کا اس پر ایقان ہے
کفار نے اور ظاہر بین نے جنکو
قرآن میں غور کرنی نصیب نہیں مماثلت
ثابت کی ہے۔ جن کے زعم کو آیت
اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ باطل
کرتی ہے۔ تو اہل یقین کے
نزدیک ان کی بات غیر معتبر ہے۔

الجواب التفصيلي قوله ثم اثبات الاخوة والمماثلة
بلفظ البشر غلط ثالث لان الاب ايضا بشر الجواب
الجواب اثبت صاحب البراهين من انما انا
بشر مثلكم المماثلة في البشرية واثبت من حديث
ثبت انا قد راينا اخواننا الاخوة ويؤيده
انما المؤمنون اخوة وايضا لما آخى صلى الله عليه
وسلم بين الاصحاب قال لعلي رضي الله انت اخي
في الدنيا والآخرة وقال لعمر رضي الله عنه يا اخي
لا تنساني في دعائك وقال ابراهيم على نبينا وعليه السلام
لسارة اختي فلا شك في انه عليه السلام وان كان
كالوالد للامة باعتبار الشفقة والرحمة كما في
حديث انا لكم مثل الوالد لولده جاز لنا ان نقول
الدنيا لكن استعمل لفظ الاخ ايضا بوجه
شركة بني ادم او الشركة في الاسلام فكونه
عليه السلام والد الامة باعتبار الاول لا ينافي
في لفظ الاخ باعتبار الثاني لا غلط فيه
نعم لا يستطيع المعترض لقصور فهمه وقلة استعداده
التطبيق بين المضامين واطلاق الالفاظ
مثله عليه السلام بنفسه بالوالد في الحديث
والحال انه لا مماثلة بين شفقته ورحمته
عليه السلام وبين شفقة من الاب بالالف
فعلى تقرير المعترض هذا الحديث ايضا
يرد هذا السوال ان المماثلة لا تقتضي المساواة

اختصار
فائدہ

جواب تفصیلی میں ہے۔ قولہ پھر بشر کے لفظ
سے برادری اور برابری کا اثبات تیسری غلطی
ہے کیونکہ بشر باپ بھی ہوتا ہے الخ الجواب مولف
براہین نے انما انا بشر مثلکم سے مماثلت بشریت میں
اور حدیث وددت انا قد راینا اخواننا الحدیث سے برادری ثابت
کی ہے۔ اور مؤید اسکی آیت انما المؤمنون اخوۃ ہے اور
نیز جب آپ نے فیما بین اصحاب کے مواخات فرمائی تھی جناب
مرتضے رضی اللہ عنہ کو اپنا بھائی بنایا اور حضرت عمر
رضی اللہ عنہ کو فرمایا بھائی ہمکو اپنی دعا میں شریک کر
اور نیز حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ السلام نے حضرت
سارہ کو اپنی بہن فرمایا بیشک آپ بمقتضائے حدیث
انا لکم مثل الوالد لولدہ باعتبار شفقت و رحمت کے مثل
پدر کی بلکہ پدر سے بھی بدرجہا زیادہ ہیں اگر آپکو ہم والد
کہیں روا ہے۔ مگر بنی آدم کیواسطے بوجہ شرکت ولادت
آدم ہونیکے یا شرکت اسلام کے بھائی کا لفظ بھی استعمال
فرمایا ہے پس ایک اعتبار سے آپکا مثل الوالد ہونا دوسرے اعتبار سے اطلاق
لفظ بھائی کو منافی نہیں ہے نہ اسمیں کچھ غلطی ہے۔ البتہ معترض
کی فہم کا قصور ہے کمی استعداد سے مضامین اور اطلاق الفاظ میں
تطبیق دینے سے عاجز ہے ف حدیث انا لکم مثل الوالد میں جو
اپنے آپ کو مثل والد فرمایا حالانکہ آپکی شفقت و رحمت
اور باپ کی شفقت و رحمت میں کچھ مماثلت نہیں
ہے آپکی شفقت و رحمت ہزارہا درجہ باپ سے زیادہ ہے تو
معترض کی تقریر کے موافق آنحضرت کا اپنے آپ کو والد کہنا

[illegible]

من كل الوجوه بين المشبه والمشبه به بل يكفي في
وجه الشبه نفس الشركة كما في هذا الحديث المماثلة
باعتبار نفس الشفقة والرحمة لا باعتبار مراتبها
فان قال مسلم لمصلحة دينية بمثليته عليه السلام
في امر مشترك بين الانبياء والاولياء والعوام
فلا يناسب الطعن عليه فانه ينفعك في المواضع
الكثيرة بقول الفقير كان الله له كما تقدم ان المماثلة
في الآية محمولة على التواضع كذلك سبق ان الاخوة
في الحديث ايضا محمولة على التواضع عند العلماء
الربانيين من المفسرين والمحدثين وادخال النبي
صلى الله عليه وسلم الذي هو المؤمن به في انما المؤمنون
هذيان وجنون واطلاق لفظ الاخ على سيد
اولي الالباب لبعض اقاربه من الاصحاب وان كان
صحيحا من جهة النسب لكن ما قال بسنده احد
من خواص الصحابة في محادثتهم ومحاورتهم لرسول الله
صلى الله عليه وسلم يا اخي مع كونهم اخوته عليه السلام
في النسب والمقام رعاية لوجوب تكريمه ومراعاة
للزوم تعظيمه بل نادوه بمثل يا رسول الله وبابي انت
وامي كما هو ليس بمستتر على واقف علم السير
فالاستدلال من تلك المقالات المتواضعية و
الواقعية على اطلاق لفظ الاخ والمماثلة لسيد المرسلين صلى الله عليه وسلم
من هؤلاء المكذبين ليس الا التوهين عند العلماء
الراسخين الا ترى ان المولى او الملك اذا قال بحسن خلقه

کر مشبہ اور مشبہ بہ کو باہم مماثلت میں مساوات ہر کل
الوجوہ ہو بلکہ وجہ شبہ نفس شرکت کافی ہے جیسے کہ اس حدیث
میں نفس شفقت و رحمت میں مماثلت ہے مراتب شفقت و
رحمت میں مماثلت نہیں پس اگر کسی مسلم کے بیان میں
کسی امر مشترک انبیا و اولیا و عوام میں کسی مصلحت دینی
کی وجہ سے لفظ مثل کا نکل گیا۔ تو اسپر طعن بیجا ہے
اس فائدہ کو سمجھ لے بہت جگہ تجھکو نفع دیگا۔ انتہی بلفظہ فقیر
کان اللہ لہ کہتا ہے اور یہ گذرا ہے کہ آیت میں مماثلت تواضع
پر محمول ہے اور نیز حدیث میں لفظ بھائی کا تواضع کے
روسے ہے جسکی سند مفسرین اور محدثین کی معتبر کتابوں
سے لکھی گئی ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو مومن بہ
ہیں انکو مومنوں میں داخل کرنا ہذیان اور جنون ہے
اور آپنے جو بعض اقارب اصحاب کو بھائی فرمایا تو
یہہ ہر چند باعتبار نسب کے صحیح تھا لیکن کسی نے
بھی خواص صحابہ سے باوجودیکہ وہ آپ کی نسب میں
بھائی تھے آپ کو کبھی بھی بھائی کے لفظ سے نہیں پکارا
آپکی تعظیم اور تکریم واجب و لازم گنکر کسی نے
سے بلکہ آپ کو یا رسول اللہ آپ پر ہمارے ماں باپ قربان
ہوں ایسے لفظوں سے خطاب کرتے تھے جیسا
کہ علماء دین پر یہہ امر پوشیدہ نہیں ہے۔ پس
ان الفاظ متواضعانہ اور واقعیہ کی دلیل سے
انکے مکذبین کا آپ کو برادر اور برابر بتانا توہین نہیں
تو اور کیا ہے۔ غور کرو کہ کوئی مالک یا بادشاہ اگر

لاحد من عبيده او خدامه انت اخي فهل يجوز في
مقابلته ان يدعي ذلك العبد او الخادم المساواة
والاخوة بهما وينادي به يا اخي في المحادثة و
يكتبه في المكتوب ويشتهره بالانطباع في الكتاب
كلا انه غاية سوء الادب المستحق للتعزير والتشهير
عند اولي الالباب فما ظنك في هذه المعاملة
بحبيب رب العلمين سيما في هذا الحين غلو
المنكرين وعلو المعاندين وقول خليل الرحمن على
نبينا وعليه السلام من المنان لزوجته هي اختي
في شدة الضرورة وان كان صادقا باعتبار انها
بنت عمه عليهما السلام لكن لا يصلح استنادا لاستعمال
الانام في الخواص والعوام ولا شك في ان اطلاق
الوالد عليه صلى الله عليه وسلم صحيح لاشعاره التعظيم
فلا يقاس عليه اطلاق الاخ المنبئ عن المساواة
وخلاف التكريم وجواز التشبيه لمقام العظمة
لا يقتضي جوازها في موقع خلافها والادعاء
بان قول مؤلف تقوية الايمان بمثليته عليه السلام
في امر مشارك بين الانبياء والاولياء والعوام
لمصلحة خاصة دينية لا يوجب الطعن فاحفظه
فانه ينفعك في المواضع الكثيرة كما مر على الصدد
تاييد لغير الحق الصريح وترويج لتوهين الانبياء
والاولياء لان مؤلف التقوية عد الانبياء و
الاولياء في سلسلة الالهة الباطلة للكفار

اگر اپنے کسی غلام یا خدمتگار کو بھائی کے لفظ سے پکارے
تو کیا اُس غلام اور خادم کو روا ہے کہ ان سے برادری اور
برابری کا دعوی کریں اور بات چیت اور خط و کتابت
میں ان کو بھائی کے لفظ سے پکاریں اور کتابوں میں لکھکر
چھپوادیں حاشا و کلا۔ یہہ نہایت بے ادبی ہے
جس سے وہ مستوجب سزائے سخت کے ہونگے۔ پس جب کہ ایسا
معاملہ اسوقت منکرین اور معاندین کے غلبہ میں آنحضرت
حبیب خدا علیہ الصلوۃ والثنا سے کرنا کیوں بے حد درجہ
کی بے ادبی نہو اور حضرت خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ السلام
کا اپنی بیوی کو سخت ضرورت میں بہن کے لفظ سے یاد کرنا
گو اسوجہ سے سچ تھا کہ وہ آپکی چچازاد بہن تھی مگر
اسپر تو سند نہیں ہو سکتی کہ ہر شخص اپنی جورو کو بہن
کہدیا کرے۔ اور بیشک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر والد
کا اطلاق تعظیم کی وجہ سے صحیح ہے تو بھائی کا لفظ جو برابری
کی دلیل ہے اسپر قیاس نہیں کیا جا سکتا اور تعظیم کے
موقع میں تشبیہ کا روا ہونا خلاف تعظیم کے جواز کو
ہرگز مقتضی نہیں ہے اور یہہ ادعا کہ مولوی اسمعیل
نے کسی مصلحت دین میں اگر کسی امر مشارک انبیا
و اولیا و عوام میں مماثلت بیان کردی تو وجہ قابل
طعن نہیں ہے ناحق صریح کی تائید ہے اور انبیا و اولیا
کی توہین کو رواج دینا ہے۔ کیونکہ مولوی مذکور نے تقویۃ
الایمان میں بارہا انبیا و اولیا کو کافروں کے جھوٹے
خدا اور جن اور شریروں کے سلسلہ میں شمار کیا ہے

والجن والاشرار بمواضع متعددة وايضا قال
من يسمى محمدا او عليا لا اختيار له على شئ صفحه ۴۲
سطر ۱۱ وقال فى الصفحة ۱۶ ولیعلم يقينا ان
جميع المخلوقات اعلاهم وادناهم ذليلون
من اذل الناس عند الله اه مترجما فتاويل
صاحب البراهين مع الحواريين وغيرهم من متبعى
المولوى اسمعيل ان امثال هذه الاقوال المصلحة
دينية خاصة اى لدفع الشرك وما قال بذلتهم
نحو فى مقابلة البارى تعالى واجب الرد غير قابل
للقبول اصلا لان الله تعالى كما اثنى نفسه
لا يحصى احد ثناءه كذالك فطلبنا من القرآن
المبين انه سبحانه فى موقع رد الشرك هل اهان
احدا من الملائكة والنبيين لتشريكهم به تعالى
من الكافرين فوجدنا عين هذا الموقع ولا اهانته
ولا زجر للمقبولين كما قال عز من قائل وقالوا اتخذ
الرحمن ولدا سبحنه بل عباد مكرمون لا يسبقونه
بالقول وهم بامره يعملون فليتامل فى انه تعالى
فى خصوص مقام رد الشرك ما لام بادنى الملام
فى حق الملائكة والنبيين بل عظمهم بكمال التعظيم
وبجلهم بمنقب كريم فكيف يجوز لمؤلف التقوية
واتباعه ان يتفوهوا لعذر دفع الشرك والبدعة
بكلمات قبيحة وعبارات شنيعة فى حق المقبولين
وما هذا الا ضلال مبين عند ارباب اليقين

اور یہہ بہی اسکے صفحہ ۴۲ کی سطر ۱۱ میں ہے
جسکا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں
ہے اہ اور صفحہ ۱۶ میں ہے اور یہہ یقین جان لینا چاہیے
کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چہوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے
چمار سے بہی ذلیل ہے اہ ملخصا۔ پس صاحب براہین اور
اسکے حواریین اور دوسرے مولوی مذکور کے اتباع
کی یہہ تاویل کہ یہہ الفاظ دینی مصلحت یعنی دفع شرک
کیواسطے بولے ہیں اور خدا کے مقابلہ میں ذلیل کہنا ہے
واجب الرد اور غیر مقبول ہے۔ اسلیے کہ اللہ تعالے
نے جیسی اپنی تعریف کی ہے ویسی کسی نے نہیں
کی پس ہمنے قرآن مجید سے جب جستجو کی کہ کسی موقع
رد شرک میں بار تعالے نے بہی کسی فرشتہ یا نبی
کی توہین کرکے کافروں سے کہا ہے کہ تمہارے شریک
بنائے ہوئے ذلیل ہیں پس عین یہی موقع ملگیا اور
حقتعالے نے اپنے مقبولوں کی توہین اور توبیخ نہیں
فرمائی جیسا کہ سورہ انبیاء کے دوسرے رکوع میں
ہے کہ کافروں نے کہا کہ خدا نے اولاد بنائی خدا
پاک ہے بلکہ وہ تعظیم کیے ہوئے بندے ہیں خدا کی بات
پر اپنی بات نہیں بڑہاتے اور اسکے حکم پر عمل کرتے ہیں اہ
غور کرو کہ اس عین رد شرک کے موقع میں بہی خدا نے فرشتوں
اور نبیوں کو ادنے ملامت بہی نہیں کی بلکہ انکی تعظیم
وتکریم ہی فرمائی ہے پس تقویۃ الایمان والوں کو کیا روا ہے کہ
کسی مصلحت کیواسطے ایسے قبیح لفظوں اور عبارتوں

قال فى الجواب التفصيلى قوله ثم التحريف فى الحديث
او تبديل الفاظه الخ خلاصته ان الفاظ الحديث
وددت انا قد رأينا اخواننا قبل التحصيل او غير
بانى قد رأيت اخوانى والجواب ان مطلب صاحب
البراهين اثبات اطلاق لفظ الاخ سواء كان
مضافا الى الواحد المتكلم او المتكلم مع الغير
وذلك المطلب من اللفظ المصحح للمعترض ايضا
حاصل وطعن التحريف لغو نشاء من عدم واقفية
اصول الحديث لان جميع العلماء اجاز رواية
الحديث بالمعنى ما التزم احد رواية الحديث بالالفاظ
النبوية بانها ضرورية والا فطعن التحريف على
صاحب الهداية وغيره من الفقهاء وارد لروايتهم
الحديث بالمعنى كما يظهر من مطالعة التخريج الزيلعى
وغيره نعم حفاظة الفاظ القرآن ضرورية ما اجاز
احد تبديل الفاظ القرآن كما فعل المعترض فى
بيان السوال الاول فى الصفحة الاولى فى كتابه آية
عبارة الرسالة الانوار الساطعة ومن احسن من الله
حديثا والحال ان الفاظ الاية ومن اصدق من
الله حديثا فحرف المعترض الفاظ القرآن وهو حرام
قطعا وتصدى [illegible] من حفر بيرا لاخيه فقد
وقع فيه بقول الفقير كان الله له مراده عاء نقل اية
من اصدق من الله حديثا بلفظ ومن احسن بهتانا
عظيم كما لاحظت السقولة [illegible] حضرتمن

جواب تفصیلی میں ہے قولہ پہر انیا زعمی مطلب حاصل
کرنے کیواسطے الخ یہہ چوتہی غلطی ہے۔ خلاصہ اس
اعتراض کا یہہ ہے کہ الفاظ حدیث متکلم مع الغیر کو
واحد متکلم یا متکلم مع الغیر کیطرف مضاف ہو باقی ہے
تحریف کا طعن سو یہہ لغو اور عدم واقفیت اصول
حدیث سے ناشی ہے۔ روایت حدیث بالمعنے کو سب
نے جائز رکہا کسی نے التزام الفاظ بعینہ نبوی کو ضروری
نہیں سمجہا ورنہ صاحب ہدایہ وغیرہ فقہا پر طعن تحریف
وارد ہوگا جو روایت بالمعنے کرتے چلے آئے ہیں جیسا
کہ تخریج زیلعی وغیرہ دیکہنے والے پر بخوبی روشن ہے
البتہ قرآن شریف میں بعینہ الفاظ کی حفاظت ضروری
ہے کسی نے آج تک آیت کی تبدیل کو جائز نہیں کہا
آپنے سوال اول کو بیان میں صفحہ ایک میں فرمایا کہ
برخلاف آیت وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا کے کوئی ایسا
کہہ رہا ہے انتہی ملفظہ حالانکہ آیت کے الفاظ یہہ ہیں
وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا۔ اب دیکہیے
آپنے تحریف قرآن کو جو قطعی حرام ہے کار
فرمایا۔ مضمون حدیث جو بہائی کے واسطے
کنواں کہودتا ہے خود اسمیں گرتا ہے رہت آیا
انتہی ملفظہ۔ فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے کہ آیت و
مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ قِیْلًا وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰہِ
قِیْلًا نقل کرنے کا جو ادعا کیا ہے۔ محض بہتان
ہی جیسا کہ فقیر نے مجلس مناظرہ میں ادراق سوالات

فی مجلس المناظرة واوراق السوالات موجودة
من شاء فلینظر فی اصل المسودة والجواب عن
تبدیل ضمیر المتکلم مع الغیر بالواحد المتکلم فی الحدیث
بانہ روایۃ بالمعنی وجائز عند جمیع العلماء غلط
محض بوجہین اما الوجہ الاول لانہ من قطع
النظر من الاختلاف المذکور فی کتب اصول
الحدیث فی مسئلۃ الروایۃ بالمعنی لا یجوز تبدیل
الجمع بالواحد لان الروایۃ بالمعنی انما یجوز عند
الجمہور اذا جزم بانہ ادی المعنی کما صرح بہ الامام
النووی فی مقدمۃ شرح الصحیح لمسلم وقال المحدث
الدھلوی فی مقدمۃ شرحہ للمشکوۃ لئلا یخطی
بزیادۃ ونقصان انتہی ولا خفاء فی ان مراد الحدیث
انا واصحابی قد رأینا اخواننا کما صرح بہ المحدث
الدھلوی فی ترجمۃ المشکوۃ فلما ابدلت الفاظ
الحدیث من الجمع الی المفرد لغرض اثبات الاخوة
بہ صلی اللہ علیہ وسلم فقط کما ھو مزعوم صاحب البراھین
وقع النقصان فی المعنی فلا یجوز اصلاً واما الوجہ
الثانی فہو ان جواز الروایۃ بمعنی الحدیث انما ھو
فی سماع الحدیث من اللسان واما فی حدیث الکتاب
فلا یجوز قطعاً قال الامام النووی بعد ذکر مسئلۃ
جواز الروایۃ بالمعنی ثم ھذا فی الذی یسمعہ فی
غیر المصنفات اما المصنفات فلا یجوز تغییرھا
وان کان بالمعنی انتہی بلفظہ وقال فی الفیۃ العراقی

سبکو دکھلا دئے تہے۔ اور اب تک موجود ہیں
جو چاہے اس منقول عنہ کو دیکھ لے اور ضمیر متکلم
مع الغیر کو واحد متکلم سے بدلنے کا یہ جواب کہ
روایت بالمعنے سب علما کے نزدیک جائز ہے
محض غلط ہے دو وجہہ سے۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ
مسئلہ روایت بالمعنے میں جو اختلاف کتب اصول
حدیث میں درج ہے اگر اس سے قطع نظر کیجاوے
تاہم جمع کو واحد سے بدلنا ناروا ہے۔ اسلیئے کہ
روایت بالمعنے جمہور کے نزدیک تب ہی روا ہے جب
یقیناً معنے ادا ہو جائیں جیسا کہ امام نووی نے مقدمہ
شرح صحیح مسلم میں تصریح کی ہے اور محدث دہلوی
نے بھی شرح مشکوۃ کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ زیادت
اور نقصان سے خطا نہو اہ۔ اب ظاہر ہے کہ حدیث کی
مراد یہ تھی کہ میں اور میرے صحابہ اپنے بہائیوں کو دیکھیں جیسا
کہ ترجمہ مشکوۃ میں اسپر تصریح ہے پس جمع کو مفرد سے
بدلنے میں اس غرض سے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
کی ہی برادری ثابت ہو معنے میں نقصان پڑ گیا تو
یہ بالکل ناروا ہوا دوسری وجہ یہ ہے کہ روایت
بالمعنے کا جواز حدیث میں ہے جو زبانی سنی گئی
ہو اور کتاب کی حدیث میں بالکل ناروا ہے
امام نووی مسئلہ جواز روایت بالمعنے میں لکہتے ہیں کہ حدیث
سماعی غیر کتاب میں جائز ہے۔ لیکن حدیث کتاب
میں تغییر ہرگز ناروا ہے ہر چند بالمعنے ہو یہ ترجمہ ہے

[illegible]

ـہ والشیخ فی التصنیف قطعاً وتحظر انتہی
فلا شک ان ھذا التغییر تحریف للحدیث لاثبات
الغرض الفاسد وترویج السلعۃ الکاسدۃ والعیاذ
باللہ تعالی وبقیۃ الاعتراض الثالث ھذا بقی
ان مولف الانوار کتب فی موضع فی حق شیخہ انی
ایضاً لا تمیذہ فعلی ھذا اللفظ قال صاحب البراھین
فی الصفحۃ الاحدی والخمسین وان ھذا اللفظ الشقاق
فی الحدیث من قال للاب قریب وھو عاق فھذا الکلام
فی حق الاستاذ والمرشد غایۃ خلاف الادب انتہی
فاعتبروا یا اولی الابصار فی الافتاء فی الجانب المقابل
بالعقوق بلفظ التلاق فی حق الشیخ بدلیل اطلاق
القریب فی حق الاب فادعائہم بمساواۃ جمیع بنی
آدم فی البشریۃ بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم واثبات
اخوتہ علیہ السلام لانفسہم واشتہارھا بتحریر
الفتوے والانطباع فی الرسائل والاخبار والطعن
علی منکرھا باشد الانکار کمال سوء الادب وغایۃ
العقوق ثم ان سلمنا بفرض المحال ان ایۃ قل انما
انا بشر مثلکم وحدیث الاخوة محمولان علی الحقیقۃ
فھو امتثال الحکم الالٰھی لکن لا یثبت من القران و
الحدیث الامر للمؤمنین بان یدعوا المساواۃ والاخوۃ
بل یثبت الامر علی خلافہ من رعایۃ غایۃ التعظیم ونھایۃ
الادب والتکریم قال تعالی وتعزروہ وتوقروہ
وادنی سوء الادب بہ علیہ السلام سبب حبط الاعمال

کہ تصنیف میں روایت بالمعنے باتفاق منع ہے اہ
پس اسمیں شک نہیں کہ یہ بدلنا تحریف حدیث کی ہے
غرض فاسد سے جو اوپر مذکور ہوئی ہے اب بقیہ تیسرے
اعتراض کا یہ ہے رہا یہ کہ صاحب انوار ساطعہ نے
ایک جگہہ اپنے مرشد کے حقمیں لکھا تہا۔ کہ ہم بھی انکے
چیلے ہیں۔ اسپر براہین قاطعہ کے صفحہ ۵۱ میں لکھا ہے کہ یہ
لفظ ناسعادتمندیکا ہے حدیث میں ہے جسنے اپنے
باپ کو قریب کہا وہ عاق ہے۔ پس استاذ و مرشد کی
نسبت ایسی کلام کسدرجہ میں شمار ہوگی انتہے بلفظہ
اسجگہہ غور کرو کہ طرف مقابل کیواسطے صرف چیلے
کے لفظ سے ناسعادتمند لکھہ دیا۔ اور باپ کو قریب کہنے
سے عاق کا فتوے جاری کر دیا تو اپنے حقمیں فرد انسوں
کہ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے برادری اور
بشریت میں برابری کا جملہ بنی آدم کے ساتھ فتوی
جاری کرکے اسکو رسالوں اور اخباروں اور اشتہاروں
میں شائع کرنا اور اسپر طعن کو قرآن وحدیث کا
طعن بیان کرنا کسدرجہ کا عقوق اور بے ادبی ہے
پہر اگر بفرض محال تسلیم کرلیں کہ قل انما انا بشر مثلکم
اور حدیث اخوت حقیقت پر محمول ہے تو وہ
حکم الہی کی فرمانبرداری ہے۔ لیکن یہ قرآن وحدیث
سے کب اجازت ہے کہ ہست کو لوگ برابری اور برادری
کا دعوی کریں بلکہ برخلاف اسکے نہایت تعظیم اور تکریم
کا حکم ہے چنانچہ آیت وتعزروہ وتوقروہ میں ارشاد

كما قال عز من قائل لا ترفعوا اصواتكم فوق صوت
النبي ولا تجهروا له بالقول كجهر بعضكم لبعض ان
تحبط اعمالكم وانتم لا تشعرون وقوله تعالى لا
تجعلوا دعاء الرسول بينكم كدعاء بعضكم بعضا
الاية فهذه الاحكام جميع الخواص والعوام سيما
الاصحاب الكرام مع كونهم اقرانه واهل قرابته
عليه الصلوة والسلام يخاطبون بابي انت و
امي وما ادعى احد من اهل الاسلام بالمساواة
في البشرية والاخوة معه صلى الله عليه وسلم خوفا
من حبط الاعمال لكن المولوي اسمعيل ادعى ذلك و
اصر معا ونوه في اثبات ما هنالك فما رعوا حق
رعاية ادبه وتعظيمه صلى الله عليه وسلم فنعوذ بالله
منهما تم الاعتراض الثالث قال في الجواب التفصيلي
قوله يعني ان مولف الانوار كتب في حق شيخه الحاج
امداد الله سلمه الله باني ايضا الا نبيه الخ الجواب
المماثلة في نفس البشرية والاخوة الايمانية ثابتة
بنص القران وتعبير كل المنصوص بالقران بزعمه
انه سوء ادب غير مقبول عند اهل الايمان فنتيجه
ان المماثلة في البشرية والاخوة الايمانية تعبيرهما
بسوء الادب غير مقبول ثبت ثبوت الصغرى
مفصلا والكبرى بديهي ومجمع عليه عند جميع
اهل العلم يقول الفقير كان الله له قد تحقق سابقا
ان المماثلة في البشرية والاخوة الثابتين من الاية الحديث

جیسا کہ فرمایا ہے اپنی آواز نبی کی آواز پر اونچی نکرو اور
جیسے آپس میں باتیں کرتے ہو ویسے نبی سے باتیں
نکرو اس سے تمہارے عمل ضائع ہو جائینگے اور
تم بے خبر رہو گے۔ پھر قرآن کا فرمان ہے کہ رسول
کو ایسا نہ بلاؤ جیسا آپس میں ایک دوسرے کو بلاتے
ہو اسلیے تمام خاص و عام خصوص صحابہ کرام جو
ہمعصر اور قراتبی تھے۔ نہایت تعظیم سے اپنے
ماباپ کو قربان کرکے خطاب کرتے تھے اور کسی نے
بھی مسلمانوں سے ایسا دعوے نہیں کیا ہم کہ آپکے
برادر و برابر ہیں تاکہ عمل ضائع نہو جائیں۔ مگر مولوی اسمعیل
نے ایسا لکھدیا اور اسکے مددگاروں نے اسپر اصرار
کیا اور رسول مقبول کا ادب و تعظیم کو جواب صاف دیا
یہاں تیسرا اعتراض تمام ہوا۔ جواب تفصیلی میں ہے
قولہ یہ کہ صاحب انوار ساطعہ نے اپنے مرشد حضرت
حاجی امداد اللہ سلمہ اللہ تعالیٰ کی نسبت یہ لفظ
لکھا کہ ہم بھی انکے بھائی تھے الخ تو جواب اسکا
یہ ہے کہ نفس بشریت میں مماثلت اور اخوت ایمانی منصوص
قرآنی ہے اور منصوص قرآن کو اپنے خیال سے بے ادبی
کہنا ایماندار و نکے نزدیک غیر مقبول ہے نفس مماثلت
فی البشریۃ اور اخوت ایمانی کو بے ادبی کہنا غیر مقبول
ہے صغری کا ثبوت سابق عبارات سے بالتفصیل
ہوگیا ہے کبری بدیہی اور مجمع علیہ جمیع اہل علم ہے۔ انتہی
بلفظہ فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے اوپر محقق ہو چکا ہے کہ ثابت

محمولتان على التواضع عند اكابر المفسرين و
المحدثين وحملهما على الحقيقة لا يجوز قطعا عند
المومنين فلا نعيدا ولا نعيد ترتيب مقدمات
المكذبين وثبت عقوق هولاء باقرارهم والحمد لله
رب العلمين قال صاحب البراهين مع الحورابين
قوله ثم ان سلمنا بفرض المحال ان اية قل انما انا بشر
مثلكم الخ الجواب اية انما انا بشر مثلكم محمولة
على المعنى الحقيقي وارادة المعنى المجازي بلا قرينة
صارفة ليست بضروري فلا حاجة بقوله بفرض
المحال والمراد من الحديث اثبات الاخوة الايمانية
باليقين واثبت المولوي اسمعيل الاخوة الايمانية
من القران واظهر لوجه اختلاف مدارج الايمان
الصغر والكبر وهذا المحض مصلحة دينية وهي
ان مبتدعي زمانه لما تجاوزوا عن الحد وبالغوا
في تعظيمه عليه السلام حتى اشركوه في تعظيم البارى
سبحانه وكان في ذلك مظنة ابتلاء العوام في الشرك
كما ابتلى اليهود والنصارى في هذه البلاء فمحض
لرفع هذه الفتنة لا لغرض التوهين قال يا مثال
هذه الاقوال التي لا تنافي النصوص الشرعية نعم من
يقول هذه الكلمات لغرض سوء الادب كما تقول
الكفار فهو قابل المواخذة وتعد غير جائز لكن اطلاق
هذه الكلمات بانها سوء ادب مطلقا صريح مخالفة
القران يقول الفقير كان الله له قد تقرر غير مرة بان الاية

اکابر مفسرین و محدثین کی تصریح سے تواضع پر محمول
ہے۔ اسکو حقیقت پہ محمول کرنا ایمانداروں کے نزدیک
غیر مقبول ہے پس مکذبین کا جعلی صغرے و کبرے
و نتیجہ غیر معتبر ہو گیا۔ اور انکے اقرار سے انکا عقوق ثابت
ہو گیا۔ جواب تفصیلی میں ہے قولہ پھر اگر بفرض محال
تسلیم کرلیں الخ الجواب آیت انما انا بشر مثلکم اپنے
حقیقی معنے پر محمول ہے۔ بلا قرینہ صارفہ کیا ضرورت
ہے کہ معنے مجازی لے لیں بفرض محال کہنے کی کیا
بعد ذكر القصص بهذا المضمون فيثبت منها انه
عليه السلام ما كان مطلعاً على الان الان
الامور الكونية كما نقل على الصدر ليست الا
الهذيان والجنون لانه لما تحقق اطلاعه صلى الله
عليه وسلم على هذا الامور بتعليم الشكور الغفور فهو
في مقابلتنا ليس الا الجهل الموفور وما تكلم في احاديث
المواهب اللدنية فنجيبه حيث نكلم بالتفصيل
بالجواب الجميل فالحمد لله الجليل على بطلان مقدمة
الخليل العليل قال في الجواب التفصيلي لما فصلنا
مسئلة الاعلمية والافضلية في العلم حسب تصريحات
ائمة العقائد ومشائخ الطريقة واثبتنا قصور
فهم المولوي القصوري فالان نتوجه بالتفصيل
المبين الجواب اعتراضه على دلائلنا المذكورة
في البراهين ثم تكلم في رد دلائلنا اي على وسعة علم
سيد المرسلين وبين مصداقها ولغين محملها فالدليل
الاول حديث والله ما ادري ما يفعل بي ولا بكم
فاعترض عليه بوجهين الاول انه منسوخ مثل
اية وما ادري ما يفعل بي ولا بكم باية ليغفر لك الله

اسکے قائل ہیں کہ آپکو ابتداءِ نبوت سے سارے علم حاصل
تھے۔ بلکہ جس جس چیز کی آپکو حاجت ہوتی گئی اسکا
علم آپ کو دیا گیا۔ چنانچہ قرآن مجید بھی آپ پر آیت آیت
کرکے اترا پس ابتدا میں علم کا نہ ہونا اور انتہا میں حاصل
ہو جانا دانشمندوں کے نزدیک ثابت ہوا اور آگے عنقریب
اسکا ذکر ہوگا پس ان قصوں کا حوالہ دیکر مکذبین نے جو
یہ نتیجہ نکالا ہے کہ (ان کہا امور کونیہ پر آپ کو اطلاع
نہ تھی) یہ نرا انکا ہذیان اور بکواس ہے۔ کیونکہ جب
ثابت ہوگیا ہے کہ ان سب پر تعلیم الٰہی آپکو اطلاع
ہوگئی تھی۔ تو پھر ان کو ہمارے مقابلہ میں دلیل بنا
کر پیش کرنا نری جہالت ہے۔ اور مواہب لدنیہ کی
حدیثوں میں جو مجملاً کلام کی ہے اسکا جواب باصواب
آگے موقع تفصیل میں بخوبی دیا جاوے گا جواب
تفصیلی کے مقدمہ کی بواقعی تردید پر خدا کا شکر
ہے۔ جواب تفصیلی میں کہا ہے جب ہم مسئلہ اعلمیت وافضلیت
فی العلم کو حسب تصریحات ائمہ عقائد ومشائخ طریقت
مفصل بیان کرکے قصور فہم قصوری صاحب کا
ثابت کرچکے تو اب ہمارے دلائل مذکورہ براہین کی
نسبت جو معترض نے اعتراض کیے ہیں انکی تفصیل
جوابات کیطرف متوجہ ہوتے ہیں۔ پھر انکی روایات
کی تعیین مصداق و بیان محمل میں گفتگو کرینگے۔ پہلی حدیث
کہ بخدا میں نہیں جانتا کہ مجھسے اور تمسے کیا کیا جاویگا۔
منسوخ ہے آیت تاکہ بخشدے خدا تیری اگلی پچھلی تقصیریں

ماتقدم وغيرها كما في التفسير الكبير والمعالم وابي
السعود وغيرها فالجواب منه ان حكم النسخ عليهما
دليل عدم الواقفية بالكلية لان اطفال المكتب
يعلمون ان النسخ انما يكون في الاحكام لا في الاخبار
وان سلمنا نسخها فثبت انه صلى الله عليه وسلم
ماكان يدري وقت ذلك الاخبار ثم اطلع وقت
نزول آية ليغفر لك الله الاية على ذلك فحصل مدعانا
باحسن الوجوه على ان اختيار القول الضعيف
المرجوح بل الغلط وعرضه في مقابلة الخصم يدل
على عدم علم القصوري وقصوره ديانة ونحن نرده
بعبارة المرقاة شرح المشكوة والتفسير الكبير
قال في المرقاة ناقلا عن الطيبي كما هو مرقوم
على حاشية المشكوة اي المطبوعة وثانيها ان يكون
هذا منسوخا بقوله تعالى ليغفر لك الله ما تقدم
من ذنبك وما تاخر قلت وفيه ان النسخ على تقدير
صحة تاخر الناسخ انما يكون في الاحكام لا في الاخبار
انتهى وقال في التفسير الكبير في تفسير سورة الاحقاف
اما الذين حملوا هذه الآية على احوال الآخرة فروي
عن ابن عباس انه قال لما نزلت هذه الآية فرح
المشركون والمنافقون واليهود وقالوا كيف نتبع
نبيا لا يدري كيف يفعل به وبنا فانزل الله تعالى
انا فتحنا لك فتحا مبينا ليغفر لك الله ما تقدم
من ذنبك وما تاخر الى قوله وكان ذلك

اور سوا اسکے اور آیتوں سے جیسا کہ تفسیر کبیر و معالم
وابو السعود وغیرہا میں لکھا ہے تو اسکا جواب یہ ہے
کہ ان دونوں پر نسخ کا حکم دلیل ناواقفیت کی ہے اطفال
مدرسہ بھی جانتے ہیں کہ نسخ احکام میں ہوتا ہے نہ خبر
میں اگر ہم نسخ کی تسلیم کر لیں تا ہم ثابت ہے کہ وقت اس
اخبار کے آپ کو کچھ معلوم نہ تھا پھر وقت نزول مغفرت
کے آپ مطلع ہو گئے اس سے ہمارا مدعا بخوبی حاصل ہے
علاوہ قول ضعیف مرجوح بلکہ غلط کو خصم کے مقابلہ
میں پیش کرنا قصوری صاحب کے قصور علم و دیانت کی دلیل ہے جسکو
ہم عبارت مرقاۃ و تفسیر کبیر سے رد کرتے ہیں
طیبی سے حاشیہ مشکوۃ پر مرقات سے لکھا ہے دوسرا
کہ یہ منسوخ ہو آیت مغفرت سے میں کہتا ہوں کہ اسمیں
یہ خلل ہے کہ ناسخ کے مؤخر ہونیکی صورت تو نسخ احکام
میں ہوتا ہے . نہ اخبار میں اھ اور تفسیر کبیر سورہ احقاف
میں ہے . کہ جو لوگ اس آیت کو احوال آخرت پر حمل
کرتے ہیں تو ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب یہ آیت
نازل ہوئی تو مشرکین اور منافق اور یہود خوش
ہوئے اور کہنے لگے کہ ہم کیسے پیروی کریں ایسے نبی کی
جسکو یہ معلوم نہیں کہ اس سے اور ہم
سے کیا ہوگا . تو اللہ تعالی نے
انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفر لک اللہ ما
تقدم من ذنبک وما تاخر اسکے قولہ
وکان ذلک عند اللہ فوزا عظیما تک

عند الله فوزا عظيما فبين تعالى ما يفعل
به وبمن اتبعه ونسخت هذه الآية وارغم الله
انف المنافقين والمشركين واكثر المحققين
استبعدوا هذا القول واحتجوا عليه بوجوه الى
ان قال فثبت ان هذا القول ضعيف انتهى فنسئل
عن المولوي القصوري انه راى لفظ النسخ و
ما دري ان هذا القول معتبر ام لا انتهى ملخصا في
الجواب التفصيلي في رد النسخ ويقول الفقير القصوري
كان الله له ان هذا الجواب غير صواب بوجوه
الاول انه نقل عبارة المرقات عن حاشية المشكوة
وانت خبير بان المنقول في الهامش لا يكون معتبرا
كالاصل والثاني ان القول بتقدير صحة تاخير
النسخ نشئ عن الذهول التام من القرآن
لانه لا شك في ان سورة الاحقاف مكية وسورة
الفتح مدنية نزلت بعد الهجرة بمدة طويلة فالعجب
ان القاري عليه رحمة الباري يقول هكذا على ان
صاحب البراهين ايضا يدعي بحافظ القرآن
والحال انه في هذا العمر الاخير لا تميز له في كون السورة
مكية او مدنية والثالث ان الحكم بحصر النسخ
في الاحكام دون الاخبار غير صحيح لان المسئلة
مختلفة والاكثر على ان النسخ فيهما جاريه بدليل
الحديث الصحيح كما قال في تفسير لباب التاويل
في معاني التنزيل تحت آية وان تبدوا ما في انفسكم

نازل فرمائی جسمیں بیان کر دیا جو آپ سے اور
آپکے اتباع سے ہونا ہے اور وہ آیت منسوخ ہو
گئی منافقوں اور مشرکوں کو خدا نے نگوسار کیا
اور اکثر محققین نے اس قول کو بعید جان کر ضعیف
بتایا ہے کئی وجہ سے اسکی دلیل بیان کی ہے اب قصوری
صاحب سے پوچھیے کہ نسخ کا لفظ تو دیکھ لیا مگر یہ نہ دیکھا
کہ یہ قول قابل اعتبار ہے یا نہیں . یہ نسخ کی بابت
جواب تفصیلی سے رد کیا ہے . اب اسکے جواب میں فقیر کان
اللہ لہ عرض کرتا ہے کہ کئی وجہ سے یہ جواب غیر صواب
ہے . اول تو یہ کہ مرقات کی عبارت حاشیہ مشکوۃ
سے نقل کی ہے اہل علم جانتے ہیں کہ حاشیہ کی عبارت
اصل کے برابر معتبر نہیں ہوتی . دوسری وجہ ناسخ کی
تاخیر کی صحت کو فرض کرنا قرآن مجید سے سخت غفلت
ہے اسلیئے کہ سب پر روشن ہے کہ سورہ احقاف مکی
ہے اور سورہ فتح مدنی ہے جو ہجرت کے بعد سالہا سال
نازل ہوئی اب عجب یہ ہے کہ مولانا قاری نے ایسا
کیونکر لکھا ہوگا . علاوہ صاحب براہین بھی حافظ
قرآن کہلاتا ہے اور اس اخیر عمر میں بھی اسکو تمیز نہیں
سورہ مکی یا مدنی میں تیسری وجہ یہ حکم کہ نسخ احکام
میں ہی ہوتا ہے نہ اخبار میں غیر صحیح ہے اسلیئے کہ مسئلہ
مختلف فیہ ہے اکثر علما کے نزدیک ان دونوں میں
نسخ جاری ہے حدیث صحیح کی دلیل سے جیسا کہ
تفسیر لباب التاویل فی معانی التنزیل میں آیۃ ان تبدوا ما فی انفسکم

فليت شعرنا ماهو فاعل بنا فنزلت ليدخل المؤمنين والمؤمنات جنات تجري من تحتها الانهار الاية ونزلت وبشر المؤمنين بان لهم من الله فضلا كبيرا قاله انس وابن عباس وقتادة والحسن وعكرمة والضحاك انتهى من صفحة (۱۳۰) المجلد الرابع المطبوع بمصر **فائده** قال في كشف الظنون جامع احكام القران والمبين لما تضمنه من السنة واي الفرقان للشيخ الامام ابي عبد الله محمد بن احمد ابي بكر بن فرح الانصاري الخزرجي القرطبي المالكي المتوفي سنة ۶۷۱) وهو كتاب كبير مشهور بتفسير القرطبي في مجلدات انتهى وقال في تفسير الخطيب الشربيني ان قول النسخ مروي عن ابن عباس وبه قال انس والحسن وعكرمة انتهى من المجلد الرابع صفحة (۶) وقال الامام جلال الدين السيوطي في الدر المنثور اخرج ابن جرير وابن المنذر وابن ابي حاتم وابن مردويه عن ابن عباس في قوله تعالى ما كنت بدعا من الرسل يقول لست باول الرسل وما ادري ما يفعل بي ولا بكم فانزل الله تعالى بعد ذلك ليغفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر وقوله ليدخل المؤمنين والمؤمنات الاية فاعلم الله سبحانه وتعالى نبيه ما يفعل به وبالمؤمنين جميعا واخرج ابو داؤد في ناسخه من طريق عكرمة عن ابن عباس في الاحقاف وما ادري ما يفعل بي

کاش ہمیں بھی معلوم ہوجائے کہ ہم سے کیا ہوگا پس یہہ آیت کہ اللہ تعالی مومن مرد و عورتوں کو بہشتوں میں داخل کر دیگا جنکے درختوں کے تلے نہریں جاری ہیں اور یہہ آیت کہ خوشخبری دے مومنوں کو کہ اُن کے لیئے خدا کیطرف سے بڑا فضل ہے نازل ہوئی یہہ حضرت انس اور ابن عباس اور قتادہ اور حسن اور عکرمہ اور ضحاک کا قول ہے یہہ ترجمہ ہی عبارت جمل کا مطبوعہ مصر کی چوتھی جلد کے (۱۳۰) صفحہ سے اب تفسیر قرطبی کی تعریف کشف الظنون سے سنیئے کہ یہہ تفسیر حدیث اور آیات قرآنی پر مشتمل ہے شیخ امام ابو عبد اللہ محمد بن احمد ابو بکر فرح انصاری خزرجی قرطبی مالکی متوفی ۶۷۱ کی ہے اور یہہ کتاب معتبر تفسیر قرطبی سے مشہور ہی کئی جلدوں میں اور علامہ خطیب شربینی کی تفسیر میں ہے کہ قول نسخ کا حضرت ابن عباس اور انس اور حسن اور عکرمہ سے مروی ہے۔ چوتھے جلد کے صفحہ ۶ میں دیکھو امام جلال الدین سیوطی تفسیر درمنثور میں لکھتے ہیں کہ روایت کی ابن جریر اور ابن المنذر اور ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس سے آیت کہ میں نیا رسولوں سے نہیں اور میں نہیں جانتا کہ مجھ سے اور تم سے کیا کیا جائیگا۔ تو اللہ تعالی نے بعد اسکے آیت مغفرت نازل فرمائی اور نیز یہہ آیت تاکہ داخل کریگا خدا مومن مرد اور عورتوں کو بہشتوں میں اخیر آیت تک پس حقتعالی نے جو کچھ اپنے نبی اور مومنوں سے کرنا تھا معلوم کرا دیا اور ابو داؤد نے ناسخ میں طریقہ عکرمہ ابن عباس سے سورہ احقاف

ولا بكم نسختها هذه الاية التي في الفتح فخرج الى الناس فبشرهم بانه غفر له ما تقدم من ذنبه وما تاخر فقال رجل من المؤمنين هنيئا لك يا رسول الله قد علمنا الان ما يفعل بك فماذا يفعل بنا فانزل الله تعالى في سورة الاحزاب وبشر المؤمنين بان لهم من الله فضلا كبيرا وقال ليدخل المؤمنين والمؤمنات جنت تجري من تحتها الانهر خلدين فيها ويكفر عنهم سيأتهم فبين الله تعالى ما يفعل به وبهم واخرج عبد بن حميد عن الحسن قال لما نزلت هذه الاية وما ادري ما يفعل بي ولا بكم عمل رسول الله صلى الله عليه وسلم في الخوف زمانا فلما نزلت انا فتحنا لك فتحا مبينا ليغفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر اجتهد فقيل له تجهد نفسك وقد غفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر قال افلا اكون عبدا شكورا واخرج ابن جرير عن قتادة وما ادري ما يفعل بي ولا بكم قال ثم درى النبي صلى الله بعد ذلك ما يفعل به لقوله انا فتحنا لك فتحا مبينا ليغفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تاخر انتهى بقدر الحاجة **فائده** وقال في الاتقان في علوم القران طبقة التابعين وبعدهم ابن جرير الطبري وكتابه اجل التفاسير واعظمها ثم قال فان قلت فاي التفاسير ترشد اليه وتامر الناظران يعول عليه قلت تفسير الامام ابي جعفر ابن جرير الطبري الذي اجمع العلماء المعتبرون على

آیت مغفرت سورہ فتح نے منسوخ کر دیا تب آپنے لوگوں کو سنایا کہ میرا خدا نے سب کچھ بخشدیا تو ایک مسلمان نے عرض کی مبارک ہو آپ کو یا رسول اللہ آپکا حال تو اب ہمکو معلوم ہوگیا پس ہم سے کیا کیا جائیگا تب حقتعالی نے سورہ احزاب میں کی آیت اتاری کہ خوشخبری دے مومنوں کو کہ بیشک اُن کے لیئے خدا سے بہت فضل ہے۔ اور نیز یہہ آیت کہ اللہ تعالی داخل کریگا مومن مرد اور عورتوں کو بہشتوں میں جنکے درختوں کے نیچے نہریں جاری ہیں ان میں ہمیشہ رہینگے اور خدا اُنکے سب گناہ بخشدیگا۔ پس اللہ تعالی نے آپ سے اور مومنوں سے جو ہونا تھا سو بیان فرما دیا۔ اور روایت کی عبد بن حمید نے حسن سے کہا جب اتری آیت وما ادری الآیۃ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کچھ زمانہ خوف میں رہے پس جب آیت انا فتحنا لک فتحا مبینا مغفرت کے حال کی اتری تب ہی آپ عبادت میں کوشش کرتے رہے کسی نے عرض کی کہ آپ اپنے آپ کو تکلیف میں ڈالتے ہیں حالانکہ خدا نے آپکا سب کچھ بخشدیا ہے تو آپنے جواب دیا کیا میں خدا کا شکر گذار بندہ نہوں اور ابن جریر نے قتادہ سے روایت کی کہ اول آپ کو معلوم نہ تہا پہر خدا نے آپسے جو کچھ کرنا تہا معلوم کرا دیا سورہ فتح کی آیات بخشش اول آخر سے یہہ ترجمہ ہے بقدر حاجت روایات تفسیر درمنثور کا اب تفسیر ابن جریر کی تعریف سنو کہ اتقان فی علوم القرآن میں مفسرین طبقہ تابعین اور اُن سے پچھلوں کا لکھتے ہیں۔ ابن جریر طبری اور انکی

انہ لم یولف فی التفسیر مثلہ قال النووی کتاب ابن
جریر فی التفسیر لم یصنف احد مثلہ انتہی فالآن
یتامل اصحاب الجواب التفصیلی فی ان القول
الثابت باحادیث سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم والمختار لاکابر
المفسرین من الصحابۃ والتابعین وتبع التابعین
والمروی فی التفاسیر المعتمدۃ غایۃ الاعتماد عند
العلماء الربانیین کیف یضعف بتضعیف
التفسیر الکبیر الذی حالہ فی الاتقان مستطر
کلا بل التفسیر ما هو المستند بالاحادیث الصحیحۃ
والروایات الصریحۃ وما یخالف لذلک لا اعتبار
لہ عند احد من اهل التبصیر فیسئل عن صاحب البراهین
مع الحواریین ان دینکم کیف حال تغلیط ما ثبت
من الاحادیث واقوال الثقات لکن لا حاجۃ بالسوال
عن الذین قالوا بامکان کذب اصدق الصادقین
وبالمساواۃ فی البشریۃ والاخوۃ بحبیب رب العلمین صلی اللہ علیہ وسلم
وبقلۃ علمہ علیہ السلام من الشیطان اللعین و
العیاذ باللہ المعین والخامس ان وجوہ ضعف
قول النسخ الذی نقل فی التفسیر الکبیر بقولہ الاول
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا بد وان یعلم من نفسہ
کونہ نبیا ومتی علم کونہ نبیا علم انہ لا تصدر عنہ
الکبائر وانہ مغفور واذا کان کذلک امتنع کونہ
شاکا فی انہ هل مغفور لہ ام لا والثانی لا شک
فی ان الانبیاء ارفع حالا من الاولیاء فلما قال فی

کہ اسکی مانند کوئی تفسیر نہیں بنی امام نووی نے کہا ابن جریر کی
کتاب تفسیر میں کسی نے اسکی مانند تصنیف نہیں کی ہے یہ ترجمہ
ہے تفسیر اتقان کی عبارت کا پس اب جواب تفصیلی والے
غور کریں کہ جو قول صحیح حدیثوں سے مستند ہوا و صحابہ اور
تابعین اور تبع تابعین سے جو اکابر مفسرین تھے انکا مختار
ہوا اور نہایت معتبر تفسیروں میں اسپر بہت اعتماد کیا گیا
ہو تو ایسا قول تفسیر کبیر کو ضعیف کر دینے سے کیونکر ضعیف
ہو سکتا ہے جسکے حق میں جو اتقان میں لکھا ہے وہ علما کو
معلوم ہے پس یہ قول ہرگز ضعیف نہیں ہو سکتا بلکہ تفسیر
تو نام ہے اسی قول کا جو مستند ہو صحیح حدیثوں اور صریح
روایتوں سے اور اسکے مخالف قول کا تو کچھ اعتبار ہی نہیں
دانشمندوں کے نزدیک پس اب صاحب براہین اور اسکے
حواریین سے پوچھنا چاہیے کہ آپکی دیانت یہی ہے
کہ جو بات صحیح حدیثوں اور اقوال ثقات سے ثابت ہو
اسکی تغلیط کرنی مگر ان سے پوچھنے کی کیا حاجت ہے کہ یہ تو
حقتعالی کے امکان کذب اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
سے برابری اور برادری کے مدعی اور آپکے علم کو شیطان
لعین کے علم سے کم جانتے ہیں خدا ہی ان سے پناہ دے پانچویں
وجہ صاحب تفسیر کبیر نے جو وجوہ ضعف نسخ کے لکھے ہیں
وہ پہلی وجہ یہ ہے کہ پیغمبر علیہ السلام کا ضروری ہے
کہ اسکو اپنی نبی ہونیکا یقین ہو اور جب اسکو اپنی
نبوت کا یقین ہوا تو وہ جان لیگا کہ مجھ سے کبیرہ گناہ
صادر نہونگے اور میں مغفور ہوں پس اس حالت میں منع ہے کہ وہ

هذا ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا فلا خوف
علیهم ولا هم یحزنون فکیف یعقل ان یبقی الرسول
الذی هو رئیس الاتقیاء وقدوۃ الانبیاء والاولیاء
شاکا فی انہ هل هو من المغفورین او من المعذبین
الثالث انہ قال تعالی اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ
والمراد منہ کمال حالہ ونهایۃ قربہ من حضرۃ اللہ و
من هذا حالہ کیف یلیق بہ ان یبقی شاکا فی انہ من
المعذبین او من المغفورین انتہی بلفظہ مؤیدۃ لقولنا
وهو انہ صلی اللہ علیہ وسلم یدری بحسب حالتہ ولیس شاکا
بنفسہ فی انہ مغفور او معذب بل یتیقن بمغفرتہ
ونجاۃ امتہ ولهذا طعنها المکذبون حتی لا یبطل
قولهم بہ لکن هذہ الوجوہ لا تفید اصلا فی
نفی المنسوخیۃ لانہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یکن نفسہ
فی الواقع شاکا فی ذلک بل کان موقنا بنبوتہ وعصمتہ
ومغفرتہ ونجاۃ امتہ المرحومۃ فلما نزلت وما ادری
ما یفعل بی ولا بکم لنفی الدرایۃ المستقلۃ واثبات
منصب النبوۃ وطال لسان الطاعنین علیها بانا
کیف نتبع نبیا الذی ما کان یکفی الجواب لزعمهم منہ صلی اللہ
علیہ وسلم بانی رسول اللہ ومعصوم ومغفور لانهم
کانوا لا یؤمنون بہ بل یقولون ولولا انہ ابتدعہ الذی
یقولہ من تلقاء نفسہ لا جزم الذی بعثہ بما یفعل
نزلت فی جوابهم من الذی بعثہ لیغفر لک اللہ الآیۃ
فلا قباحۃ فی ذلک اصلا بل الکلام انما صدر

ولیوں کے حق میں قرآن کا فرمان ہے کہ بیشک جن لوگوں
نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر اسپر قائم رہے تو انپر نہ
خوف ہے اور نہ وہ اندیشہ ناک ہونگے پس کیونکر متصور
ہو سکے کہ ایسا رسول جو متقیوں کا سردار اور نبیوں کا پیشوا
ہے اسکو شک ہو کہ میں مغفور ہوں یا معذب تیسری
وجہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے کہ خدا خوب جانتا ہے جگہ
رکھنے پیغمبری کو اور مراد اس سے کمال حال نبی کا او
اسکا قرب ہے درگاہ الہی میں اور جو ایسا شخص ہے
تو کب لائق ہے کہ وہ شک کرے کہ میں معذبین سے ہوں
یا مغفورین سے یہ ترجمہ ہے عبارت تفسیر کبیر کا اب یہ
تینوں وجہ ہمارے مدعا کی مؤید ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا حسن خاتمہ
معلوم ہے اور آپکو اپنی بخشش یا عذاب میں کوئی شک نہیں ہے بلکہ آپ اپنی بخشش
اور اپنی امت کی نجات میں یقین رکھتے ہیں اسلیے جواب تفصیلی
والوں نے یہ وجوہ نقل نہیں کیے تا کہ انکی دلیل سے ہی
انکا قول باطل نہو جائے مگر ان وجوہ سے نفی منسوخیت
مستفاد نہیں ہوتی ہے اسلیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم فی الحقیقت شک میں نتھے بلکہ آپ کو اپنی پیغمبری اور
عصمت اور بخشش اور امت مرحومہ کی نجات پر یقین
تھا پس جب یہ آیت اتری کہ تو کہہ کہ میں نہیں جانتا
کہ مجھسے اور تمسے کیا کیا جائیگا جس سے [illegible]
نفی اور منصب نبوت کا اثبات تھا اور طعن کرنیوالوں
اسپر زبان درازی کی کہ ایسے نبی کی ہم کیا اتباع کریں
تو انکو زعم میں یہ جواب کافی تھا کہ میں ضرور نبی اور معصوم اور

الداودي ما يفعل بي وهمٌ الصواب ما يفعل
اي بعثمان لانه لا يعلم من ذلك الا بالوحي اليه
انتهى من مطبوعة الدهلي ثم رايت هذه العبارة
في اصل الشرح المكتوب بيد المصنف الموجود
في دار الكتب بمكة المعظمة والرابع في باب رؤيا
النساء في حديث سعيد عن الليث والله ما ادري
وانا رسول الله ما ذا يفعل بي وفي حديث
ابي اليمان عن شعيب قال ما ادري ما يفعل به
انتهى مع عينيه قال العلامة العيني اشار بهذا التعليق
الى ان المحفوظ في رواية الليث ما يفعل به وقد مر انه
الصواب دون قوله ما يفعل بي انتهى من المكتوب
بيد المصنف قلت وانما حكم بعض المحققين على
لفظ بي بانه وهم وغير صواب لانه من ايقن برسالته
يعلم قطعا بانه يفعل به الخير كما نطق به القرآن
الكريم مواقع منه واما في القرآن وما ادري ما يفعل
بي فقد سبق وجهه بانه كان سبب طيب خاطر
المؤمنين وتبكيت الكافرين والمنافقين فثبت
ان الحديث بالالفاظ المستندة لصاحب البراهين
مقتدا ثم مؤلف تقوية الايمان ليس في صحيح
البخاري اصلا وما في المشكوة سهو قلم ناسخ فالاستدلال
بالحديث المغير لفظا والمنسوخ معنى على عدم علم
عالم علوم الاولين والآخرين والفرح به كفرح
الكافرين والمنافقين كما مر نقله من التفاسير المعتمدة

داودی سے نقل کرتا ہے کہ میرے ساتھ کیا جائیگا لفظ
وہم ہے اور صواب جو کیا جائیگا عثمان سے کیونکہ آپ
نہیں جانتے مگر وحی سے آپکی طرف یہ مطبوعہ دہلی میں
ہے پھر فقیر نے اصل شرح عینی سے جو مصنف کے ہاتھ
کی لکھی ہوئی مکہ معظمہ کے کتابخانہ میں ہے یہ عبارت دیکھی
چوتھی باب رؤیا النساء میں حدیث سعید کی لیث سے کہ بخدا
میں نہیں جانتا حالانکہ میں رسول خدا
ہوں کہ مجھ سے کیا کیا جائیگا
اور حدیث ابی الیمان شعیب سے ہے
کہ آپنے فرمایا کہ میں نہیں جانتا کہ اس سے کیا کیا
جائیگا یہ عبارت بخاری کا ترجمہ ہے علامہ عینی فرماتے ہیں
کہ بخاری نے اس تعلیق سے اشارہ کیا ہے کہ محفوظ روایت
لیث سے یہ ہے کہ کیا کیا جائیگا عثمان سے سوا اسکے کہ کیا کیا
جائیگا مجھ سے یہ شرح علامہ عینی کی دستخطی سے منقول ہے
فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے کہ یہ جو بعض محققین نے لفظ بی
کو وہم اور غیر صواب کہا ہے تو اسکی وجہ یہ ہے کہ جسکو
اپنی رسالت پر یقین ہو وہ یقینا جانتا ہے کہ اس سے
نیکی کی جائیگی جیسا کہ قرآن مجید اسپر ناطق ہے اور فرقان
حمید میں جو ما یفعل بی ہے اسکی وجہ اوپر گذر چکی ہے
کہ یہ فرمانا مؤمنوں کی دلخوشی اور کافروں منافقوں کی
شرمندگی کا سبب ہوا تھا پس ثابت ہوا کہ وہ حدیث صاحب
براہین اور اسکے پیشوا تقویۃ الایمان والے کے متن بلفظہ
سے ہرگز صحیح بخاری میں نہیں اور مشکوۃ میں سہو قلم ہو گیا ہے

على مقتضى المقام ويضعفه من لم يتامل في اصل
المرام والله ولي الالهام والسادس ان حديث
والله ما ادري ما يفعل بي ولا بكم اخرجه في
المشكوة عن ام العلاء الانصارية وقال في آخره
رواه البخاري ثم وجدنا هذا الحديث في صحيح البخاري
في مواضع الاول في باب الدخول على الميت بعد
الموت اذا ادرج في اكفانه وفيه قول ام العلاء
لعثمان بن مظعون فشهادتي عليك لقد اكرمك
الله فقال النبي صلى الله عليه وسلم وما يدريك ان الله
اكرمه فقلت بابي انت يا رسول الله فمن يكرمه
الله فقال عليه السلام اما هو فقد جاءه اليقين
واني لارجو له الخير والله ما ادري وانا رسول الله
ما يفعل بي (وهذه رواية يحيى بن بكير عن الليث)
وفي رواية نافع بن يزيد عن عقيل ما يفعل به (اي
بعثمان) وتابعه شعيب وعمرو بن دينار ومعمر
انتهى ما في الصحيح والثاني في باب القرعة في المشكوة
من كتاب الشهادة وفيه واني لارجو له الخير
والله ما ادري وانا رسول الله ما يفعل به وعلى
حاشيته بعلامة العيني اي بعثمان لانه لا يعلم من
ذلك الا بالوحي اليه انتهى والثالث في كتاب
الهجرة باب مقدم النبي صلى الله عليه وسلم وفيه
والله واني لارجو له الخير وما ادري وانا رسول الله
ما يفعل به وفي نسخة بي وكتب على حاشيته العيني قال

جو اصل مقصود میں غور کریگا وہ اسکو ضعیف نکہیگا اور خدا
ہی مالک الہام کا ہے چھٹی وجہ یہ ہے کہ حدیث بخدا میں
نہیں جانتا کہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائیگا
صاحب مشکوۃ نے اسکو ام العلا انصاریہ سے روایت کرکے
اسکے پیچھے لکھا ہے کہ یہ بخاری نے روایت کی ہے پھر
صحیح بخاری میں کئی جگہہ یہ حدیث ہے پہلے باب داخل
ہونے کے میت پر مرنے کے بعد جب کفن میں درج
کیجاسے اور اسمیں ام العلا کا عثمان ابن مظعون کو کہنا
ہے کہ میری شہادت تیری نسبت یہ ہے کہ بیشک خدا نے تیری
تعظیم کی تو اسپر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور تجھکو
کیونکر معلوم ہوا کہ تحقیق خدا نے اسکی تعظیم کی میں نے عرض
کی میرے ماباپ آپ پر قربان ہوں یا رسول اللہ پس خدا
کسکا اکرام کریگا تو آپنے فرمایا لیکن وہ اسکو یقین آگیا اور میں
اسکے لیے امید نیکی کی کرتا ہوں بخدا میں نہیں جانتا حالانکہ
میں رسول خدا ہوں میرے ساتھ کیا کیا جائیگا اور یہہ
روایت یحیی بن بکیر کی ہے لیث سے اور نافع کی روایت
یزید بن عقیل سے یہ ہے کہ اسکے ساتھ یعنی عثمان کے ساتھ کیا
کیا جائیگا اور شعیب اور عمرو بن دینار اور معمر نے بھی
ایسا ہی کہا ہے یہ ترجمہ ہے عبارت بخاری کا دوسری
کتاب شہادات باب قرعہ مشکوۃ میں یوں روایت
ہے کہ میں اسکے واسطے امید نیکی کی کرتا ہوں اور بخدا میں نہیں
جانتا حالانکہ میں رسول خدا ہوں کہ اسکے ساتھ کیا کیا جائیگا
اور اسکے حاشیہ پر بعلامت عینی درج ہے کہ مراد عثمان

لا یصلح الا للوهابیین المکذبین فنعوذ بالله من ذلك قال فی الجواب التفصیلی والاعتراض الثانی علی حدیث والله ما ادری ما یفعل بی ولا بکم ان الشراح صرحوا ان الحدیث لیس محمولاً علی الحقیقة قاله صلی الله علیه وسلم لزجر امرءة شهدت بالجنة فی حق عثمان ابن مظعون رضی الله عنه کما فی مجمع البحار وترجمة المشکوة للمحدث الدهلوی وغیرهما فالجواب ان الشراح غلطوا هذا ایضاً قال القاری فی المرقات ما یفعل بی ولا بکم قال الطیبی فیه وجوه احدها ان هذا القول منه حین قالت امرءة لعثمان بن مظعون لما توفی هنیئاً لك الجنة زجراً لها علی سوء الادب بالحکم علی الغیب قلت لا یخفی ان هذا سبب ورود الحدیث لا مدخل له فی ازالة الاشکال انتهی فظهر منه ان اظهاره فی موقع رفع الاعتراض غلط عظیم فلعل عادة القصوری اختیار القول الضعیف المرجوح الغلط وعدم اختیار التوجیه القوی کما فی المرقات وثالثها ان یکون نفیاً للدرایة المفصلة دون المجملة قلت هذا هو الصحیح الخ فجملة هذا هو الصحیح تقتضی الحصر ومقابل الصحیح غلط انتهی یقول الفقیر القصوری سلم صاحب البراهین مع الحواریین ان هذا الوجه نقلته من مجمع البحار وشرح المشکوة للمحدث الدهلوی لکن لما لم انقل

اوپر لکھا گیا ہی یہ سوا وہابیوں کے کسی اور کا کام نہیں ہے پناہ بخدا ازیں۔ اجواب تفصیلی میں لکھا ہی۔ دوسرا اعتراض کہ اس حدیث کو شراح نے حقیقت پر محمول نہیں کیا ہے آپنے ایک عورت کی زجر کیواسطے فرمایا تھا جسنے حضرت عثمان بن مظعون کو حق میں بہشت کی شہادت دی تھی چنانچہ مجمع البحار اور ترجمہ مشکوۃ وغیرہما میں ہی اسکا جواب یہ کہ انکی بھی شراح نے تغلیط کی ہے علی قاری نے تحت ما یفعل بی ولا بکم میں طیبی نے لکہا اسمیں چند توجیہیں ہیں ایک تو یہ کہ یہہ ارشاد ایک عورت کی بے ادبی پر زجر کے لیے فرمایا تہا کہ اسنے عثمان بن مظعون کے جنتی ہونیکا حکم کیا جو غیب پر حکم ہے میں کہتا ہوں مخفی نہیں کہ یہہ حدیث کو ورود کا سبب ہی اسکو اشکال کے رفع ہونے میں کچہہ دخل نہیں ہی اس سے صاف ظاہر ہے کہ اسکو موقع رفع اعتراض میں ذکر کرنا بڑی غلطی ہے شاید قصوری صاحب کی عادت ہے کہ قول ضعیف و مرجوح وغلط کو ہی اختیار فرمایا کرتے ہیں اسمیں جو توجیہات قوی تہیں آپنے انکا نام تک نہ لیا چنانچہ مرقات میں ہی تیسری توجیہ یہہ ہی کہ یہہ نفی درایت تفصیلی کی ہے نہ مجمل کی میں کہتا ہوں کہ یہی صحیح ہے۔ جملہ هذا هو الصحیح حصر کو مقتضی ہے اور صحیح کا مقابلہ غلط ہوتا ہے انتہی بلفظہ فقیر قصوری کان الله له کہتا ہے کہ صاحب براہین مع حواریین نے اتنا تو مان لیا ہے کہ وہ وجہہ فقیر نے مجمع البحار اور ترجمہ مشکوۃ سے نقل کی ہی لیکن جو نکہ فقیر نے

عبارتهما روماً للاختصار فامکن للمکذبین تغلیطه فها انا انقل کلامهما کی یظهر ان التغلیط غلط قال فی مجمع البحار ناقلاً عن الطیبی ان تخصیص هذا الحدیث بالامور الدنیویة یخالف مورده ثم ذکر التوجیه الاخیر بقوله او زجر لقائلة عثمان هنیئاً لك الجنة لحکمها بالغیب انتهی وقال الشیخ المحدث الدهلوی ان هذا الحدیث غیر محمول علی الحقیقة ومنفی فی حق سائر الانبیاء عموماً وسید الانبیاء خصوصاً صلوات الله علیهم اجمعین لان الدلائل القطعیة تنطق بحسن خاتمتهم بالیقین وانما قاله صلی الله علیه وسلم لزجر امرءة شهدت بالجنة والعاقبة بالخیر فی حق عثمان بن مظعون فی حضوره صلی الله علیه وسلم وقال ایضاً والحق ان هذا الحدیث قاله علیه السلام قبل نزول اٰیة لیغفر لك الله ما تقدم فبعد نزولها ما بقی ابهام وحصل الیقین بخیر العاقبة انتهی مترجماً وقال الشیخ الاسلام العینی فی شرح البخاری لانه علیه السلام لا ینطق عن الهوی فانکر علی ام العلاء قطعها علی عثمان اذ لم تعلم هی من امره شیئاً انتهی من نسخته المکتوبة بید المصنف الموجودة فی دار الکتب بمکة المحمیة وقد مر سابقاً من هذا الشرح ناقلاً عن بعض المحققین ان ما یفعل بی وهم وما یفعل به هو العذاب فلا شك فی ان المقصود من هذا الکلام زجر ام العلاء

اختصار کیوجہہ سے ان کی عبارتیں جو نقل نہیں کی تہیں اسسے مکذبین کو موقع غلط بنانے کا ملگیا اب انکی عبارتیں نقل کرکے انکی تغلیط کو غلط کردیتا ہوں مجمع بحار الانوار میں طیبی سے نقل کیا ہے کہ اسحدیث کو دنیی کاموں سے خاص کرنا اسکے مورد کی برخلاف ہے پہر توجیہ اخیر یوں لکھی ہے کہ یا یہہ زجر ہے عثمان کو جنتی ہونیکی شہادت دینے والی عورت کو کہ اسنے غیب کا حکم دیا تہا اھ۔ اور محدث دہلوی نے لکہا ہے کہ یہہ حدیث حقیقت پر محمول نہیں ہے اور سب نبیوں سے عموماً اور سید المرسلین صلی الله علیه وعلی اخوانه وعترته وسلم سے خصوصاً یہہ امر منفی ہے کیونکہ دلائل قطعیہ سے انکا حسن خاتمہ یقینی اور آپنے صرف ایک عورت کی زجر کرنے کو ایسا فرمایا تہا۔ جسنے بہشتی اور عاقبت بخیر ہونے عثمان بن مظعون کے آپکے روبرو شہادت دی تہی پس اس غیبی بات کی تصریح پر آپ ناراض ہوئے اور ایسا فرمایا اور حق یہہ ہی کہ یہہ حدیث آیت مغفرت کے پہلے کی ہے اور اسکے نزول کے بعد کوئی ابہام نہ رہا اور خوبی عاقبت کا یقین ہو گیا اھ اور شیخ الاسلام عینی شرح بخاری میں لکہتے ہیں کہ آنحضرت صلی الله علیه وسلم تو وحی سے ہی فرماتے تہے پس ام العلاء کے قطعی بہشتی ہونے عثمان کی شہادت پر آپنے انکار فرمایا اسلیے کہ انکو بہی خبر نہ تہی اسکے حال سے یہہ مصنف کی دستخطی شرح موجودہ کتب خانہ مکہ معظمہ سے منقول ہی اور اوپر بہی اسی شرح سے نقل بعض محققین لکہا گیا ہی کہ لفظ ما یفعل بی وہم ہی اور ما یفعل بہم

بشہادة قطعيته الخبر لعثمان لأنها انما تكون
بالوحي ولم يوح الى صاحب الوحي صلى الله عليه
وسلم الى الآن فانكار هذا التوجيه الصحيح و
جعله غلطا ومرجوحا كما قال به صاحب البراهين
مع الحواريين طعن على الحديث وتغليط المحدثين
المعتبرين بقي ما نقل من المرقات ان الصحيح
في رفع اشكال الحديث انتفاء الدراية المفصلة
دون المجملة ففيه ان الخطيب القسطلاني
قال في شرح البخاري تحت هذا الحديث فاصل
الاكرام معلوم قال البرماوي وكثير من التفاصيل
اي معلوم ايضا فالخفي بعض التفاصيل انتهى عنه
وظن هذا الفقير ان حمل على نفي الدراية المستقلة
لم يرد اشكال اصلا فتغليط صاحب البراهين
للوجه الذي اختاره عمائد المحدثين غلط يقينا
والله خير المتفهمين قال في الجواب التفصيلي و
ما قال القصوري على رواية تكفير الناكح بشهادة
الله ورسوله التي صرحت بها في الكتب الفقهية
وان كان الكلام فيها وسيعا لكن يكفي في جوابها ان
صاحب رد المحتار والطحطاوي وغيرهما صرحوا
بنقل المعتبرات ان هذه الرواية ضعيفة بل غير صحيحة
لان بعض الاشياء يعرض عليه عليه السلام وانه يعرف
بعض الغيب باعلام الله تعالى الخ فجوابه ان قول القصوري
بعدم صحة رواية التكفير غلط وعدم وقوفه عن الدليل

کہ وہ شہادت وحی سے ہوتی ہے اور صاحب وحی صلی اللہ
علیہ وسلم کی طرف اسکے بارہ میں کوئی وحی نہیں آئی تھی
پس اس توجیہ صحیح کا انکار کرنا اور اسکو غلط و مرجوح بنانا
صاحب براہین اور اسکے حواریین کا ہی کام ہے حدیث
اور محدثین معتبرین پر طعن ہے اور تغلیط ہے رہا وہ جو
مرقات سے لکھا ہے کہ صحیح رفع اشکال حدیث میں درایت
مفصل کی نفی ہے سوا مجمل کے اسمیں یہ خلل ہے کہ علامہ
قسطلانی شرح بخاری میں لکھتے ہیں کہ اصل اکرام تو یقینی
ہے برماوی نے کہا ہے اور بہت سی تفاصیل بھی معلوم
تھیں بعض تفاصیل پوشیدہ تھیں فقیر کان اللہ لہ کہتا
ہے کہ اس نفی کو درایت مستقلہ کی نفی پر حمل کریں تو سب
اشکال بالکل رفع ہو جاتا ہے۔ پس صاحب براہین کا وجہ مختار
محدثین کی تغلیط کرنی قطعی غلط ہے اور خدا ہی منتقم
کافی ہے جواب تفصیلی میں ہے روایت تکفیر ناکح بشہادۃ
اللہ و رسول سے جو کتب فقہیہ میں مصرح ہے اس پر قصوری
صاحب نے یہ اعتراض کیا کہ ہر چند اسمیں بہت سی گفتگو
ہے مگر اسیقدر جواب میں کافی ہے کہ رد المحتار و
طحطاوی وغیرہما میں معتبرات کی سند سے تصریح کی ہے
کہ یہ روایت تکفیر غیر صحیح ہے۔ کیونکہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم پر اشیا عرض ہوتے ہیں اور آپ باعلام
الٰہی بعض غیب جانتے ہیں الخ اسکا جواب سنیے کہ
قصوری صاحب کا روایت تکفیر ناکح بشہادۃ اللہ و
رسولہ کو غیر صحیح کہنا غلط اور ناواقفیت کی دلیل ہے

لان هذه الرواية قبلها المتقدمون والمتاخرون
فتغليطها تغليط جمهور الفقهاء قال القاري في
شرح الفقه الاكبر ثم اعلم ان الانبياء لم يعلموا المغيبات
من الاشياء الا ما اعلمهم الله تعالى احيانا وذكر
الحنفية تصريحا بالتكفير باعتقاد ان النبي صلى الله
عليه وسلم يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالى قل لا يعلم
من في السموات والارض الغيب الا الله كذا في
المسايرة انتهى وعلم من البحر الرائق وهذه الرواية
في عامة كتب الفقه مثل الدرر والفتاوى الهندية
والفتاوى لقاضيخان وغيرها والحاصل ان جميع
الفقهاء متفق على ان من اعتقد انه عليه السلام يعلم
الغيب يكفر لكن رواية الناكح تكلم فيها بعض المتأخرين
بنظر الاحتياط فان قابلنا قول البعض في مقابلة
الجمهور بفرض المحال فمبناه على انه ان كان في المسئلة
وجوه قوية للتكفير ووجه ضعيف لعدمه فالترجيحات
لعدم التكفير فلهذا احترزوا في هذه المسئلة
عن التكفير والا فتكفير معتقد علم غيب غير الله متفق
عليه فان كانت هذه الرواية غير صحيحة فلا يفيد القصوري
ايضا بل يدل على قصور فهمه وما في رد المحتار ان الاشياء
تعرض عليه ويعلم بعض الغيب باعلامه فنحن متفقون
في هذا لكن لا يثبت منه انه عليه السلام مطلق
عالم الغيب يا لعلم المحيط كما هو اعتقاد القصوري
فالاستناد لا لعلم مدعائه بامثال هذه الخرافات

جب اسکو متقدمین و متاخرین فقہا نے قبول کیا ہے
تو اسکی تغلیط جمہور فقہا کی تغلیط ہے علی قاری اپنے
شرح فقہ اکبر میں لکھتا ہے پھر جان لو کہ انبیا غیب
کی چیزیں نہیں جانتے مگر جو خدا انکو کبھی کبھی جتلا دیتے
اور حنفیوں نے اس اعتقاد کی کہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم غیب جانتا ہے تکفیر پر تصریح کی ہے کہ یہ آیت
کہ تو کہدے کہ آسمان اور زمین میں سوا خدا کے کوئی
غیب نہیں جانتا ہے تو اسکے مخالف ہے ایسا ہی مسایرہ میں ہے اور بحر الرائق
کا مسئلہ معلوم ہو چکا ہے جو عامہ کتب فقہ در مختار
و فتاوی عالمگیریہ و فتاوے قاضیخان وغیرہ میں
ہے الغرض تمام فقہا متفق ہیں کہ جو معتقد آپکے علم
غیب کا ہو وہ کافر ہے لیکن خاص جزئی ناکح بشہادۃ
اللہ و رسولہ کی بابت بعضے فقہاء متاخرین نے بنظر
احتیاط کلام کی ہے اگر بالغرض ہم ان فقہاء متاخرین
کے قول کو بمقابلہ جمہور فقہا کے وقعت کی نگاہ سے دیکھیں
تاہم اسکی بنیاد اسپر ہے جو فقہا نے لکھا ہے کہ اگر ایک
مسئلہ میں بہت سی وجوہ قویہ تکفیر کی ہوں اور ایک وجہ ضعیفہ
عدم تکفیر کی ہو تاہم ترجیح عدم تکفیر کو ہے اسلئے اس مسئلہ میں تکفیر سے
احتراز کیا گیا ورنہ مسئلہ تکفیر معتقد علم غیب غیر اللہ متفق
علیہ ہے پس اگر روایت غلط بھی ہو تاہم قصوری صاحب
کو کچھ مفید نہیں بلکہ انکے قصور فہم پر دال ہے خود
روایت رد المحتار سے جسکا ترجمہ قصوری صاحب نے نقل کیا
ہماری مدعا کی مثبت ہے یعنی آپ پر اشیا عرض ہوتی ہیں

لا يصلح من متدين ذي علم سوى متبعي فضل
الرسول انتهى ما في الجواب التفصيلي بقول الفقير
القصوري كان الله له وجه عدم صحة رواية تكفير
الناكح بشهادة الله ورسوله عليه السلام تصريح
الفقهاء بان الرسول يعلم بعض الغيب باعلام الله
سبحانه وايضا قال في المجموعة الخانية ناقلا
عن فتاوى الحجة والصحيح انه لا يكفر لان اعمال الامة
يعرض على النبي صلى الله عليه وسلم انتهى فثبت منه
ان رواية التكفير غير صحيح وما قال ان هذه الرواية
تبلها المتقدمون والمتاخرون دعوى بلا
دليل وما نقل من القاري تصريح الحنفية بالتكفير
باعتقاد ان النبي صلى الله عليه وسلم يعلم الغيب
الخ فلا تعلق لذلك بهذه الرواية ولا خلاف في كفر
من يعتقد ان النبي عليه السلام يعلم الغيب بنفسه
دون اعلام الله تعالى لان قول القاري الاما
اعلمهم الله تعالى احيانا صريح في ان المراد اعتقاد
علم الغيب بنفسه وبالاستقلال على ان عبارة القاري
عليه رحمة الباري ثم اعلم ان الانبياء لم يعلموا المغيبات
في حق جميع الانبياء عموما وكلامنا في وسعة علم
سيد الانبياء خصوصا واعتقادنا انه صلى الله عليه
وسلم اعطي علما زائدا من جميع المخلوقات فضلا
عن ابليس شر البريات وهو العلم المعبر بعلم ما كان
وما يكون وان ثبت هذا بالقران والحديث وغيرهما

اپنے مدعا پر استدلال لانا سوا متبعان فضل رسول کے کسی دیندار
ذیعلم کا کام نہیں ہے۔ انتہے بلفظہ فقیر قصوری کان اللہ لہٗ
کہتا ہے کہ روایت تکفیر ناکح بشہادت خدا و رسول علیہ السلام
کی عدم صحت فقہا ہی کی تصریح ہے کہ رسول بعض غیب
جانتا ہے باعلام الٰہی اور نیز مجموعہ خانی میں فتاویٰ حجت
سے درج ہے کہ صحیح یہ ہے کہ کافر نہیں ہوتا ہے اسلیئے کہ
اعمال امت آپ پر عرض ہوتے ہیں اس پر ثابت ہوا کہ
روایت تکفیر کی غیر صحیح اور یہ دعویٰ کہ اس روایت تکفیر کو
متقدمین اور متاخرین نے قبول کیا ہے بلا دلیل ہے اور علامہ
قاری نے جو حنفیوں کی تصریح نقل کی ہے اسپر کہ معتقد علم غیب
نبی کا فر ہے تو اسکو اس روایت سے کوئی تعلق نہیں اور بیشک
جو بھی اعتقاد کرے کہ نبی علیہ السلام خود بخود غیب جانتے
ہیں وہ کافر ہے اسلیئے کہ قاری کا یہ لکھنا مگر جو خدا انکو
کبھی معلوم کرا دے صریح ہے اسمیں کہ مراد علم غیب خود بخود کا
مستقل کی ہے۔ علاوہ ازیں یہ عبارت علامہ قاری
کی سب انبیا کے حق میں عموماً ہے اور ہماری کلام آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی وسعت علم میں ہے خصوصاً اور
ہمارا یہ اعتقاد ہے کہ آپ کو علم ساری مخلوقات سے زائد
دیا گیا ہے چہ جائیکہ شیطان مردود اور آپ کا
وہ علم جو ما کان و ما یکون سے
تعبیر کیا گیا ہے ہر چند اسکا
ثبوت قرآن و حدیث سے

کما سنبینه عنقریب لاکن نثبته ههنا بقول القاري
حتى يظهر قصور فهم المكذبين وتعصبهم في الدين
في الشفاء وشرحه للقاري وكانت معارفه صلى الله
عليه وسلم في نهاية لاترام وغاية لاتسام (الى قوله)
واطلعه عليه من علم ما كان في عالم الشهادة
وما يكون في عالم الغيب من السعادة والشقاوة
(الى قوله) لقوله تعالى وعلمك ما لم تكن تعلم وكان فضل الله
عليك عظيما انتهى بقدر الحاجة وايضا قال القاري
عليه رحمة الباري في شرح القصيدة البردة تحت
قوله ؎ فان من جودك الدنيا وضرتها ؛ و
من علومك علم اللوح والقلم وكون علومهما من
علومه صلى الله عليه وسلم ان علومه تتنوع الى الكليات
والجزئيات وحقائق ودقائق وعوارف ومعارف
تتعلق بالذات والصفات وعلمهما يكون سطرا
من سطور علمه ونهرا من بحور علمه صلى الله عليه
وسلم انتهى وايضا قال القاري في المرقات تحت
حديث صلوا علي فان صلوتكم تبلغني حيث كنتم
قال القاضي وذلك ان النفوس الزكية القدسية
اذا تجردت عن العلائق البدنية عرجت واتصلت
بالملاء الاعلى ولم يبق لها حجاب فترى الكل كالمشاهد
بنفسها وباخبار الملك لها وفيها سر يطلع عليه من
تيسر له انتهى وهكذا في رسالة انموذج للسيوطي وحجة الله
البالغة لشاه ولي الله الدهلوي وما قال ان معنى كلام

جیسا کہ عنقریب مذکور ہوگا لیکن ہم اس جگہ علامہ قاری
کی ہی کلام سے ثابت کر دکھاتے ہیں تاکہ مکذبین کا قصور فہم
اور تعصب ظاہر ہو جائے یہی علامہ قاری شرح شفا
میں لکھتے ہیں کہ آپکے معلومات بے نہایت اور لاغایت
تھے اور آپکو علم اسکا جو چیز ہوئی ہے اور ہوگی سعادت
و شقاوت سے سب کی اطلاع دیگئی ہے۔ بدلیل آیت
اور تعلیم کیا تجھکو جو تو نہیں جانتا تھا اور خدا کا فضل تجھ پر بڑا
ہے اور نیز یہی علامہ قاری شرح قصیدہ بردہ میں
لکھتے ہیں اسکی تحت کہ آپکی بعض بخشش دنیا و آخرت ہے
اور بعض علوم آپکے سے علم لوح و قلم ہے کہ علم لوح
و قلم کا آپکی علوم کا بعض اسوجہ سے ہے کہ آپکے علوم کلیات
اور جزئیات اور حقائق و دقائق اور عوارف و معارف
متعلق ذات و صفات کی طرف منقسم ہیں اور علم لوح
و قلم کا آپکے علموں سے ایک سطر اور آپکے علموں کے دریاؤں
سے ایک نہر ہے اور نیز یہی قاری مرقات میں
کہ تم مجھپر درود بھیجا کرو تمہارا درود مجھکو ضرور پہنچتا
جہاں کہیں تم ہوگے قاضی نے کہا ہے اور یہ اسلیئے کہ پاک
نفس جب بدنی علائق سے خالی ہو کر اونچے جاتے
اور ملاء اعلیٰ سے متصل ہوتے ہیں اور کوئی پردہ نہیں
رہتا ہے تو سب کو دیکھتے ہیں جیسا کوئی خود دیکھ رہا ہو
یا فرشتہ کی خبر دینے سے انکو اور اسمیں بھید ہے مطلع ہوتا
ہے اسپر جسپر آسان ہو اور ایسا ہی امام سیوطی کے رسالہ انموذج
اور شاہ ولی اللہ کی حجۃ اللہ البالغہ میں درج ہے اور یہ دعویٰ کہ

بعض المتاخرین فی روایۃ تکفیر الناکح علی انہ کان فی المسئلۃ وجوہ قویۃ للتکفیر ووجہ ضعیف لعدمہ فالرجحان لعدم التکفیر کذب محض لانہ لیس فی ہذہ الروایۃ وجہ واحد یوجب التکفیر فضلا عن الوجوہ لانہا مخالفۃ لقولہ تعالی عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول کما صرح بہا من الفقہاء المعتبرین والحمد للہ علی تکذیبہ المکذبین وما قال انا نتفق فی انہ علیہ السلام یعرض علیہ الاشیاء ویعلم بعض الغیب باعلامہ لکن لا یثبت منہ مطلق علم الغیب بالعلم المحیط فان اراد منہ نفی علم الغیب المطلق والاحاطۃ بالاشیاء کاحاطتہ تعالی فنحن ایضا قائلون بنفیہ وان اراد نفی العلم المحیط بالارض لہ علیہ السلام مع انہ ثبت ہذہ الاحاطۃ للشیطان ویقول انہ ثابت بالنص والاول غیر ثابت بہ کما نقل عنہ فھو صریح الخسران وبدیھی البطلان لان من اعطی علم ما یکون وما کان فکیف یکون ناقصا فی العلم من الشیطان وسیجیٔ ابطالہ علی الاعلان بعد الاعلان وعلی اللہ المستعان فی جمیع الامور والتکلان قال فی الجواب التفصیلی ان القصوری ادعی بتقلید المولوی فضل الرسول ان علم الغیب المخصوص بہ تعالی ہو العلم الذاتی والاستقلالی وہذا معنی الآیات والاحادیث الدالۃ علی انہ لا یعلم الغیب الا اللہ قلت انہما غلطا

کہ بعض متاخرین نے جو روایت تکفیر ناکح بشہادت ورسول میں گفتگو کی ہے اسکی بنیاد اسپر ہے کہ جب اس مسئلہ میں کئی وجوہ قوی تکفیر کی ہوں اور ایک وجہ عدم تکفیر کی ہو تو رجحان عدم تکفیر کو ہوگا محض ہے کیونکہ اس مسئلہ میں تو کوئی ایک وجہ بھی تکفیر ہے چہ جائیکہ بہت وجہہ تکفیر کی ہوں اسلئے کہ یہ ہے آیت کو کہ خدا غیب دان ہے اپنے غیب پر کسی نہیں کرتا مگر رسول پسندیدہ کو جیسا کہ معتبر فقہا کی ہوئی ہے اور یہ جو کہا ہے کہ آپس میں ہم متفق ہیں پر اشیا عرض ہوتی ہیں اور آپ بعض غیب با اعلام الٰہی جانتے ہیں لیکن اس سے مطلق علم غیب ثبوت نہیں ہوتا ہے۔ پس اگر اس سے مراد نفی علم مطلق اور احاطہ اشیاء مانند علم اور احاطہ باری تعالی ہے تو ہم بھی اسکی نفی کے قائل ہیں اور اگر مراد یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو علم محیط زمین کا نہیں ہے اور یہ احاطہ شیطان لعین کیواسطے نص سے ثابت ہے اور پہلا نص سے ثابت نہیں جیسا کہ جواب تفصیلی والوں کا قول ہے تو یہ بالکل باطل اور صریح جھوٹ ہے کیونکہ جنکو علم ما کان وما یکون کا دیا گیا ہو انکا علم شیطان کے علم سے کیونکر ناقص ہوگا اور قریب اسکا بطلان مذکور ہوگا اور سب کاموں میں خدا ہی مددگار ہے اور اسی پر توکل ہے۔ جواب تفصیلی میں ہے بعد اسکے مولوی قصوری نے بتقلید مولوی فضل رسول کے مدعی ہوئے کہ علم غیب مخصوص

بخصہ ان الاختصاص بالذاتی بل کون العلم ذاتیا وقدیما ایضا مختص بذاتہ سبحانہ ولو کان الاختصاص بالذاتی فقط فیلاحظ فی الالوہیۃ ایضا والحال ان جمیع کفار العرب لم یعتقدوا الہتہم بالذات وکفرہم منصوص بالقران وثانیا لم یکفر مثبت علم الغیب لغیر اللہ تعالی وتکفیر معتقد علم الغیب لغیرہ تعالی مصرح فی الکتب الفقہیۃ وان تاملنا یعلم ان العلم الذاتی الاستقلالی غیبا کان او شہادۃ مخصوص بہ تعالی فتخصیص علم الغیب بہ تعالی وعدم تخصیص العلم الشہودی بہ سبحانہ من کمال الایمان القصوری انتہی یقول الفقیر القصوری کان اللہ لہ قد علم سابقا ان صاحب البراہین مع الحواریین اذا بینوا امرا بدلیل لم یہتدوا الی سبیل بل یضلون عن الطریق السوی لقصور فہمہم الغوی او التعصب القوی فلما قالوا انہم فلا خفاء فی بطلان سعیہم ولیعلم ان الغیب ما غاب عن ادراک الحواس الظاہرۃ والباطنۃ فلا یعلم بالمشاہدۃ والوجدان ولا تدخل اسبابہ وعلاماتہ فی العقل والفکر حتی یعلم بالبداہۃ والاستدلال وہذا الغیب غیب عند احد وشہادۃ عند غیرہ فعالم الالوان غیب عند الاکمہ والاصوات والنغمات والالحان شہادۃ عندہ ولذۃ الجماع غیب عند العنین والجوع والعطش غیب عند الملائکۃ

اختصاص کچھ صرف ذاتی میں ہی منحصر نہیں بلکہ محیط ہونا اور قدیم ہونا بھی مختص باری تعالی سے ہے اور اگر مدار اختصاص کا صرف ذاتی ہونے پر ہو تو اول تو الوہیت میں بھی ملحوظ ہو حالانکہ تمام کفار عرب اپنے آلہ کو الہ بالذات نہیں اعتقاد کرتے تھے اور انکا کفر بنص قرآنی ثابت ہے دوسرے غیر خدا کیواسطے علم غیب کی مثبت کی تکفیر جائز نہ ہوتی حالانکہ کتب معتبرہ فقہیہ میں اسکی تکفیر مصرح ہے اور اگر غور سے دیکھا جاوے تو مطلق علم ذاتی استقلالی خواہ غیب یا شہادت مختص بذات پاک حق تعالی ہی معلوم ہوتا ہے مقصود یہ کہ صاحب علم غیب ذاتی استقلالی کو مختص بذات باری تعالی اعتقاد کرتے ہیں اور علم شہادت کو مخصوص بذات باری نہیں کرتے ہیں یہ انکی کمال ایمانداری ہے۔ راقم بفضلہ فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے کہ اوپر سے بخوبی معلوم ہو چکا ہے کہ صاحب براہین مع حواریین جب کوئی مسئلہ دلیل کے ساتھ بیان کرینگے تو ہر بات بھی بے راہ ہی جاتے ہیں اپنے قصور فہم یا تعصب سے پس جب اپنی عقل سے کچھ کہینگے تو وہ بالکل ہی باطل ہوگا جان لو کہ غیب نام ہے اس چیز کا جو حواس ظاہرہ وباطنہ سے غائب ہو تاکہ مشاہدہ اور وجدان سے معلوم نہو سکے اور اسکے اسباب علامات بھی عقل اور فکر میں نہ آویں تاکہ بداہت اور استدلال سے معلوم ہو سکے یہ قسم غیب کا کسیکے نزدیک غیب ہے اور کسی کے نزدیک ظاہر ہے دیکھو اندھے کیواسطے رنگ غیب ہو اور آواز

والجنة والنار شهادة وهذا القسم من الغيب يسمى
اضافيا والغيب بالنسبة عن جميع المخلوقات
غيب مطلق ومخصوص بذاته تعالى انتهى ما في
تفسير فتح العزيز مترجما بقدر الحاجة وسيجی
ما بقي في موضعه وهكذا في التفاسير المبسوطة و
غيرها فعلم ان الغيب بقسميه لا يختص به سبحانه
فقول اختصاص العلم بالشهادة بذاته تعالى مما
لا يقول به احد من ذوی العقول لان خاصة
الشئ ما يوجد فيه ولا يوجد في غيره ثم قال
العلامة النسفي تحت اية وما كان الله ليطلعكم
على الغيب وما كان ليوتی احدا منكم علم الغيوب
فلا تتوهموا عند اخبار الرسول بنفاق الرجل
واخلاص الآخر انه يطلع على ما في القلوب باطلاع
الله تعالى فيخبر عن كفرها وايمانها ولكن الله يجتبي
من رسله من يشاء اي ولكن الله يرسل الرسول
فيوحي اليه ويخبره بان في الغيب كذا وان فلانا في
قلبه الاخلاص وفلانا في قلبه النفاق فيعلم ذلك من جهة اخبار الله
تعالى لا من جهة نفسه انتهى ما في المدارك وقال القاضي
البيضاوي تحتها وما كان الله ليطلعكم على الغيب
ولكن الله يجتبي من رسله من يشاء وما كان ليوتی
احدكم علم الغيب فيطلع على ما في القلوب من كفر
وايمان ولكن الله يجتبي لرسالته من يشاء فيوحي
اليه ويخبره ببعض المغيبات انتهى بقدر الحاجة

اور بہشت و دوزخ شہادت ہیں اور اس غیب کو غیب اضافی
کہتے ہیں اور جو چیز سب مخلوقات کی بہ نسبت غیب ہی
وہ غیب مطلق اور مخصوص بذات باریتعالے ہی یہ
تفسیر فتح العزیز کی عبارت ضروریکا ترجمہ ہے اور باقی
بھی اپنے موقعہ پر مذکور ہوگا اور ایسا ہی دوسری تفسیروں میں
ہے اس سے معلوم ہوا کہ غیب کی بھی دونو قسم حقتعالے
سے خاص نہیں ہیں تو علم شہادت کو خدا پاک
سے مخصوص بنانا کسی دانشمند کا قول نہیں ہے اسلیئے کہ
خاصہ نام ہے اسکا جو اپنے مخصوص میں موجود ہو
اور دوسری میں نہو پھر تفسیر مدارک میں آیت وما کان اللہ
لیطلعکم علی الغیب کے نیچے لکھتے ہیں اور ہر کسیکو تم میں سے غیب کے
علم نہیں دیئے گئے - پس جب رسول کسیکے نفاق یا ایمان کی
خبر دے تو یہ وہم نکرنا کہ وہ خدا کیطرح دلونکی باتوں پر مطلع
ہے - پس انکے کفر اور ایمان سے خبر دیتا ہے ولکن اللہ یجتبی
من رسلہ من یشاء یعنی ولیکن خدا وحی کے ذریعہ سے
رسول کو خبردار کرتا ہے کہ فلانے کے دلمیں نفاق ہے اور فلانے
کے دلمیں اخلاص ہے پس رسول اللہ تعالے کے خبردار کرنے سے جانتا
ہے نہ خود بخود ا ھ اور تفسیر بیضاوی میں ہے کہ ہر کوئی
تمہارا علم غیب نہیں دیا جاتا تاکہ دلوں کے ایمان اور
کفر سے مطلع ہو ولیکن حقتعالے اپنی رسالت کیواسطے
جسکو چاہتا ہے چن لیتا ہے پس اسکیطرف وحی کرتا ہے
اور غیبوں سے کسی علم کی اسکو خبر دیتا …

فعلم من ذلك ان اختصاص علم الغيب الذاتي الا
ستقلالي به سبحانه يعلم من الآيات والتفاسير
والقائل به على الحق المنير ولما كان ذاته صلى الله عليه
وسلم حادثا غير قديم فكذالك صفاته فلا حاجة
الى اخراج العلم القديم من علمه عليه الصلوة والتسليم
ومن اختص احاطة ما في الارض بل ما في السموات
ايضا به سبحانه ونفى ذلك عن الانبياء فقد خالف
القرآن والحديث قوله تعالى وكذلك نری ابرهيم
ملكوت السموات والارض وليكون من الموقنين
وقال عليه السلام فعلمت ما في السموات والارض كما
سيجئ ذكره مفصلا ولما كان وجوب الوجود والالوهية
مختصا به تعالى مطلقا فما الحاجة في تخصيصهما
بالذاتي وقياسه على العلم بالغيب قياس مع الفارق
كما مر وايضا في المدارك تحت اية ولكن الله يجتبي
من رسله من يشاء والاية حجة على الباطنية فانهم
يدعون ذلك العلم لامامهم فان لم يثبتوا النبوة له
صاروا مخالفين للنص حيث اثبتوا علم الغيب لغير
الرسول وان اثبتوا النبوة له صاروا مخالفين لنص
آخر وهو قوله وخاتم النبيين انتهى والكلام في تكفير
معتقد علم الغيب للنبي عليه السلام مر سابقا فتذكر
قال في الجواب التفصيلي واستيلائه عليه السلام على
بعض الغيب باعلامه تعالى كما جاء في كثير من الآيات
لقوله تعالى وما كان الله ليطلعكم الاية وعلمك ما لم تكن تعلم

پس اس سے معلوم ہوا کہ علم غیب ذاتی استقلالی ہی کا خدا کے
ساتھ مخصوص ہونا آیات قرآنی سے ثابت ہوتا ہے اور اسکا
قائل حق روشن پر ہے اور جب سرور عالم صلے اللہ علیہ
وسلم کی ذات اور صفات حادث ہیں قدیم نہیں تو علم
قدیم کو آپکے علم سے خارج کرنیکی کیا حاجت ہی اور جو
زمین بلکہ آسمان کی چیزوں کے احاطہ کو خدا پاک سے
مخصوص کرتا اور انبیاء سے اسکی نفی کرتا ہے وہ قرآن
اور حدیث کی مخالف ہے قرآنمجید میں ہے اور اسیطرح ہم
دکھانے لگے ابراہیم کو سلطنت آسمان اور زمین کی تا
تاکہ اسکو یقین آوے - اور صحیح حدیث ہی پس جان لیا میں نے
جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے جسکا مفصل ذکر عنقریب
آتا ہے اور جب وجوب وجود اور الوہیت ہر وجہ حقتعالے
کے ساتھ خاص ہے تو انکو ذاتی سے مخصوص کرنا اور علم
غیب پر قیاس فرمانا قیاس مع الفارق ہے جیسا کہ
اوپر مذکور ہوا ہے اور نیز تفسیر مدارک میں آیت ولکن اللہ
یجتبی من رسلہ من یشاء کے نیچے لکھتے ہیں کہ یہ آیت فرقہ
باطنیہ پر حجت ہے کہ وہ اپنے امام کے لیئے یہ علم ثابت کرتے
ہیں پس اگر امام کو لیئے نبوت ثابت نکریں تو نص کے مخالف
ہو کر غیر رسول کیواسطے علم غیب ثابت کرتے ہیں اور اگر
نبوت ثابت کریں تو آیت ختم نبوت کے مخالف ہوتے
ہیں اھ اور مسئلہ تکفیر معتقد علم غیب نبی علیہ السلام میں اوپر کلام
ہو چکی ہے اسکو یاد کر لو - جواب تفصیلی میں ہے اور با علام
باریتعالے بعض غیب پر مستولی ہونا سرور عالم صلعم کا جسکو بہت
آیتیں تفصیلا ثابت کرتی ہیں

وذلك من انباء الغيب الآية وتلك من انباء الغيب عالم الغيب فلا يظهر على غيبه احدا الآية واثبت منها القصوري ذلك فلا ننكره وهو عين عقيدتنا لكن اثبات العلم المحيط المعتقد عليه القصوري منها محال ونحن نحكم بان اثباته شرك انتهى يقول الفقير القصوري كان الله له لا اخفاء فى ان مدعاء الفقير تردید قول صاحب البراهين بان وسعة علم الشيطان واحاطته ثابتة بالنص ووسعة علمه عليه السلام لا ثبوت له من الدين واشراك بالرحمن كما هو منصوص الاعتراض عند اهل العلم والايمان واظهرت قصور فهمه وتعصبه من ذكر الحديث المحرف والمنسوخ او غير المحمول على الحقيقة والرواية الفقهية الضعيفة دليلين على قلة علم حبيب الرحمن وذكرت الآيات الخمس لاثبات تعليم علم الغيب له صلى الله عليه وسلم من الله المنان كما سلم المنكر الآن واعتقادي حسب اعتقاد اهل السنة ان علمه صلى الله عليه وسلم وسيع عن علم جميع المخلوقات فما ظنك بمعلومات رجيم الجنان كما اقمت على ذلك دلائل من القرآن واحاديث سيد الانس والجان وتكلم فيها صاحب البراهين مع الحواريين وترد ذلك ايضا بعون المستعان وبين معنى الاحاطة فى موضعه بالاعلان قال فى الجواب التفصيلی وما بين القصوري لوسعة علمه عليه السلام آية ما اوحى الى عبده ما اوحى وآية وعلمك ما لم تكن تعلم

اور ذلک من انباء الغیب الآیۃ اور تلک من انباء الغیب اور عالم الغیب فلا یظہر الآیۃ قصوری صاحب ارشاد فرماتے ہیں ہمکو انکار نہیں یہہ ہمارا عین عقیدہ ہے لیکن اسے علم محیط کا ثبوت جو معتقد علیہ قصوری صاحب کا ہے اور جسکو ہم شرک کہتے ہیں محال ہے انتہی بلفظہ فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے کہ یہہ بات پوشیدہ نہیں کہ فقیر کا مدعا صاحب براہین کی اس قول کی رد کہ شیطان کی وسعت علم اور احاطہ نص سے ثابت ہے اور آنحضرت علیہ السلام کی وسعت علم ثابت نہیں اور وہ شرک ہے جیسا کہ اعتراض سے اہل علم پر روشن ہے تردید ہے چنانچہ اسکا قصور فہم اور تعصب ظاہر کیا کہ حدیث محرف اور منسوخ یا غیر محمول معنی حقیقی پر اور روایت ضعیف ان دو دلیل سے آپکے علم کی قلت ثابت کی ہے اور فقیر نے پانچ آیتیں ذکر کی ہیں جنسے بتعلیم الٰہی آپکے واسطے حصول علم غیب متحقق ہے جسکو جواب تفصیلی والوں نے بھی تسلیم کر لیا ہے اور فقیر کا اعتقاد حسب اعتقاد اہلسنت یہہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا علم تمام مخلوقات کی علم سے وسیع ہے چہ جائیکہ علم شیطان مردود چنانچہ قرآن و حدیث سے اسکے دلائل قائم کئے گئے ہیں اور صاحب براہین مع حواریین نے جن دلائل پر اعتراض کئے ہیں انکا رد اور احاطہ کے معنے بھی اپنے موقع پر مبین ہوتے ہیں۔ جواب تفصیلی میں ہے اسکے بعد وسعت علم فخر عالم صلعم کے آیت ما اوحی الی

وهو الترجمة الحقائق والحسيني والمدارج فانا نؤمن بوسعة علمه ونعتقد بها لكن ما فهم القصوري منها الاحاطة العلمية له عليه السلام فهو غلط ولو قطعنا النظر عن ذلك فقد كتب فى التفسير الكبير تحت فاوحى الى عبده ما اوحى توجيهين احدهما اوحى الى محمد ما اوحى الى جبرئيل وثانيهما اوحى الى جبرئيل ما اوحى الى محمد فعلى هذا ما صدر به انتهى ملخصا فيفهم القصوري منه حقيقة استدلاله وايضا كتب الامام الرازي تحت وعلمك ما لم تكن تعلم توجيهين احدهما ان يكون المراد ما يتعلق بالدين كما قال ما كنت تدري ما الكتاب ولا الايمان وعلى هذا الوجه تقدير الآية انزل الله عليك الكتاب والحكمة واطلعك على اسرارهما واوقفك على حقائقهما مع انك ما كنت تدري قبل ذلك عالما بشيء منهما فكذلك يفعل بك فى مستانف ايامك۔ الوجه الثاني ان يكون المراد وعلمك ما لم تكن تعلم من اخبار الاولين فكذلك يعلمك من حيل المنافقين ووجوه كيدهم ما تقدر به على الاحتراز عن وجوه كيدهم ومكرهم انتهى ملخصا لعل القصوري ما لاحظ التفسير الكبير من هذا الموقع والا لم يستدل بهذه الآية فى مقابلتنا او لاحظ لكن ديانته ما اجازت له تركها وان سلم القصوري ان الابهام تفيد التعظيم فى كل موضع فيلزمه ان يعتقد كل فرد بشر

اور بحر الحقائق سے بحوالہ تفسیر حسینی اور مدارج النبوۃ سے بیان کئے بیشک حضرت فخر عالم کی وسعت علم پر بھی ایمان و اعتقاد ہے لیکن اس سے قصوری صاحب کا احاطہ علمی سمجھنا غلطی ہے قطع نظر اس سے تفسیر کبیر میں ذیل تفسیر فاوحی الی عبدہ ما اوحی دو توجیہیں لکھی ایک یہہ کہ محمد کیطرف وحی کی جو جبرئیل کو وحی کی دوسری جبرئیل کیطرف وحی کی جو محمد کیطرف وحی کی اسپر ما صدر بہ ہوا یہہ خلاصہ ہے تفسیر کبیر کا بس اس سے اپنے استدلال کی حقیقت سمجھ لیجئے اور آیت وعلمک ما لم تکن تعلم کی بھی امام رازی نے دو توجیہیں لکھی ہیں ایک یہہ کہ اس سے مراد وہ ہے جو متعلق دین کے ہے جیسا کہ فرمایا کہ تو نہیں جانتا تھا کہ کیا کتاب ہے اور نہ ایمان اور اسوجہ پر تقدیر آیت کی یہہ ہے کہ خدا نے تجھپر کتاب اور حکمت اتاری اور انکے اسرار پر تجھکو مطلع کیا۔ اور انکے حقائق پر تجھے وقوف دیا باوجودیکہ تو پہلے دونوں کو کچھہ نہیں جانتا تھا پس ایسا ہی آئندہ تجھسے معاملہ ہوگا دوسری وجہہ مراد اس آیت سے یہہ ہے کہ تعلیم کیا تجھکو جو تو نہیں جانتا تھا پہلے لوگونکی خبریں پس ایسا ہی تجھے تعلیم کر دیگا منافقوں کے حیلے اور مکر جسسے تو انکے مکر اور حیلہ سے بچنے پر قادر ہو جائیگا یہہ خلاصہ تفسیر کبیر کا ہے شائد اسموقع سے قصوری صاحب نے تفسیر کبیر کو ملاحظہ نہیں کیا ورنہ اس آیت کو ہمارے مقابلہ میں پیش نکرتے یا ملاحظہ کیا ہوگا مگر اسکی ترک کی دیانت نے اجازت ندی ہوگی اور اگر ابہام کو ہر جگہہ مفید کثرت مانیں تو وعلم الانسان

عالم ماكان وما يكون بدليل وعلم الانسان ما لم يعلم
ثم لا يستحيي القصوري في اثبات المعتقدات
من بحر الحقائق والحسيني والمدارج انتهى يقول
الفقير القصوري كان الله له ان المكذبين بتوا
في هذا التحرير وكتبوا آيت فاوحى بلفظ ما اوحى و
اختصروا الصلوة في موضع ثم تركوها في مواضع
وخانوا في النقل عن التفسير الكبير حسب العادة الجبلية
خيانة فاحشة واختاروا وقاحة ظاهرة بيانه
جهة انهم نقلوا في قوله تعالى فاوحى الى عبده ما اوحى التوجيهين
الاخيرين وتركوا ما بينه الامام في الابتداء من التوجيه
الوجيه قال الامام الرازي الوجه الثاني في عبده
على قولنا الموحى هو الله انه محمد صلى الله عليه وسلم معناه
اوحى الله الى محمد ما اوحى اليه للتفخيم وهذا
على ما ذكرنا من التفسير يرد على ترتيب في غاية الحسن
وذلك لان محمدا صلى الله عليه وسلم في الاول
حصل في الافق الاعلى من مراتب الانسان وهو النبوة
ثم دنا من جبريل وهو في مرتبة النبوة فصار رسولا
فاستوى وتكامل ودنى من الامة باللطف وتدلى
اليهم بالقول الرفيق وجعل يتردد مرارا بين امته
وربه فاوحى الله اليه من غير واسطة جبريل انتهى
بلفظه فانظر كيف حقق الامام العلم الوسيع لسيد
الانام عليه الصلوة والسلام واما ما نقل في الاية
الثانية اي وعلمك ما لم تكن تعلم وكان فضل الله عليك عظيما

عالم بعلم کی دلیل سے ہر ایک بشر کو عالم ما کان وما یکون
اعتقاد کرلیں اعتقادیات کے ثبوت میں بحر الحقائق و
تفسیر حسینی و مدارج کے ذکر سے قصوری صاحب کیوں
نہیں شرماتے انتہے بلفظہ فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے کہ اس
تحریر میں صاحب براہین مع حواریین ایسے سراسیمہ ہوکر
کہ آیت فاوحی کو ما اوحے لکھدیا اور ایک جگہ درود
بصورت صلعم مختصر کرکے پھر کئی جگہ بالکل چھوڑ دیا اور
حسب اپنی جبلی عادت کے تفسیر کبیر کی عبارت کی نقل
کرنے میں بھی خیانت فاحش کی کہ پچھلی دو توجیہیں نقل
کیں اور پہلی عمدہ توجیہ ترک کردی جسکو امام رازی لکھتے
ہیں کہ دوسری وجہ عبدہ میں ہمارے قول پر کہ وحی
کرنیوالا حق تعالی ہے اور بندہ محمد ہو صلے اللہ علیہ وسلم
معنے یہہ ہوئے کہ خدا نے وحی کی محمد کیطرف جو وحی کی
تھی اسکو بزرگی اور تعظیم کیواسطے مبہم رکھا اور یہہ وجہ
تفسیر کی نہایت حسن ترتیب پر واقع ہوئی ہے بدینوجہ
کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ابتدا میں مراتب
انسان کے اعلے مراتب میں حاصل ہوئی اور وہ
نبوت ہے پھر مرتبہ نبوت میں آپ جبرئیل کو قریب ہوکر
اور رسول بنے پس برابر اور کامل ہوئے اور لطف
سے امت کے نزدیک ہوکر ان سے ملائم باتیں کیں اور امت
اور رب کے درمیان آمد و رفت شروع فرمائی پس خدا
نے آپکی طرف بلا واسطہ جبرئیل وحی کی جو وحی کرنی تھی
ترجمہ ہوا عبارت تفسیر کبیر کا اب ملاحظہ کرو کہ امام رازی نے

[illegible]

فاولا خانوا في العبارة المنقولة ما كان مخالفا لزعمهم
من موضعين الاول تركوا من اخر قوله من في
مستانف ايامك (لا يقدر احد من المنافقين
على اضلالك وازلالك) والثاني تركوا ما كان
من كلامه نصا على سعة علمه صلى الله عليه وسلم
وهو قوله ثم قال وكان فضل الله عليك عظيما
وهذا من اعظم الدلائل على ان العلم اشرف الفضائل
والمناقب وذلك لان الله تعالى ما اعطى الخلق
من العلم الا القليل كما قال وما اوتيتم من العلم الا
قليلا ونصيب الشخص الواحد من علوم جميع الخلق
يكون قليلا ثم انه سمى ذلك القليل عظيما حيث
قال وكان فضل الله عليك عظيما وسمى جميع الدنيا
قليلا حيث قال قل متاع الدنيا قليل وذلك يدل على
غاية شرف العلم انتهى بلفظه فاعتبروا يا اولي الابصار
كيف اثبت الامام من هذه الاية وسعة علم
سيد الابرار بانه صلى الله عليه وسلم اعطي علوم
جميع الخلق وهي وان كانت بالنسبة الى علمه تعالى
قليلا لكن في حد ذاته سمى الله تعالى عظيما فقول
المكذبين بانا نؤمن بوسعة علمه عليه السلام تقية
من اعيان الرياسة الاسلامية وترك ذكرها يدل
على سعتها واختيار الوجوه الاخرى في ترديد قول
من يقول بالوسعة ليس الا دأب المنافقين
فارغا من بيان وسعة علم عالم علوم الاولين

پہلی اول عبارت منقولہ میں خیانت کرکے دو جگہ انکے زعم
کے مخالف کو چھوڑ دیا ہے پہلا آئندہ کے معاملہ کی بعد یہہ
عبارت کہ (کوئی منافقوں سے آپکے گمراہ کرنے اور
لغزش دینے پر قادر نہوگا) چھوڑ دی دوسری وہ عبارت
جو آپکے وسیع علم پر نص تھی، وہ سب کی سب خورد
برد کر گئے اور وہ وکان فضل اللہ علیک عظیما کی آخر
ہے یعنی اور یہہ بزرگ تر دلائل سے ہے علم کے اشرف
فضائل اور مناقب ہونے پر بدینوجہ کہ اللہ تعالے نے
مخلوق کو تھوڑا سا ہی علم دیا ہے جیسا کہ فرمایا کہ نہیں دئے
گئے تم علم سے مگر تھوڑا سا اور ایک شخص کو ساری مخلوق
کے علموں سے جو حصہ ملا تو وہ بھی تھوڑا ہی ہے پھر اس
تھوڑے کو اللہ تعالے نے بہت فرمایا آیت وکان فضل اللہ
علیک عظیما میں اور ساری دنیا کا نام بھی خدا نے تھوڑا
رکھا ہے جو فرمایا کہدو کہ سامان دنیا تھوڑا ہے اور یہہ
بات علم کی نہایت درجہ کی فضیلت پر دلیل ہے یہہ ترجمہ
ہے عبارت تفسیر کبیر کا اب صاحبان انصاف غور
سے دیکھیں کہ امام رازی نے کیا عمدہ اس آیت سے اثبات
کیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ساری مخلوقات
کا علم دیئے گئے ہیں ہرچند یہ علم بہ نسبت علم الہی کے
قلیل ہے مگر اپنی ذات میں اسکو حق تعالے نے بزرگ بات
تعبیر کیا ہے پس مکذبین کا یہہ کہنا کہ بیشک فخر عالم کی
وسعت علم پر بھی ایمان و اعتقاد ہے) ارکان ریاست
اسلامیہ کو تقیہ ہوا اور اس عبارت ذکر وسعت علم کو چھوڑ دینا اور

[illegible]

والآخرين بسند الامام لرغم انف المكذبين
فلنذكر شيئا من التفاسير المعتبرة الاخرى
لتفرح به قلوب الموحدين الموقنين في التفسير
النيسابوري قوله تعالى فاوحى الى عبده ما اوحى
وفيه تفخيم لشان الوحي قيل اوحى الله الصلوة
وقيل اوحى اليه ان الجنة محرمة على الانبياء حتى
تدخلها وعلى الامم حتى يدخلها امتك والظاهر انها
اسرار وحقائق ومعارف لا يعلمها الا الله ورسوله
وكان فضل الله عليك عظيما فيه دليل ظاهر على
شرف العلم حيث سماه عظيما وسمى متاع الدنيا باسرها
قليلا انتهى وفي مدارك التنزيل فاوحى الى عبده ما
اوحى تفخيم للوحي الذي اوحى اليه الخ وفي الجلالين
فاوحى الى عبده ما اوحى ولم يذكر الموحى تفخيما لشانه
انتهى وفي حاشية الجمل على الجلالين والاكثر على
ان المعنى فاوحى الله تعالى الى عبده محمد ما اوحى اه كرخي
قوله تفخيما لشانه اى واشارة الى عمومه وهو
جميع احكام الشريعة اه خطيب وفي القرطبي ثم
قيل هذا الوحي هل هو مبهم لا نطلع عليه وتعبدنا
بالايمان له على الجملة او هو معلوم مفسر قولان
الخ انتهى قال في الخازن وعلمك ما لم تكن تعلم
يعني من احكام الشرع وامور الدين وقيل علمك من علم الغيب
ما لم تكن تعلم وقيل معناه وعلمك من خفيات الامور
واطلعك على ضمائر القلوب وعلمك من احوال

جب امام رازی کے بیان سے کہ منکرین کی نگونساری کے طور پر تحقیق
وسعت علم سرور عالم صلی اللہ کا ذکر ہو چکا ہے تو اب اہل ایمان
کی دلخوشی کی غرض سے کچھ تھوڑا سا دوسری تفسیروں سے
بھی مذکور ہوتا ہے تفسیر نیشاپوری میں لکھا ہے آیت
فاوحی الی عبدہ ما اوحی اسمیں عظمت شان وحی کا بیان
ہے ایک قول ہے کہ نمازوں کی وحی تھی بعضے کہتے ہیں کہ یہ
یہہ وحی تھی کہ بہشت نبیوں پر حرام ہے جبتک آپ انمیں
داخل نہوں اور امتوں پر بھی جبتک آپکی امت داخل
نہو۔ اور ظاہر یہہ ہے کہ وحی بھید اور حقیقتیں اور معارف
تہیں جنکو سوا خدا اور اسکے رسول کے کوئی نہیں
جانتا اور آیت وکان فضل اللہ علیک عظیما میں ظاہر دلیل
علم کی شرافت پر کہ خدا نے اسکو بزرگ فرمایا اور ساری دنیا
کو قلیل یعنی تھوڑا سا نام رکہا یہہ تفسیر نیشاپوری کا ترجمہ ہے
اور تفسیر مدارک میں ہے کہ آیت فاوحے الی عبدہ ما اوحے
میں عظمت شان وحی کا بیان ہے۔ جو آپکیطرف ہوئی تھی
الخ تفسیر جلالین میں ہے کہ آیت فاوحے الی عبدہ ما اوحی
میں وحی کا ذکر نکیا اسکی عظمت شان کیواسطے اہ
حاشیہ جمل میں ہے کہ اکثر مفسرین اسپر ہیں کہ معنے آیت کے یہہ ہیں کہ
وحی کی حقتعالی نے اپنے بندے محمد کیطرف جو وحی کرنی تھی اہ کرخی
اور عظمت شان سے عموم وحی کی طرف اشارہ ہے اور وہ
تمام شرع کے احکام تھے اہ خطیب اور تفسیر قرطبی میں ہے کہ
کہ ایک قول ہے کہ یہہ وحی مبہم تھی جسپر ہم مطلع نہیں اور تمام
پر ہمارا ایمان ہے یا وہ وحی معلوم تفسیر کی گئی تہی دو قول ہیں

المنافقين وكيدهم ما لم تكن تعلم وكان فضل الله
عليك عظيما يعني ولم يزل فضل الله عليك
يا محمد عظيما انتهى قال في المدارك وعلمك
ما لم تكن تعلم من امور الدين والشرائع او من خفيات
الامور وضمائر القلوب وكان فضل الله عليك
عظيما فيما علمك وانعم عليك انتهى قال في
الجلالين وعلمك ما لم تكن تعلم من الاحكام والغيب
وكان فضل الله عليك عظيما بذلك وغيره
انتهى وقال الامام الزاهدي في تفسيره فاوحى الى
عبده ما اوحى اى تكلم مع عبده ما تكلم بگفت با بندہ
خود آنچه گفت از ابتدا تا انتہا ہمہ انبیا و رسل با ہمہ خلائق
عاجز آیند از دانستن تفسیر این ماخدا و اند عزوجل
و رسول وی صلی اللہ علیہ وسلم انتہی وفي تفسير روح
البيان وكذا صار علمه محيطا بجميع المعلومات الغيبية
الملكوتية كما جاء في حديث اختصام الملائكة انه قال
فوضع كفه على كتفي فوجدت بردها بين ثديي فعلمت
علم الاولين والآخرين وفي رواية علم ما كان وما
سيكون انتهى من الجلد السادس صفحة ۲۴۲ مطبوع
المصر وقال المحدث الدهلوي في مدارج النبوة
وآنچه کشف کردہ شد بروی صلی اللہ علیہ وسلم از جبروت
و لاہوت و مشاہدہ کرد از عجایب ملکوت کہ محیط نمی
تواند شد بآن عبارات و طاقت ندارد تحمل سماع او
فہوم و عقول لہذا اشارت برمز و ایما و کنایت

دی اور منافقوں کا حال اور مکر جو تجھے معلوم نتھے تعلیم کردی
اور خدا کا فضل آپ پر بزرگ ہے یعنی ہمیشہ سے یا رسول اللہ
آپ پر خدا کا فضل عظیم ہے اہ۔ اور تفسیر مدارک میں ہے
اور تعلیم کی آپ کو جو معلوم نتھا امور دین اور شرایع یا
پوشیدہ کاموں اور دلوں کے بھید سے اور خدا کا فضل
آپ پر بزرگ ہے۔ جو کچھ آپ کو تعلیم کیا اور جو آپ پر نعمت
دی اہ اور جلالین میں ہے اور تعلیم کیا جو آپ کو معلوم
نتھا احکام اور علم غیب سے اور خدا کا فضل آپ پر بزرگ
ہے اس تعلیم وغیرہ سے اہ اور تفسیر زاہدی میں ہے کہ آیت
فاوحی الی عبدہ ما اوحے کے معنے یہہ ہیں کہ خدا نے
اپنے بندہ سے کلام کی جو کلام کرنی تھی اول سے آخر
تک سارے نبی اور رسول اور تمام مخلوقات اسکے جاننے
سے عاجز ہیں خدا تعالے جانتا ہے یا اسکا رسول مقبول
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اہ اور تفسیر روح البیان میں ہے کہ آپکا
علم جمیع معلومات غیب ملکوتیہ کو محیط ہوگیا جیسا کہ حدیث
بحث ملائکہ میں آیا ہے کہ آپنے فرمایا ہے کہ حقتعالے نے اپنا
کف میرے شانوں میں رکہا۔ پس اسکی سردی میرے سینہ تک
پہونچی پس جان لیا میں نے علم اولین و آخرین کا اور ایک
روایت میں ہے علم اس چیز کا جو ہوئی اور وہ چیز جو ہوگی
اور یہہ چھٹی جلد مطبوعہ مصر کے ۲۴۲ صفحہ میں ہے۔ اور محدث
دہلوی مدارج النبوۃ میں لکہتے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر
جو کچھ جبروت اور لاہوت سے کشف کیا گیا اور عجایب
ملکوت سے آپنے مشاہدہ فرمایا جو بیان نہیں کیا جا سکتا

دال بر تعظیم بقول خود فاوحی الی عبدہ ما اوحی
انتہی فتحقق من القران والتفاسیر کثرۃ علمہ صلی اللہ
علیہ وسلم من جمیع المخلوقات وثبت ان انکار المکذبین
واہ وخرافات وما زعموا بان فی تسلیم العلم المحیط
لما فی السموات والارض لہ صلی اللہ علیہ وسلم یلزم
الاشراک باللہ تعالیٰ ولا اشراک فی تسلیم الاحاطۃ
للشیطان لیس ذلک الا العناد بحبیب الرحمن
والجہالۃ من علوم العلیم المنان فی حاشیۃ الشہاب
علی البیضاوی تحت قولہ تعالیٰ واعلم ما تبدون و
ما کنتم تکتمون ناقلا عن الطیبی لان معلوماتہ تعالیٰ
لا نہایۃ لہا وغیب السموات والارض وما یبدونہ
وما یکتمونہ قطرۃ منہا انتہی ثم الزام تسلیم ان الابہام
فی کل موضع یفید التعظیم ویشکل علیہ ان کل بشر
عالم ما کان وما یکون بدلیل علم الانسان ما لم یعلم
جنون وہذیان لوجہین الاول ان الکلام فی اثبات
وسعۃ علم سید البریات علیہ الصلوات وہی ثابتۃ
من ہذہ الآیۃ علی رغم المنکرین ایضًا لما فی تفسیر الامام
ابی منصور الماتریدی ثم قولہ علم الانسان ما لم یعلم یحتمل
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لقولہ وعلمک ما لم تکن
تعلم وکقولہ ما کنت تعلمہا انت ولا قومک من قبل ہذا
الخ انتہی والثانی انہ لا قائل بان الابہام فی جمیع المواضع
یفید التعظیم والتفخیم فالحکم بان الابہام فی الآیتین
لیس للتعظیم غیر صحیح وتغلیط قبیح قال البیضاوی وعلمک

جو دلیل تعظیم کی ہے بیان فرمایا کہ فاوحی الی عبدہ ما
اوحی الخ پس قرآن مجید اور معتبر تفسیروں سے سرور عالم صلے اللہ
علیہ وسلم کا کثرت علم بہ نسبت جمیع مخلوقات کے متحقق
ہوا اور پایہ ثبوت کو پہونچا کہ مکذبین کا انکار واہی اور
خرافات ہے۔ اور یہ انکا خام خیال کہ فخر عالم علیہ السلام
کے علم محیط زمین کو تسلیم کرنے سے شرک لازم آتا ہے
اور شیطان لعین کے علم محیط کے ماننے سے کوئی شرک
کا خوف نہیں ہے۔ یہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عناد نہیں
تو اور کیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے علموں سے بھی جہالت ہے
بیضاوی کے حاشیہ شہاب میں آیت واعلم ما تبدون و
ما کنتم تکتمون کے نیچے طیبی سے نقل کرکے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ
کے معلومات بے نہایت یعنی وراء الورا ہیں اور آسمانوں
اور زمینوں کی غیب اور جو چیز فرشتے ظاہر کرتے اور چھپاتے
ہیں خدا کے علموں سے ایک قطرہ ہے اہ پھر مکذبین کا یہ بیہودہ کہ
اب ہر جگہ ابہام کو مفید تعظیم ماننے سے ہر شخص کو عالم
ما کان وما یکون ماننا لازم آجائیگا بدلیل آیت علم الانسان
ما لم یعلم کے) یہی ہذیان اور جنون ہے دو وجہ سے پہلے
وجہ یہ ہے کہ گفتگو سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی وسعت
علم میں ہے اور یہ اس آیت سے بھی ثابت ہے جس سے منکرین
کی کمال ہی ناگواری ہوگی۔ اسلیئے کہ امام ابو منصور
ماتریدی کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ آیت علم الانسان ما لم یعلم سے
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مراد ہو سکتے ہیں بدلیل آیت وعلمک
ما لم تکن تعلم اور آیت ما کنت تعلمہا انت ولا قومک من قبل ہذا الخ

ما لم تکن تعلم من خفیات الامور ومن امور الدین
والاحکام انتہی قولہ وعلمک ما لم تکن تعلم قیل ہذہ الآیۃ
ابلغ من قولہ فی سورۃ اخری ما لم یعلم لان معناہا
ما لم یکن فیک قابلیۃ لعلمہ ولذا فسرہ بما ذکرہ
قدس بتحقیقہ انتہی فی شہاب حاشیۃ البیضاوی
ثم الاستبعاد فی اثبات المعتقدات من بحر
الحقائق والمدارج والحسینی وان کان مستبعدًا
لکنہ باطل بالکلیۃ لظہور تحقق عقیدۃ وسعۃ علم خیر
البریات علیہ الصلوۃ والسلام من جمیع المخلوقات بنقل التفسیر الکبیر
الذی ہو من عمدۃ معتمدات المکذبین وغیرہ من
تصریحات المفسرین والمحدثین والحمد للہ رب العلمین
قال فی الجواب التفصیلی ثم استدل القصوری
بالاحادیث وقبل جوابہا نبین ان الدلائل القطعیۃ
من الکتاب والسنۃ والاجماع ناطقۃ بان علم
الغیب مختصۃ بالباری تعالیٰ کما اوضحنا سابقا
وقال صاحب التفسیر النیسابوری ثم امرہ بان یظہر
ذل العبودیۃ حتی لا ینسب الیہ نقص ولا یعاب
من قبل عدم علم الغیب فقال قل لا املک لنفسی
نفعًا ولا ضرًا الا ما شاء اللہ وفیہ ان قدرتہ قاصرۃ
وعلمہ قلیل وکل من کان عبدًا کان کذلک والقدرۃ
الکاملۃ والعلم المحیط لیس الا للہ تعالیٰ انتہی فلم یقبل
قول احد مخالفًا لہذا القول والحجۃ المعارضۃ لہ اما
مؤول ومصروف عن الظاہر والامرد ودلغم الامور التی

ما لم تکن تعلم میں بہت عمدہ بیان ہے آیت ما لم یعلم سے
اسلیئے کہ معنے ما لم تکن تعلم کے یہ ہیں کہ تجھے تعلیم کی وہ
باتیں جنکے جاننے کی تجھہ میں قابلیت نہتی اسیواسطے
اسکی تفسیر میں تعظیم مذکور ہوئی ہے جسکی تحقیق گذر چکی
ہے اہ پھر مکذبین کا یہ استبعاد کہ بحر الحقائق وحسینی
ومدارج النبوۃ سے عقائد کا اثبات ہورہا ہے گو عقل سے
بعید ہے تاہم بالکل باطل ہے کیونکہ جمیع مخلوقات کے
آپکی وسعت علم کا عقیدہ تفسیر کبیر سے جو مکذبین کی
عمدہ معتمدات سے ہے اور نیز دوسری تصریحات مفسرین
ومحدثین سے بھی ثابت کیا گیا ہے جسپر خدا کے لیئے حمد ہے
جواب تفصیلی میں ہے اسکے بعد قصوری صاحب نے احادیث
سے استدلال کیا انکے جواب سے پہلے اسقدر جاننا ضروری
ہے کہ جب دلائل قطعیہ کتاب وسنت واجماع علماء سے
مختص ہونا علم غیب کا بجناب باریتعالے ثابت ہو چکا
جو سابق سے واضح ہے اور صاحب تفسیر نیسا پوری لکھتے
ہیں کہ حقتعالے نے اپنے نبی کو ذل عبودیت کی ظاہر
کرنیکا امر فرمایا ہے تاکہ آپکی طرف نقص منسوب نہو
اور علم غیب کے نہونیسے آپ کو ٹہنہ لگے۔ پس فرمایا کہدو
کہ میں اپنے نفس کے نفع ونقصان کا مالک نہیں ہوں مگر
جتنا خدا چاہے اس سے معلوم ہوا کہ آپ کی قدرت قاصر
اور علم قلیل ہے اور جو بندہ ہے وہ ایسا ہی ہوتا ہے اور
کامل قدرت اور محیط علم خدا کے واسطے ہی ہے اہ تو اب کسی
مخالف کا قول قابل قبول نہوگا اور جو حجت اسکے معارض ہوگی

علمها الله نبيه سيما ما كان متعلقا بالمبدأ والمعاد
والاحكام والتشريعيات فلا انكار لمسلم منه لكن
لكن العلوم التي اختصها الله تعالى لذاته ويدخل
فيها مفاتح الغيب التي صرحت عائشة رضي الله
عنها بان من قال ان محمدا صلى الله عليه وسلم يعلم
ذلك شيئا فقد افترى على الله افتراء عظيما فاثبات
في ان هذه العلوم مختصة به تعالى فاثبات شيء
منها لغير الله مخالفة تامة بالكتاب والسنة واجماع
الامة يقول الفقير القصوري كان الله له ان المراد
من قول صاحب التفسير النيسابوري ولا يعاب
من قبل عدم علم الغيب هو عدم علم الغيب بالاستقلال
كما قال هو النيسابوري تحت اية قل لا اقول لكم
عندي خزائن الله ولا اعلم الغيب الاية ثم امر نبيه
صلى الله عليه وسلم ان ينفي من نفسه امورا ثلثة فقال
قل لا اقول لكم عندي خزائن الله وهي جمع خزانة المكان
الذي يخزن فيه الشيء وتخزين الشيء احرزه بحيث لا
تناله الايدي ولا اعلم الغيب قال في الكشاف محله
النصب عطفا على محل قوله عندي خزائن الله لانه
من جملة المقول اي لا اقول لكم ذلك ولا هذا قلت
ويحتمل ان يكون عطفا على لا اقول اي قل لا اعلم الغيب
فيكون فيه دلالة على نفي العيب بالاستقلال لا
بعلم الله بخلاف كون خزائن الله عنده وكونه
ملكا فان النبي صلى الله عليه وسلم يحتمل ان يكون ا

ہاں جن امور کا علم حقتعالے نے فخر عالم صلعم کو عطا فرمایا
علے الخصوص جو متعلق مبدء و معاد و احکام و تشریحات
کے ہے اسکا کسی مسلم کو انکار نہیں ہو سکتا لیکن جن علوم کو
خدا نے اپنے واسطے خاص کر رکھا ہے جنمیں مفاتیح غیب
داخل ہیں جنکی نسبت حضرت عائشہ نے صراحۃ فرمایا ہے
کہ جو کہے کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم انمیں سے کچھ جانتے تھے
تو اُسنے خدا تعالے پہ بہت بڑا بہتان و افترا کیا البتہ وہ
مخصوص بذات پاک باریتعالے ہیں اسکا اثبات دوسروں کے
لیے سراسر خلاف کتاب و سنت و اجماع امت ہوگا
بلفظہ فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے کہ صاحب تفسیر نیسا پوری
کی مراد نفی علم غیب سے علم غیب استقلالی کی نفی ہے
جیسا کہ وہی صاحب تفسیر نیسا پوری آیت قل لا اقول
لکم عندی خزائن اللہ و لا اعلم الغیب الایۃ کے نیچے
لکھتے ہیں کہ پہر باریتعالے نے اپنے نبی علیہ السلام کو حکم کیا
کہ اپنی ذات سے تین کام کی نفی کر دیں اور کہیں کہ میں
نہیں کہتا کہ میرے پاس خدا کے خزانے ہیں جمع خزانہ وہ
مکان جسمیں کچھ چھپا رکھتے ہیں کہتے ہیں چھپا رکھا چیز کو
اسطرح کہ اسکو ہاتھ نہیں پہونچتے اور میں غیب نہیں
جانتا صاحب کشاف نے کہا ہے کہ یہ محل نصب میں
ہے عطف ہے محل عندی خزائن اللہ پر کہ وہ جملہ مقولہ قول
ہے یعنی میں نہ وہ کہتا نہ یہ کہتا ہوں میں کہتا ہوں
کہ لا اقول پر عطف کا بھی احتمال ہے یعنی کہدو کہ میں
غیب نہیں جانتا اسمیں دلالت ہے اسپر کہ غیب بالاستقلال

هذان المقامان ولكن لا يظهرهما واختلف المفسرون
في فائدة نفي هذا الامر فقيل المراد اظهار التواضع
والخضوع لله تعالى والاعتراف بعبوديته حتى لا يعتقد
فيه مثل اعتقاد اليهود والنصارى في المسيح على نبينا
وعليه السلام وقيل المقصود ابداء العجز والضعف
وانه لا يستقل بالمعجزة التي كانوا يقترحونها كقولهم
لن نؤمن لك حتى تفجر لنا من الارض ينبوعا الى قوله هل كنت الا
بشرا رسولا وقيل لا ادعي سوى النبوة والرسالة ولا
ادعي الالهية ولا الملكية انتهى قال في حاشية الجمل
على الجلالين وانما نفى عن نفسه الشريفة هذه الاشياء
تواضعا لله تعالى واعترافا له بالعبودية وان لا يقترحوا
عليه الايات العظام ان اتبع الا ما يوحى الي يعني ما
اخبركم الا بوحي من الله انزله علي انتهى ثم قال فان قلت
قد اخبر صلى الله عليه وسلم عن المغيبات وقد جاءت
احاديث في الصحيح بذلك وهو من اعظم معجزاته صلى الله
عليه وسلم فكيف الجمع بينه وبين قوله ولو كنت اعلم
الغيب لاستكثرت من الخير قلت يحتمل ان يكون قاله
على سبيل التواضع والادب والمعنى لا اعلم الغيب
الا ان يطلعني الله عليه ويقدره لي ويحتمل ان يكون قال
ذلك قبل ان يطلعه الله عز وجل على علم الغيب فلما اطلعه الله
اخبر به كما قال فلا يظهر على غيبه احدا الا من ارتضى
من رسول او يكون خرج هذا الكلام مخرج الجواب
عن سؤالهم ... الله تعالى على شيء من الغيب

ولیکن آپ انکو ظاہر نکریں اور ان کاموں کی نفی کرنیکے
فائدہ میں مفسرین نے اختلاف کیا ہے بعضوں نے
کہا کہ مراد اظہار تواضع اور خضوع خدا کیلیے ہے اور
اپنی عبودیت کا اقرار تا کہ آپکو حق میں کوئی ایسا اعتقاد
نکرے جیسا کہ یہود و نصاریٰ نے حضرت مسیح علے نبینا و
علیہ السلام کے بارہ میں اعتقاد کیا تہا اور بعضوں نے کہا ہے
کہ مقصود اپنی عاجزی اور ضعف سے خبر دینا ہے اور یہ کہ
اپنی آپ معجزہ نہیں دکہا سکتے جو کافر آپ سے مانگتے ہیں جیسا
کہ انکا یہ قول کہ ہم ہرگز تجپر ایمان نلاوینگے تا کہ تو ہمارے
لیے چشمہ جاری نکرے الی قولہ میں نہیں ہوں مگر آدمی
رسول اور بعضے کہتے ہیں کہ مراد یہ ہے کہ میں نبوت اور
رسالت کے سوا کسی چیز کا مدعی نہیں ہوں اور خدائی کا دعوے
اور فرشتہ ہونیکا دعوے نہیں کرتا یہ تفسیر نیسا پوری
کی عبارت کا ترجمہ ہے جلالین کی حاشیہ جمل میں ہے کہ
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو اپنے نفس شریف سے ان چیزوں کی نفی
فرمائی ہے تو یہ حقتعالے سے تواضع ہے اور اپنی عبودیت کا اقرار ہے
اور اسلیے کہ کافر آپسے معجزات مقترحہ طلب نکریں جو مجہپر وحی ہوتی
ہے میں اسکا تابع ہوں یعنی خدا کیطرف سے جو مجہپر وحی ہوتی ہے
اسکی خبر دیتا ہوں اہ پہر جمل میں لکہا ہے اگر تو کہے کہ آنحضرت صلے اللہ
علیہ وسلم بہت سی خبریں غیب کی دی ہیں اور صحیح حدیثیں ثابت ہیں کہ
وہ آپکے بڑے معجزات سے ہیں تو اسمیں اور آپکی نفی علم غیب میں جمع و
تطبیق کیونکر ہے میں کہتا ہوں (یعنی جمل کہتا ہے) کہ یہ نفی آپنے بطریق
تواضع اور ادب کی ...

ی خبر عنها لیکون ذلک معجزة له ودلالة علی صحة نبوته
صلی الله علیه وسلم اه خازن انتهی من الجمل العینیة وقال
فی تفسیر روح البیان تحت آیة قل لا اقول لکم عندی
خزائن الله ولا اعلم الغیب الآیة والاشارة ان الله
تعالی امر نبیه علیه السلام ان یکلم الکفار علی قدر عقولهم
(الی قوله) ولا اعلم الغیب فانه صلی الله علیه وسلم کان
یخبر عما مضی وعما سیکون باعلام الحق وقد قال علیه السلام
لیلة المعراج قطرت فی حلقی قطرة علمت ما کان وما سیکون
فمن قال ان نبی الله علیه السلام لا یعلم الغیب فقد اخطأ
فیما اصاب انتهی فثبت منه انه صلی الله علیه وسلم
یعلم الغیب باعلامه تعالی والنفی علی الاطلاق للتواضع
ولرفع اعتقاد الالوهیة من نفسه علیه السلام فلا
تناقض بین الآیات النافیة لعلم الغیب وبین الآیات
والاحادیث الصحیحة المثبتة له ولا شائبة من
الشرک کما یزعمه الوهابیون وایضا المراد من نفی
علم مفاتیح الغیب له صلی الله علیه وسلم هو العلم الاستقلالی
وقد قال الله تعالی فی آخر تلک الآیة ان الله علیم خبیر
قال القاری فی المرقات شرح المشکوة خبیر بباطنها
کما انه عالم بظاهرها ومعناه مخبر لبعض منها من خزائنها
لبعض عباده المخصوصین وقد اخبر نبیه مواضع کثیرة
ان علم الساعة مما استاثره الله تعالی به انتهی وقد
سبق ان مذهب البعض انه علیه السلام قد اوتی
علم الساعة وامر بکتمانه کما فی الخصائص الکبری للسیوطی

تب آپ لوگوں کی خبریں دیں تاکہ وہ آپکا معجزہ اور صدق
نبوت کی دلیل ہو اہ خازن یہ حاشیہ جمل کی عبارت کا
ترجمہ ہوا اور آیت قل لا اقول لکم عندی خزائن اللہ ولا
اعلم الغیب الآیۃ کے نیچے تفسیر روح البیان میں لکہا ہی
کہ حق تعالی نے اپنے رسول علیہ السلام کو فرمایا کہ کافروں سے
انکی عقل کے موافق باتیں کریں (الی قولہ) اور میں خود
بخود غیب نہیں جانتا کیونکہ آپ اللہ تعالی کے اعلام سے
ماضی اور آیندہ کی خبریں دیتے اور شب معراج کو واقعی یہ
واقعی آپنے فرمایا ہے کہ میری حلق میں ایک قطرہ ٹپکا کہ
جو ہوا اور جو ہوتا ہے اور ہوگا سب معلوم کر لیا پس
جو کوئی کہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غیب نہیں
جانتے بیشک وہ راہ راست بہولا یہ ترجمہ ہی عبارت
تفسیر روح البیان کا ان منقولات معتبرات سے بخوبی ثابت
ہوا کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی کے اعلام
سے بیشک غیب جانتے ہیں اور نفی جو کی تو واضع کے
طور پر اور دعوے خدائی کے اعتقاد کو دفع کیواسطے
ہے پس آیات نفی علم غیب اور آیات و احادیث مثبت
علم غیب میں ہرگز تناقض نہیں ہوا اور نہ اسمیں کوئی
شائبہ شرک کا ہے جیسا کہ وہابی لوگ زعم کرتے
ہیں اور نیز مفاتیح غیب کے علم کی نفی جو آپ سے
کیگئی ہی تو اس سے علم استقلالی کی نفی مراد ہی اور بیشک
اللہ تعالی نے اس آیت کی آخر فرمایا ہے کہ تحقیق خدا علیم
خبیر ہے مرقات میں ہی کہ خدا ان چیزوں کا باطن بھی خود

[illegible]

[illegible]

وقال الامام ابو منصور الماتریدی رحمه الله تعالی
فی تفسیره المشهور بتاویلات ابی منصور ان الله عنده
علم الساعة الآیة ذکر فی بعض الاخبار عن عبد الله بن
عمر رضی الله عنهما قال قال رسول الله صلی الله علیه
وسلم مفاتیح الغیب خمس لا یعلمها الا الله (ثم بعد
ذکر الاحادیث قال) فان ثبت هذا فهو ما ذکر
الاخبار ان یقال انه یعلم بعض هذه الاشیاء من
نحو ما یعلم المنجم ذلک بالحساب وباعلام الله یخرج
ذلک علی الصدق مما اخبر والاتری ان ابراهیم علی
نبینا وعلیه السلام قال انی سقیم لما نظر فی النجوم
انی سا سقم وروی ان ابا بکر رضی الله عنه قال فی
الحبلی انی ان ذا بطن خارجة جاریة وکان کما ذکر فیحتمل
ان یکون ابو بکر رضی الله عنه یعلم ذلک لما القی الیه
رسول الله صلی الله علیه وسلم یعلم ذلک الا وقت
الساعة فانه لا یطلع علیها احد الا ان یقال ان
رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یوذن له بالتکلم
ولا القول فی شیء الامر بجهة الوحی من السماء انتهی من
عینه الموجود فی دار الکتب بمکة المحمیة وقال فی تفسیر
روح البیان تحت آیة مفاتیح الغیب ما ان الغیب
مختص بالله تعالی وما روی عن الانبیاء والاولیاء
من الاخبار عن الغیوب فبتعلیم الله تعالی اما بطریق
الوحی او بطریق الالهام والکشف فلا ینافی ذلک
اختصاص علم الغیب به لا یطلع علیه الا الانبیاء

اور امام ابو منصور ماتریدی کی تفسیر میں جو بنام تاویلات
ابی منصور مشہور ہے لکہا ہے آیت کہ خدا کے نزدیک
علم قیامت کا ہے بعضے حدیثوں میں عبد اللہ بن عمر
رضی اللہ عنہما سے آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا ہے کہ مفاتیح غیب پانچ چیزیں ہیں انکو خدا کے
سوا کوئی نہیں جانتا ہے (پہر اور حدیثیں ذکر کرکے کہا)
کہ اگر یہ حدیثیں ثابت ہیں تو مراد ان سے یہ ہے کہ انکی حقیقت
پوری کوئی خود بخود وقت نہیں ہے ورنہ جائز ہے کہا جائے
کہ بعض یہ چیزیں معلوم ہوتی ہیں جیسے کہ نجومی حساب سے
معلوم کر لیتا ہے اور خدا کو معلوم کرانے سے سچی خبریں
ظاہر ہوتی ہیں کیا تم نہیں جانتے کہ حضرت ابراہیم علی نبینا
وعلیہ السلام نے تاروں کو دیکہکر اپنے بیمار ہونیکی خبر
دیدی تھی اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو کہا تہا تو حمل
لڑکی کا ہوا ہے کہ خارجہ کو بیٹی پیدا ہوگی سو لڑکی ہی ہوئی
تھی اور یہ بات ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو القا سے
معلوم ہوئی تھی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اسکا علم
تھا مگر علم وقت قیامت کا اسپر کوئی مطلع نہیں ہے مگر
یوں کہا جاوے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اسمیں کلام کرنیکا
اذن نہ تہا اور کسی شی میں بغیر حکم کے آسمان کی وحی سے یہ
ترجمہ و عبارت تاویلات امام ابو منصور کا جو کتب خانہ مکہ معظمہ
میں قلمی موجود ہے اور تفسیر روح البیان میں آیت مفاتیح الغیب
کے نیچے لکہا ہے کہ معلوم ہو کہ علم غیب حق تعالی
سے خاص ہے

والاولياء والملائكة كما اشار اليه بقوله علم الغيب
فلا يظهر على غيبه احدًا الا من ارتضى من رسول انتهى
بعينه وقال المحدث الدهلوي في ترجمة المشكوة تحت
اية ان الله عنده علم الساعة وينزل الغيث الاية
ومراد آنست كه بی تعلیم الهی بحساب عقل هیچکس اینها
نداند وانیها از امور غیب اند که جز خدا کسے آنرا نداند
مگر آنکه وے تعالے از نزد خود کسے را بداناند بوحی و
الهام انتهى بلفظه فتحقق بطلان دعوى المكذبين
بان هذه العلوم التي فيها مفاتيح الغيب مختصة
بالله تعالى فاثبات شئ منها لغير الله مخالفة تامة
بالكتاب والسنة واجماع الامة انتهى وبانه لا يقبل
القول المخالف لهذا القول والحجة المعارضة اما مؤول
ومصروف عن الظاهر والا مردود انتهى وثبت ان
الايات والاحاديث الناطقة باختصاص علم
الغيب به تعالى حق كلها والمراد منها الاستقلال
بالعلم والايات والاحاديث الدالة على تعليم الله تعالى
نبيه صلى الله عليه وسلم علم الغيب الذي فيه مفاتيح
الغيب وغيرها ايضا حق لا شك فيها والمراد منه الاطلاع
والاستيلاء على الغيب بتعليمه سبحانه لا الاستقلالي
الذاتي ولا تناقض اصلًا والله يحق الحق وهو يهدي
السبيل قال في الجواب التفصيلي حرره المولوي القصوري الحديث
الاول من باب بدء الخلق من الصحيح البخاري قام فينا النبي
صلى الله عليه وسلم فاخبرنا الحديث وكتب عليه من الكرماني والخير الجاري

اور جو انبیا اور اولیا سے غیب کی خبریں دینی مروی ہیں
پس وہ خدا کی تعلیم سے ہیں یا بطریق وحی یا بطور الہام اور
کشف کے پس جس علم پر سوائے انبیا و اولیا و ملائکہ کے کوئی
مطلع نہیں ہوتا وہ حقتعالے سے ہی خاص ہوا جیسا کہ آیت
علم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول کا مضمون
ہے بعینہ انکی عبارت کا ترجمہ ہے محدث دہلوی ترجمہ
مشکوۃ میں آیت ان اللہ یعنی خدا کے ہی نزدیک قیامت
کا علم ہے اور خدا ہی مینہ برساتا ہے آخر آیت تک کے
نیچے لکھتے ہیں کہ مراد اس سے یہہ ہے کہ خدا کی تعلیم کے سوا عقل کے
حساب سے کوئی نہیں جانتا ہے مگر کہ حقتعالے اپنے پاس
سے کسیکو بتلا دے وحی اور الہام سے انتہی ترجمہ اب ان منقولات
کی رو سے یہہ دعوی مکذبین کا کہ (یہہ پانچوں علم مفاتیح غیب
خدا سے خاص ہیں انہیں سے کسیکا غیر اللہ کیواسطے ثابت کرنا
قرآن و حدیث و اجماع امت کی برخلاف ہے وہ بالکل باطل
ہوگیا اور نیز یہہ قول انکا کہ اس قول کی مخالف اور معارض
یا مؤول ہوگا یا مصروف عن الظاہر ورنہ مردود ہوگا) تفسیر نیساپوری وغیرہ کی سند
سے ہی مردود ہوگیا اور بخوبی متحقق ہوا کہ آیات و احادیث جنسے علم غیب کا
حقتعالے سے مخصوص ہونا ثابت ہوتا ہے سب حق ہیں مراد انسے علم استقلالی
ہے اور وہ آیات و احادیث جنسے ثابت ہوتا ہے کہ حقتعالے نے آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب جنمیں مفاتیح غیب و غیرہا سب داخل ہیں انکی
تعلیم فرمائی ہے وہ بھی سب حق اور بیشک ہیں مراد ان سے اطلاع
اور غیب پر غلبہ ہے حق تعالے کی تعلیم سے نہ خود بخود آپ غیب
دان ہیں اسمیں کوئی بھی تناقض نہیں ہے اور خدا ہی حق کو حق کر دیتا ہے

عليه السلام اخبر عن المبدء والمعاد والمعاش جميعًا
وهكذا نقل عن الطيبي والمحدث الدهلوي والحديث
الثاني من الصحيحين برواية حذيفة رضي الله عنه قال
خطبنا النبي صلى الله عليه وسلم خطبة ما ترك فيها شيئًا
الى قيام الساعة الحديث وكتب عليه حاشية من العيني
قوله شيئًا اى من الامور المقدرة من الكائنات والحديث
الثالث عن الصحيح المسلم برواية حذيفة رضي الله عنه
قال اخبرني رسول الله صلى الله عليه وسلم بما هو كائن الى
ان تقوم الساعة والرابع رواية عمرو بن اخطب المسلم
فاعلمنا احفظنا وقال في الاخر فهذه الايات والاحاديث
نصوص صريحة في انه عليه السلام اطلع على احوال
جميع الموجودات والامور المقدرة للكائنات وما كان
وما يكون واخبر عنها ولهذا سلم اكابر اهل السنة انه عليه السلام عالم
ما كان وما يكون وحرر هذا في الكتب الدينية مثل الشفاء والمواهب وغيرها
والجواب عن الكل ان هذه الروايات لا تفيد ثبوت الاعتقاديات
لان المعتقدات لا تثبت الا عن الدلائل القطعية
اليقينية وهذه ظنية بقول الفقير القصوري كان الله
له الكلام في الدلائل اليقينية والظنية وان كان
طويلًا لكن يكفي في جواب المكذبين ان العلماء الراسخين
اثبتوا اعتقاده حصول علم بعض الغيب للانبياء
والاولياء من هذه الدلائل المذكورة على الصدر التي
يحكم المنكرون بانها ظنية قال السيد احمد الطحطاوي
في حاشية الدر عن شيخي زاده ناقلًا عن التاتارخانية

کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتدا اور آخرت اور دنیا
سب کی خبر دیدی اور طیبی سے یہہ حدیث میں لیل ہے اسپر کہ آپنے
جمیع احوال مخلوقات سے خبر دیدی تھی اور طیبی و محدث دہلوی
سے بھی ایسا نقلکیا ہے دوسری روایت حذیفہ رضی اللہ عنہ
کی صحیحین سے نقل کی کہا خطبہ پڑھا ہمپر نبی صلے اللہ علیہ وسلم
نے ایسا خطبہ جسمیں قیامت تک کا احوال ذکر کیا آخر حدیث
تک اسپر عینی سے لکھا کہ تمام امور مقدرہ کائنات کو بیان کیے
تیسری حدیث بھی صحیح مسلم سے نقل کی کہ آپنے قیامت تک
جو ہونا تھا اسکی خبر دیدی چوتھی روایت عمرو بن اخطب کی
مسلم سے نقل کی کہ ہمسے بہت علم والا ہے جو حافظہ والا
ہے بعد اسکے لکھتے ہیں کہ یہہ آیات و احادیث نصوص صریحہ
ہیں اسمیں کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمیع احوال موجودات
اور امور مقدرہ کائنات اور ماکان و مایکون پر اطلاع پاکر
ان سب کی خبریں دی ہیں اس سے اکابر اہلسنت نے آپکو عالم ماکان
و مایکون مان لیا اور کتب دینیہ و علم سیر میں مثل شفا و مواہب الدنیہ
و روضۃ الاحباب مدارج وغیرہا سب میں ایسا لکھدیا ان سب کا جواب
یہہ ہے کہ اولا یہہ روایات مفید ثبوت اعتقادیات نہیں ہو سکتی
ثبوت عقائد کیواسطے ضرور ہے کہ دلائل قطعیہ یقینیہ ہوں اور یہہ
دلائل محض ظنی ہیں انتہی بلفظہ فقیر قصوری کان اللہ لہ کہتا ہے
کہ دلائل یقینیہ و ظنیہ میں ہر چند کلام دراز ہے لیکن انکے جواب میں
اتنا ہی کافی ہے کہ علماء راسخین نے انبیا کیواسطے بعض علم غیب کا
اعتقاد انہیں دلائل مذکورہ صدر سے ثابت کیا ہے جنکو یہہ لوگ ظنی
بتا رہے ہیں سید احمد طحطاوی در مختار کی حاشیہ میں بنقل شیخی زادہ

لان بعض الاشياء تعرض علی روحه صلی الله علیه
وسلم فیعرف بعض الغیب قال الله تعالی عٰلِمُ الْغَیْبِ
فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ
اه انتهی وقال السید ابن عابدین فی رد المحتار علی
الدر المختار عن التاتارخانیة ناقلا عن الحجة عن الملتقط
لان الاشیاء تعرض علی روح النبی صلی الله علیه وسلم
وان الرسل یعرفون بعض الغیب قال الله تعالی عٰلِمُ
الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ
اه انتهی وقد نقل هذا الخلیل من شرح الفقه الاکبر
فی البراهین وفی الجواب التفصیلی ثم اعلم ان الانبیاء
لم یعلموا المغیبات من الاشیاء الا ما علمهم الله
تعالی احیانا انتهی وایضا قال القاری فی المرقات اشتهر
عن العرفاء من الاخبار الغیبیة کما قال الشیخ
الکبیر ابو عبد الله فی معتقده ونعتقد ان العبد
ینتقل فی الاحوال حتی یصیر الی نعت الروحانیة فیعلم الغیب
ویطوی له الارض ویمشی علی الماء ویغیب عن الابصار
انتهی وفی رد المحتار علی الدر المختار بان ذکروا فی کتب
العقائد ان من جملة کرامات الاولیاء الاطلاع علی
بعض المغیبات الخ فان قلت ذکر فی هذه الروایات
من کتب العقائد والفقه ان الانبیاء والاولیاء
یطلعون علی بعض الغیب ویعرفونه باعلام الله
تعالی وهذا کالمسلم عند الخصم لکن اطلاعه علیه السلام
علی ما فی الارض والسماء وعلمه بما کان وما یکون

که بعض اشیا آپکی روح مبارک پر عرض کیجاتی ہیں اور آپ بعض
غیب جانتے ہیں بدلیل آیت علم الغیب یعنی خدا غیب دان ہے پس
اپنے غیب پر کسیکو غالب نہیں کرتا ہے مگر رسول پسندیدہ کو
اه یہہ ترجمہ ہے عبارت طحطاوی کا اور سید ابن عابدین رد المحتار
حاشیہ در مختار میں بنقل تاتارخانیہ ناقلا حجت سے
حجت سے بنقل ملتقط فرماتے ہیں کہ آں
حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک پر چیزیں عرض کیجاتی
ہیں اور رسول بعض غیب جانتے ہیں بدلیل آیت مذکورہ صدر
اه یہہ رد المحتار کی عبارت کا ترجمہ ہے اور خود مولف براہین
نے شرح فقہ اکبر سے براہین میں اور نیز جواب تفصیلی میں یوں
لکہا ہے پہر جان لو کہ انبیا غیب کی چیزیں نہیں جانتے مگر جو
حقتعالے انکو گاہے گاہے تعلیم کرتا ہے اه اور نیز یہی علی
قاری مرقات میں لکہتے ہیں کہ اولیا سے غیب کی خبریں
دینی مشہور ہیں جیسا کہ شیخ کبیر ابو عبداللہ اپنی کتاب عقائد
میں فرماتے ہیں کہ ہمارا اعتقاد ہے کہ بندہ حالات میں انتقال
کرکے نعت روحانی تک پہونچ جاتا ہے پس وہ غیب جانتا ہے
اور زمین اسکے لیئے لپیٹی جاتی ہے اور وہ پانی پر چلتا ہے اور
آنکہوں سے غایب ہوجاتا ہے۔ یہہ ترجمہ ہے عبارت مرقات کا اتنا
کی معتبر کتاب کی نقل ہے اور رد المحتار میں ہے بلکہ کتب
عقائد میں مذکور ہے کہ منجملہ کرامات اولیا کی بعض غیبو پر اطلاع ہی
الخ اگر یہہ اعتراض کریں کہ ان روایات کتب عقائد وفقہ سے
نبیوں اور ولیوں کا بعض غیب پر مطلع ہونا اور تعلیم الٰہی
انکا جاننا جو مذکور ہوا ہے صاحب براہین وغیرہ اسکی حواریین کو بھی کسیقدر اسکی

لا یثبت من هذه الروایات قلت تعبیر العلماء اطلاع الانبیاء
والاولیاء ببعض الغیب انما هو بنسبة علمه تعالی والا
فعلم الانبیاء سیما سید الاصفیاء علیه وعلیهم الصلوٰة
والثناء کثیر جدا فی حد ذاته قال الله تعالی یُؤْتِی
الْحِكْمَةَ ای العلم النافع المودی الی العمل مَنْ یَّشَآءُ وَمَنْ
یُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا كَثِیْرًا المصیره الی السعادة
الابدیة انتهی من الجلالین وفی المدارک قال حیی
ابن اخطب فی کتابکم وَمَنْ یُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ
خَیْرًا كَثِیْرًا ثم تقرؤن وَمَاۤ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا
فنزلت قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ الآیة
یعنی ان ذلک خیر کثیر ولکنه قطرة من بحر کلمات الله
انتهی وفی الخازن قال ابن عباس رضی الله عنهما قالت
الیهود یا محمد صلی الله علیه وسلم تزعم انا قد اوتینا الحکمة وفی کتابک وَ
مَنْ یُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا كَثِیْرًا ثم تقول وَمَاۤ
اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا فانزل الله هذه الآیة قُلْ
لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ
كَلِمٰتُ رَبِّیْ ای علمه وحکمه انتهی بقدر الحاجة وهکذا
فی التفاسیر المعتبرة وقد مر من حاشیة الشهاب علی
البیضاوی ناقلا عن الطیبی ان غیب السموٰت
والارض قطرة من بحار معلومات الله تعالی وسبق
من حدیث مسلم من روایة حذیفة انه قال اخبرنی
رسول الله صلی الله علیه وسلم بما هو کائن الی یوم القیمة
ومن روایة عمرو بن اخطب فاخبرنا بما کان وبما هو کائن

انپر اطلاع ان روایات سے تو ثابت نہیں ہوتی ہے تو
اسکا جواب یہہ ہے کہ علماء دین نے جو انبیا اور اولیا
کی اطلاع بعض غیب پر لکہی ہے تو وہ بہ نسبت علم الٰہی
کے ہے ورنہ حضرات انبیا خصوصا سرور عالم علیہم السلام والثنا
کا علم اپنی ذات میں تو بہت سے بہت ہے قرآن مجید میں
فرمان ہے کہ حقتعالے علم نافع باعمل دینے والا ہے جسکو چاہتا ہے
اور جسکو یہہ علم دیا گیا پس بتحقیق بہت نیکی دیا گیا کہ اسکا
انجام ابدی نیکی کیطرف ہے یہہ تفسیر جلالین میں ہے اور تفسیر
مدارک میں لکہا ہے حیی ابن اخطب نے کہا کہ تمہاری قرآن
میں ہے کہ جو علم نافع دیا گیا وہ بتحقیق بہت سی نیکی دیا گیا
پہر تم اسی قرآن سے پڑہتے ہو کہ تم تہوڑا سا علم دیئے گئے
ہو تو اسکے جواب میں یہہ آیت نازل ہوئی تو کہدے اگر سمندر
خدا کی باتوں کے لیئے سیاہی ہوتا اخیر آیت تک یعنی علم
نافع بہت سی نیکی ہے مگر حقتعالے کی علموں کی بہ نسبت ایک
قطرہ سمندر سے ہے اه مترجما اور تفسیر خازن میں ہے کہ حضرت
ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ یہودی کہا یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ خیال کرتے ہو کہ ہم
علم نافع دیئے گئے ہیں اور تمہاری کتاب میں ہے کہ جو جسکو علم نافع ملا
وہ بہت سی نیکی دیا گیا پہر آپ کہتے ہو کہ لوگ تہوڑا سا علم دیئے
گئے ہیں تب حقتعالے نے یہہ آیت اتاری تو کہدے اگر سمندر سیاہی ہوتا
کہ لکہے میرے رب کی باتیں بیشک دریا خرچ ہوچکتے پہلے اس سے کہ میرے
رب کی باتیں تمام ہوں یعنی علم اور حکم خدا کا اه مترجما اور ایسا
ہی تمام تفسیروں میں ہے۔ اور حاشیہ شہاب بیضاوی سے بنقل طیبی اوپر
لکہا گیا ہے کہ آسمانوں اور زمینوں کی غیب اللہ تعالی کی معلوماتوں کی بہ نسبت ایک قطرہ

فیہ تعریض صاحب البراهین مع الحواریین علی
امثال هذه الاحادیث الصحیحة والآیات النصیحة
انها دلائل ظنیة ولا یثبت منها العلم المحیط بما فی
الارض لرسول الله صلی الله علیه وسلم ومن اثبت
هذا فقد اشرك بالله العظیم وما جاء فی حدیث
المشکوة عن جابر رضی الله عنه من اطلاع الشیطان
الرجیم علی احوال الناس بواسطة سرایاه فیسلمه
صاحب البراهین وغیره من الحواریین ویقول
انه ثابت بالنص القطعی وعلم محیط بما فی الارض
ولیس کذلك علم الرسول الکریم علیه الصلوة والتسلیم
فلیس ذلك الا کمال العناد وصریح الاهانة للنبی
الرؤف الرحیم وتعظیم الشیطان الرجیم والعیاذ
بالله العظیم قال فی الجواب التفصیلی وثانیا لما وقع
التعارض بین الدلائل الظنیة والقطعیة فان
امکن التاویل فی الظنیات فاوله تصرف عن الظاهر
وبعمل القطعیات والا نترك الظنیات قطعا
یقول الفقیر القصوری کان الله له قد سبق ان العلماء
الراسخین قد علموا تلك الدلائل المثبتة لوسعة
علمه علیه السلام قطعیات واعتقد وا مضمونها
وقد اتی بین الجمیع بان علم الغیب المطلق مختص
به تعالی بمعنی انه یعلم الغیب بذاته ونفسه ولا یحتاج
الی من یعلمه لانه لا یخفی علیه خافیة والرسل انما
یعرفون الغیب بتعلیمه سبحانه لا من ذواتهم وانفسهم

پر صاحب براہین مع حواریین ان صحیح حدیثوں اور قرآنی
آیات پر معترض ہیں کہ یہ ظنی دلائل ہیں ان سے علم محیط زمین کا
سرورعالم صلی اللہ علیہ وسلم کیواسطے ثابت نہیں ہوتا ہے جو اسکا
قائل ہے اسنے خدا سے شرک کیا اور مشکوۃ کی روایت حضرت
جابر سے جو شیطان کو لوگوں کے حال پر اطلاع اپنی فوج کو
وسیلہ سے وارد ہوئی ہے اسکو صاحب براہین مع حواریین تسلیم کرتے ہیں
اور کہتے ہیں کہ اس نص قطعی سے شیطان کا علم محیط ثابت ہے اور
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا علم ایسا نہیں ہے تو یہ آپکی صریح
اہانت اور آپکے کمال عناد اور شیطان رجیم کی نہایت تعظیم
نہیں تو اور کیا ہے حق تعالی پناہ دے جواب تفصیلی میں کہا اور ثانیا جب
دلائل ظنیہ معارض دلائل قطعیہ کے ہوں تو اگر گنجائش تاویل ہو
تو قطعیات کو عمل اور ظنیات کو تاویل و مصروف عن الظاہر
کرینگے ورنہ قطعی دلائل ظنیہ کو ترک کیا جائیگا انتہی بلفظہ فقیر کان اللہ
لہ کہتا ہے کہ اوپر مسطور ہو چکا ہے کہ علما و
ربانیین نے ان دلائل وسعت علم سرورعالم
صلی اللہ علیہ وسلم کو قطعی جان کر ان کے
مضمون کے معتقد ہوگئے ہیں اور تمام
دلائل میں یوں تطبیق دی ہے کہ مطلق
علم غیب حقتعالے کے ساتھ خاص ہے
کہ اپنی ذات سے وہ غیب دان ہے
اور کسی کی تعلیم کی اسکو حاجت نہیں
ہے کہ اسپر کوئی چیز مخفی نہیں ہے
اور انبیا صرف حقتعالے کی تعلیم سے غیب جانتے ہیں نہ خود بخود

فلا تعارض فی الحقیقة ثم قوله لا نزاع ان علم الشیطان
باحاطة ما فی الارض بانها یقینیات وتاویل دلائل
وسعة علم حبیب الرحمن ان امکن والا ترکها یشعر
عن فقاهة الخلیل والرشید صلی الله علیه وسلم وانصارهما اعوذ بالله
من غضبه وعقابه وشر عباده قال فی الجواب التفصیلی
ثالثا الالفاظ المذکورة فی هذه المواقع الدالة
علی العموم لا نسلم عمومها بمعنی انه لا یخرج من عمومه
شیء الا بعلم القصوری هذه القاعدة الاصولیة ما
من عام الا وقد خص منه البعض قال الله تعالی
فی حق الواح التوراة وكتبنا له فی الالواح من
كل شیء موعظة وتفصیلا لكل شیء ثم قال فی حق
القصص لقد كان فی قصصهم عبرة لاولی الالباب
ما كان حدیثا یفتری ولكن تصدیق الذی بین
یدیه وتفصیل كل شیء الآیة وقال فی القران و
ونزلنا علیك الكتب تبیانا لكل شیء الآیة فعلی هذه
القضایا الکلیة وقع سور موجبة الکلیة لفظ الکل
فلزم علی حسب مذاق القصوری ان تکون الواح التوراة
والقران تبیانا وتفسیر التمام کلیات العالم وجزئیاتها
ویفصل ویبین فیهما کل شیء فعلی هذه الصورة یکون
فیه ان القصوری اکل الیوم بهذا المقدار فضلا کذا
وکذا ومعاذ الله لا یقول بهذا عاقل متدین فلما
لم یبق النصوص والآیات علی عمومها فکیف تبقی
الاحادیث التی تخصص [illegible] الدلائل القطعیة علی عمومها

پس ہرگز تعارض نہیں ہے پھر شیطان لعین کے
علم محیط زمین کے دلائل کو یقینی بنا کر قبول کر لینا
اور حبیب رب العلمین کی وسعت علم دلائل کو ظنی
کہکر اگر ممکن ہو تو تاویل کرنا ورنہ ترک کرنا حضرت
خلیل احمد اور رشید احمد اور انکے معاونین کی فقاہت
اور ثقاہت کی قوی دلیل ہے خدا کے غضب او
اسکے بندوں کی شرارت سے پناہ مانگتا ہے جواب تفصیلی
میں ہے ثالثا ہم تسلیم نہیں کرتے کہ ان مواقع میں جو لفظ
عموم کے ہیں انمیں ایسا عموم ہے جسمیں کوئی چیز خارج نہ ہو
مولانا قصوری کو یہ قاعدہ اصولی نہیں پہنچا کہ ہر عام
مخصوص البعض ہوتا ہے الواح توریت کی نسبت قرآن
میں ہے اور ہمنے لکھدیا اسکے واسطے الواح میں ہر شئ کی نصیحت اور
تفصیل ہر شئ کی پھر قصوں کی بابت ارشاد ہے البتہ پیغمبروں
کے قصوں میں نصیحت ہے عقلمندوں کیلئے قرآن بنائی ہوئی بات
نہیں ولیکن موافق اگلی کلام کے جو اسکے پہلے ہے اور
تفصیل ہر چیز کی الخ آیت تک اور قرآن کی بابت ارشاد ہے
ہمنے تجھپر کتاب اتاری بیان واسطے ہر شئ کے ان سب
قضایا کلیہ پر موجبہ کلیہ کی سور لفظ کل واقع ہے تو چاہیے
کہ حسب مذاق مولانا قصوری الواح توریت اور قرآن مجید تمام کلیات
اور جزئیات عالم کی تفسیر اور بیان ہو اور ہر ایک چیز اس
میں مفصل اور مبین ہو تو اس تقدیر پر یہ بھی ہو کہ آج قصوری
صاحب نے کتنا کھایا اور کیا کیا معاذ اللہ کوئی متدین
عاقل ایسا کہہ سکتا ہے تو جب ان نصوص و آیات میں عموم

قال الله تعالى وَعِندَهُ مَفَاتِحُ الغيب لا يعلمها الا
هو ويعلم ما في البر والبحر وما تسقط من ورقة الا يعلمها
ولا حبة في ظلمات الارض ولا رطب ولا يابس
الا في كتاب مبين وقال ايضا ان الله عنده علم الساعة
وينزل الغيث ويعلم ما في الارحام الى عليم خبير
هذه الايات نصوص صريحة على ان بعض الامور
مخصوص بذاته سبحانه يقول الفقير القصوري كان الله
له والله انى ارد هفوات هؤلاء بالاجمال والا
يترتب في الرد الدفاتر بالاكمال قد سبق هذا البيان
ثم نظهره بالاعلان ان مرادنا في هذه المسئلة
المبحوثة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اعلم المخلوقات
ومن قال لعلة علمه عليه الصلوة والسلام من الشيطان
فهو اكذب وارذل البريات كيف لا ويخصص دلائل
وسعة علمه عليه السلام بالايات ولا يخصص
علم ابليس ويسلم علمه اللعين محيطا بالارض ولا
يسلم علمه عليه السلام كذلك بل يقول شركية و
لا ندعي بان عموم علمه وكلية درايته عليه الصلوة
والسلام لا يخرج عنه شئ من المعلومات مثل
عالم خالق الكائنات وقد مر في الاعتراض فانه عليه السلام
اعلم المخلوقين والزائد منه علم رب العلمين انتهى فلا
يرد علينا بالقاعدة الاصولية ما من عام الا وقد خص
منه البعض اعتراض ما واذن لا حاجة لنا في التكلم
في هذا الوجه الثالث باعتبار الجواب لكن نتكلم فيه

آیت اور خدا کی پاس مفاتیح غیب ہیں ان کو وہی جانتا ہے
اور جانتا ہے جو جنگل اور دریا میں ہے اور کوئی پتہ نہیں
گرتا مگر اسکو خدا جانتا ہے اور نہ دانہ اندھیری زمین
میں اور نہ تر و خشک مگر لوح محفوظ میں ہے اور نیز ارشاد ہے
کہ خدا کے نزدیک علم قیامت کا ہے اور وہ مینہ برساتا
ہے اور جو رحموں میں ہے جانتا ہے آخر آیت تک یہ
آیتیں نص صریح ہیں اسپر کہ بعض امور کا علم مخصوص بذات
پاک حق جل مجدہ ہے انتہے بلفظہ فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے
بخدا میں ان مکذبین کی بکواس کو بالاجمال رد کر رہا ہوں
ورنہ انکی تردید میں دفتروں کے دفتر مترتب ہو جاویں پہلے
بھی لکھا گیا ہے اور ابھی ظاہر کیا جاتا ہے کہ اس مسئلہ
میں ہمارا مدعا یہ ہے کہ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم
ساری مخلوقات سے بہت عالم ہیں جو آپکے علم کو شیطان کے
علم سے کم کہتا ہے وہ بہت جھوٹا اور بدترین خلائق ہے کیوں
نہو کہ آپکے علم کو آیات سے خاص کرتا اور شیطان لعین کے علم
میں تخصیص نہیں کرتا ابلیس کے علم کو محیط زمین اعتقاد کرتا ہے
اور حضور کا جانتا اور آپکے علم محیط کو شرک کہتا ہے۔ اور یہ تو ہرگز
مراد نہیں ہے کہ آپکا علم ایسا عام ہے جس سے کوئی چیز بھی
معلومات سے خارج نہیں ہے مثل علم باریتعالے کے اور اعتراض
میں صاف مرقوم ہو چکا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مخلوقات سے اعلم
ہیں اور حقتعالے کا علم آپ سے بڑھ کر ہے اھ پس اس قاعدہ اصولیہ
سے کہ ہر عام مخصوص البعض ہوتا ہے ہمارے مدعا پر کوئی
بھی اعتراض نہیں وارد ہوتا ہے۔ پس اس تیسری وجہ میں ہر چند

حتى يظهر الحق لا يخفى ان قاعدة ما من عام الا وقد خص منه البعض
خاص فلا بد من ان يخص منه البعض مثل قوله
سبحانه وتعالى وعز من قائل وكان الله
بكل شئ عليما وقوله سبحانه وكان الله بكل شئ محيطا
وكذلك قوله عز من قائل ونزلنا عليك الكتب القران
تبيانا لكل شئ يحتاج اليه الناس من امر الشريعة
انتهى من الجلالين وقال في حاشية الجمل قوله لكل شئ
يحتاج الناس اليه من امر الشريعة اما بتنبيه في
نفس الكتاب او باحالته على السنة لقوله تعالى وما
اتكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه فانتهوا او باحالته
على الاجماع كما قال تعالى ويتبع غير سبيل المومنين
الاية او على القياس كما قال فاعتبروا يا اولى الابصار
والاعتبار النظر والاستدلال اللذان يحصل بهما
القياس فهذه اربع طرق لا يخرج شئ من احكام الشريعة
عنها وكلها مذكورة في القران فكان تبيانا لكل شئ
فاندفع ما قيل كيف قال الله تعالى ونزلنا عليك الكتب
تبيانا لكل شئ ونحن نجد كثيرا من احكام الشريعة
لم يعلم من القران نصا كعدد ركعات الصلوة ومدة
المسح والحيض ومقدار حد الشرب ونصاب السرقة و
غير ذلك ومن ثم اختلف الائمة في كثير من الاحكام
اه كرخي انتهى ما في الجمل وفي المدارك ونزلنا عليك
الكتب تبيانا بليغا لكل شئ من امور الدين اما في
الاحكام المنصوصة فظاهر وكذا فيما ثبت بالسنة

ہمکو کچھ حاجت کلام کی نہیں مگر تاہم اظہار حق کی غرض سے
اسقدر لکھا جاتا ہے کہ یہ قاعدہ بھی کلیہ نہیں بلکہ مخصوص البعض
ہے۔ کیونکہ اللہ تعالے کا ہر چیز پر علیم و محیط ہونا عام غیر
مخصوص البعض ہے اور ایسا ہی آیت ونزلنا یعنی اور ہمنے
نازل کی تجھپر قرآن اتارا جو بیان ہے ہر شے محتاج الیہ کا امر شرع
سے یہ جلالین میں ہے اور حاشیہ جمل میں لکھتے ہیں کہ قرآن کا
محتاج الیہ چیزوں کا تبیان ہونا یا تو نفس قرآن سے ہے یا
حدیث کے اشتمال سے بدلیل آیت وما آتکم یعنی اور جو رسول
فرماوے اسپر عمل کرو اور جس سے منع کرے اس سے باز آؤ
یا اجماع کے مشتمل ہونے سے بدلیل آیت ویتبع یعنی اتباع
سبیل مومنین بھی مامور قرآن مبین ہے یا قیاس کی تضمین
سے بحکم آیت فاعتبروا یعنی نظر اور استدلال جن سے قیاس
نکلتا ہے وہ بھی قرآن سے ثابت ہے۔ پس یہ چار راہ
قرآن کی بیان کرتی ہیں جن سے کوئی حکم شرعی خارج نہیں ہے
اور یہ سب قرآن میں مذکور ہیں پس قرآن ہر شے کا
تبیان ہو گیا اور باطل ہوا یہ اعتراض کہ حقتعالے نے
قرآن کو ہر شے کا تبیان کیونکر فرمایا حالانکہ ہم بہت سے
احکام شرعیہ ایسے پاتے ہیں جو قرآن سے معلوم نہیں ہوتے
چنانچہ تعداد رکعات نماز اور مدت مسح و حیض و مقدار حد
شرب خمر و سرقہ وغیر ذلک اور اسلیے ائمہ مجتہدین کا بہت سے
حکموں میں اختلاف ہے اھ کرخی یہ حاشیہ جمل کی عبارت کا ترجمہ
ہے اور تفسیر مدارک میں ہے آیت ونزلنا یعنی اور اتارا ہمنے
تجھپر قرآن جس میں سب دینی کاموں کا عمدہ بیان ہے احکام منصوصہ میں

او بالاجماع او بقول الصحابة او بالقياس لان مرجع الكل الى الكتاب حيث امرنا فيه باتباع رسوله عليه السلام واطاعته بقوله اطيعوا الله واطيعوا الرسول وحث على الاجماع فيه بقوله ويتبع غير سبيل المؤمنين وقد رضي رسول الله صلى الله عليه وسلم لامته باتباع اصحابه بقوله اصحابي كالنجوم بايهم اقتديتم اهتديتم وقد اجتهدوا وقاسوا ووطئوا طرق الاجتهاد والقياس مع انه امرنا به بقوله فاعتبروا يا اولي الابصار فكانت السنة والاجماع وقول الصحابي والقياس مستندة الى تبيان الكتاب فتبين انه كان تبيانا لكل شيء انتهى وفي الخازن وقال اهل المعاني تبيانا لكل شيء يعني من امور الدين اما بالنص عليه او بالاحالة على ما يوجب العلم به من بيان النبي صلى الله عليه وسلم لان النبي صلى الله عليه وسلم بين ما في القران من الاحكام والحدود والحلال والحرام وجميع المامورات والمنهيات واجماع الامة فهو ايضا اصل ومفتاح لعلوم الدين انتهى وهكذا في سائر التفاسير المبسوطة فقد تحقق ان انكار عموم تبيان القران بحمله على تمام كليات العالم وجزئياته لغرض نفي عموم علمه صلى الله عليه وسلم لا يقول به عالم متدين سوى مؤلف البراهين مع الحواريين وما استدل باية وعنده مفاتيح الغيب الاية فقد تحقق سابقا انه تعالى اعنده علم مفاتيح الغيب

اور اجماع اور قول صحابی اور قیاس سے ثابت ہو. کیونکہ سب کا مرجع قرآن کی طرف ہی ہے کہ ہم اسکے رسول مقبول کی اتباع و اطاعت پر مامور ہیں بحکم آیت اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول کے، اور اجماع پر بھی قرآن سے برانگیختہ ہوئی ہے. بدلیل آیت ویتبع غیر سبیل المؤمنین کے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے امت کے لیے اپنے صحابہ کی اتباع کو پسند فرمایا ہے بسند حدیث اصحابی یعنی میرے صحابہ تاروں کی مانند ہیں جنکی تم پیروی کرو گے راہ راست پاؤ گے اور صحابہ نے بتحقیق اجتہاد کیا اور قیاس فرمایا اور اجتہاد و قیاس کا راستہ پامال کیا اور ہم بھی اسپر مامور ہیں بدلیل آیت فاعتبروا یا اولی الابصار کے پس حدیث و اجماع و قول صحابی و قیاس سب قرآن کا ہی بیان ہیں جس سے قرآن کا تبیان ہر شی کا ہونا متحقق ہو گیا یہ مدارک کی عبارت کا ترجمہ ہوا اور تفسیر خازن میں ہے. اہل معانی نے ہر شے کے تبیان کا یوں بیان کیا ہے کہ امور دین یا تو منصوص قرآن ہیں یا انمیں حوالہ ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے فرمانے کی طرف اسلیے کہ آپ نے قرآن مجید کے احکام اور حدود اور حلال و حرام و تمام مامورات و منہیات کا بیان فرمایا ہے اور اجماع امت کی طرف کہ وہ بھی اصل اور کلید ہے علوم دین کے لیے انتہیٰ اور ایسا ہی تمام بڑی تفسیروں میں درج ہے. پس بتحقیق متحقق ہوا کہ قرآن مجید کے تبیان کے عموم سے انکار کرنا تمام کلیات و جزئیات جہان پر حمل کر کے اس غرض سے کہ کسی طرح آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے علم شریف کی وسعت منتفی ہو جائے

[illegible]

بذاته وبالاستقلال وقد اعطى منها العلم لرسوله صلى الله عليه وسلم كما قال علم الغيب فلا يظهر على غيبه احدا الا من ارتضى من رسول الاية وما ثبت من اخر تلك الاية ان علم البر والبحر وغيرهما من اقسام العلوم في كتاب مبين اي لوح محفوظ كما في الجلالين والتفسير الزاهدي والكبير والنيسابوري وغيرها وما فسر البيضاوي وغيره بعلم الله ايضا فهو استعارة لا تعارض المعنى الحقيقي فذلك اثبات مدعانا وابطال دعوى المكذبين لان علم اللوح المحفوظ بعض من علومه صلى الله عليه وسلم كما مر بنقل قول القاري عليه رحمة الباري في شرحه على القصيدة البردة وايضا قال في المرقات شرح المشكوة تحت حديث جبرئيل على نبينا وعليه السلام واما اللواحق فهو ما اظهره الله سبحانه على بعض احبائه لوح علمه وخرج ذلك عن الغيب المطلق وصار غيبا اضافيا الخ وقد قال الشاه عبد العزيز الدهلوي في تفسيره في بيان محتملات اية علم الغيب ان بعض قدماء مفسري اهل السنة قالوا ان المراد من الغيب هو اللوح المحفوظ ولا يطلع عليه احد سوى الانبياء عليهم السلام وهذا الكلام منقوض بوجوه منها ان المراد من الاطلاع على اللوح الاطلاع على الموجودات النفس الامرية الحاصلة قبل ظهور تلك الموجودات في الخارج سواء كان بمطالعة نقوش اللوح او بغيرها لان المراد من الاطلاع على الكتاب الاطلاع على المضامين المرقومة في ذلك الكتاب

ہے الخ اہ مترجما ۔ اب معلوم ہوا کہ رسول اکرم صلی اللہ
علیہ وسلم کے عالم ماکان ومایکون کے اعتقاد کے انکار پر سوا
وہابیوں کے کوئی مسلمان اصرار نہیں کر سکتا ہے ۔ پس ظالموں
(متبعان عبد الوہاب نجدی ۱۲)
کی جڑہ کاٹی گئی اور خدا و رب العلمین کے لیے سب تعریف
ہیں چوتہے اعتراض کا جواب الجواب پورا ہو کر اعتراض
ثابت نکلا اب پانچواں اعتراض شروع ہوتا ہے ۔ براہین قاطعہ
کے صفحہ ۱۴۱ میں مولوی رشید احمد گنگوہی کا فتوی دربارہ حرام

[illegible]

وعبارته بقدر الحاجة تنقل ههنا وجه القیام عند ذکر
مولده علیه السلام اما لان روحه الطیب توجه
من عالم الارواح الی عالم الشهادة فهذا محض حماقة
لان القیام لهذا الوجه انما یکون وقت وقوع الولادة
الشریفة لا فی کل یوم فهذه اعادة الولادة فی کل یوم
اما مثل فعل الکفار الهنود الذین یفعلون مثال
ولادة الکهنیا معبودهم فی کل سنة او مثل صنع
الروافض الذین ینقلون واقعة شهادة اهل البیت
فی کل سنة نقل الولادة معاذ الله فهذه الحرکة
القبیحة حرام وفسق بل هؤلاء اصحاب المحافل المولید
اسوء حالا من الکفار والمبتدعة لانهم یفعلون ذلك
فی یوم مقرر واصحاب المولید یصنعون هذه الخرافات
الفرضیة متی شاؤا الخ وکتب فی آخر هذه الفتوی
والحاصل ان هذا القیام فی الصورة الاولی بدعة
ومنکر وفی الصورة الثانیة حرام وفسق وفی الثالثة
کفر وشرك وفی الرابع اتباع هوی کبیرة ثم کتب و
هذا مجلس میلاد زماننا بدعة ومنکر لایجوز شرعًا
فی صورة فقط کتبه راجی رحمة ربه رشید احمد
الکنکوهی عفی عنه وقد قال صاحب الانوار
الساطعة یعترضون بان فعل المولود فی کل سنة
یشبه ولادة کنهیا وایضا یعیه النصاری وجوابهم
ان هذا الفعل ان کان فی الهند فقط فیرد علیه ان
اهل الاسلام یشابهون بفعل کفار الهند [illegible]

جسکی عبارت بقدر حاجت نقل کرتا ہوں قولہ یا یہہ وجہہ ہو
کہ روح پاک علیہ السلام کی جو عالم ارواح سے عالم شہادت
میں تشریف لائی اسکی تعظیم کو قیام ہے تو یہہ بہی محض
حماقت ہے کیونکہ اس وجہہ میں قیام کرنا وقت وقوع
ولادت شریفہ ہونا چاہیے ۔ اب ہر روز کونسی ولادت
مکرر ہوتی ہے ۔ پس یہہ ہر روز اعادہ ولادت کا تو مثل
ہنود کے سانگ کنہیا کی ولادت کا ہر سال کرتے ہیں
یا مثل روافض کے نقل شہادت اہلبیت ہر سال بناتے
معاذ اللہ سانگ آپکی ولادت کا ٹہیرا اور خود یہہ حرکت
قبیحہ قابل لوم و حرام و فسق ہے بلکہ یہہ لوگ اس قوم
سے بڑہ کر ہوئے وہ تو تاریخ معین پر کرتے ہیں انکے یہاں
کوئی قید ہی نہیں جب چاہیں یہہ خرافات فرضی بناتی
ہیں الخ اور اس فتوی کے اخیر میں تحریر ہے ۔ الحاصل یہہ قیام
صورت اولی میں بدعت و منکر اور دوسری صورت میں
حرام اور فسق اور تیسری صورت میں کفر و شرک ہے چوتھی
صورت میں اتباع ہوا و کبیرہ ہوتا ہے ۔ پہر اخیر میں
لکہا ہے کہ خود یہہ مجلس میلاد ہمارے زمانہ کی بدعت و منکر
ہے اور شرعا کوئی صورت جواز اسکی نہیں ہو سکتی فقط
کتبہ راجی رحمۃ ربہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ صفحہ ۱۴۲-۱۴۱
جواب اسکا انوار ساطعہ میں یوں دیا گیا ۔ اعتراض کرتے ہیں
کہ یہہ لوگ ہر سال محفل مولود کرتے ہیں یہہ مشابہت ہے
گنہیا کے جنم کی اور نیز اسمیں تشبیہ ہے نصاریٰ کی
[illegible] کہ اگر یہہ فعل ہندوستان میں فقط ہوتا

[illegible]

ان مجلس المولود ابتدئ فی بلدة موصل من العراق
واهل تلك البلدة لا يعرفون باسم کنهیا ایضًا
فكيف يشابهون بولادته وان سلمنا ان اهل
اسلام الهند يشابهون بالهنود فاهل الروم و
الشام واهل الحرمین المحترمین الذین یصنعون
مجالس المواليد لا يشابهون بالكفار والاصل ان
اهل الاسلام اتبعوا فی هذا دستور العمل السلاطین
الروم والشام والممالك المغربية واندلس و
علماء العرب سلمهم الله الی یوم الدین فلیست
المشابهة بالهنود ولا بالنصارى انتهى فاجابه
الخليل فی (ص ۱۴۳) من البراهين بقوله اقول التشبه
فی جعل یوم الولادة عیدا وفی اظهار السرور مثل
العيد كما يصنع الكفار فهذا مشاهد ومحقق
لكن المؤلف ينكر المشابهة الممنوعة بالوجوه الثلث
احدها اهل العراق والعرب لا يعرفون کنهیا فكيف
يشابهون بتلك المعاملة فهذا من قلة فهمه لانه
تحقق سابقا ان التشبه المحرم ليس باختيار فعل
قوم خاص بعد رؤيته منهم كلا بل يعم ان يفعل فعلا
عرض التشبه او علم فيلزم ترك ذلك الفعل بعد العلم
او العروض فی شعار الكفار ان لم يكن ذلك الفعل
طبعيا وشرعيا كما جاء فی الحديث انه عليه السلام
كان لا يجلس على القبر ما لم يوضع الميت فی اللحد فقال حبر
اليهود انا نفعل هكذا فقال عليه السلام احلبـ [illegible]

یہ فعل عراق کے شہر موصل میں ایجاد ہوا جو کنہیا کے
نام تک سے واقف نہیں پھر اسکی جنم کی مشابہت کیونکر ہو گی
بھلا اگر ہندوستان کے مسلمان کنہیا کے جنم کی مشابہت
کرتے ہیں تو روم وشام وحرمین شریفین کے علما جو یہہ
عمل کرتے ہیں وہ کسکے جنم کی مشابہت کرتے ہیں نعوذ
باللہ منہا۔ پس اس عمل میں تابع ہیں دستور العمل سلاطین
روم وشام وممالک مغربیہ واندلس ومفتیان عرب
کے سلمہم اللہ الی یوم الدین پس جیسا کہ کنہیا کے جنم کی
مشابہت نہیں نصاری کے بڑے دن کی بھی مشابہت
نہیں الخ تو اسکا جواب مولوی خلیل احمد اپنے رسالہ
براہین قاطعہ کے صفحہ ۱۴۳ میں یوں لکھتا ہے اول
تشبہ اس بات میں ہے کہ یوم ولادت کو عید بناویں اور
مثل عید کے معاملہ سرور وشادی کا کریں جیسا کہ قوم
کفار کرتے ہیں سو یہہ امر تو مشاہد ومحقق ہے مگر مؤلف (انوار ساطعہ)
مشابہت ممنوعہ ہونے سے انکار کرتا ہے تین وجہہ سے
ایک یہہ کہ کنہیا کو اہل عراق وعرب جانتے بھی نہیں
تو انہوں نے تشبہ کنہیا کا کس طرح کیا سو یہہ تقریر مؤلف
کی بالکل کم فہمی مؤلف کی ہے اسواسطے کہ پہلے محقق
ہو چکا ہے کہ تشبہ حرام فقط یہی نہیں کہ کسی قوم خاص کو
دیکھکر اس فعل کو اختیار کرے نہیں بلکہ عام ہے اس کو
اگر کسی امر کو کرتا ہے اور تشبہ عارض ہو جاوے تو
اب بعد علم کے اور عروض کے بھی ترک اسکا لازم ہو گا
طبعی وشرعی امر نہو اور وہ شعار بھی کفار کا ہو چنانچہ [illegible]

ومخالفوا اليهود وايضا التختم فی اليسار جائز بالحديث
ولما صار شعار الروافض عُدَّ مكروها والظاهر
ان القيام على القبر ما فعلوه برؤية اليهود وما تعلموا
التختم من الروافض الخ ثم قال والمانعون لا يمنعون
فرحة الولادة ولا ذكر الولادة بل يمنعون التشبه
الممنوع فی هذا الامر المستحسن والمؤلف لا
يفهم المطلب ويتعوذ الخ فاعترض الفقير القصوري
على ذلك بان تشبيه مجلس المولود النبي الكريم عليه
الصلوة والتسليم المستنبط جوازه من الادلة
الشرعية كما هي مبنية فی محلها بنقل ولادة معبود
الهنود وعيد النصارى المردود حكم قبيح لا يخفى
هذا القبح على المتامل من اهل الاسلام والتشبه ايضا
غير مقصود كما هو ظاهر فالكلام الضروري فی
هذا المقام ان كلية لزوم ترك الفعل بعد عروض
التشبه او علمه دعوى بلا دليل شرعي لان حديث
اليهود الذی استند به ضعيف ضعفه صاحب
المشكوة فی الفصل الثالث من باب المشي بالجنازة
بعد حوالته الى جامع الترمذي وسنن ابي داود و
ابن ماجه بقوله وقال الترمذي هذا حديث غريب
وبشر بن رافع الراوي ليس بالقوي انتهى فلما راينا اصل تلك الكتب وجدنا فی الثلثة
هذا الخبر برواية الراوي الضعيف كما هو بهذا الاسم فی الجامع الترمذي وسنن ابن ماجه
وكتب اليود ا ود ابو الاسباط الحارثي وهو كنية بشر بن رافع كما
صرح به فی تقريب التهذيب وكما حكم عليه الترمذي

اور یہود کی مخالفت کرو اور دست چپ میں خاتم پہننا
جائز بالحدیث تھا جب روافض کا شعار ہو گیا تو اب
مکروہ ہو گیا۔ حالانکہ نہ قیام یہود سے دیکھکر کیے تھے اور
نہ خاتم روافض سے دیکھکر سیکھی تھی۔ الخ پھر کہا اور واضح
ہو کہ مانعین نہ فرحت ولادت کو برا کہیں اور منع کریں (یعنی براہین والے)
اور نہ ذکر ولادت کو منع کریں بلکہ ایسے امر مستحسن میں تشبہ
کو جو نص سے ممنوع ہے منع کرتے ہیں مولف مطلب
تو سمجھا نہیں لعوذ پڑھتا ہے الخ اب فقیر کو اسپر یہہ اعتراض
ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مولود شریف کی مجالس کو
جنکا جواز ادلہ شرعیہ سے مستنبط ہے۔ اور وہ سب اپنی محل
پر مبین ہیں کنہیا کے جنم کے سانگ اور نصاری کے بڑے دن کے
خوشی سے مشابہہ کرنا ایسا قبیح مضمون ہے جو غور کرنیوالے
مسلمانوں کو سخت ناگوار گذرتا ہے اور دراصل تشبہ بھی
مقصود نہیں ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔ اب اس مقام پر ضروری
گفتگو یہہ ہے کہ براہین والے کا یہہ کلیہ کہ اگر کسی امر
کو کرتا ہے اور تشبہ عارض یا معلوم ہو جاوے تو ترک
اسکا لازم ہو گا۔ دعوی بلا دلیل شرعی کے ہے اسلیے کہ
حدیث یہود جو اس مدعا پر سند لایا ہے وہ ضعیف ہے
مشکوۃ کی باب المشی بالجنازۃ کی تیسری فصل میں دوسری
نمبر پر ہے جو جامع ترمذی وسنن ابو داود وابن ماجہ سے نقل
کرکے پیچھے اسکے مؤلف مشکوۃ اس حدیث کا غریب ہونا ترمذی
سے حکایت کرتا ہے اور نیز یہہ کہ بشر بن رافع راوی قوی
نہیں پھر یہہ ترجمہ ہے عبارت مشکوۃ کا پھر جب اصل ان تینوں کتابوں کا [illegible]

[illegible]

بلیس بالقوی کذلک صرح صاحب التقریب بانہ ضعیف
الحدیث فی صفحۃ (۴۳) والفقیر کان اللّٰہ لہ یقول
ان شیخ بشر بن رافع عبد اللّٰہ بن سلیمان بن جنادۃ
ابن امیۃ کما وقع فی ہذہ الثلث من کتب الحدیث
وہو ایضًا ضعیف صرح بہ فی تقریب التہذیب
صفحۃ (۱۳۱) فضعف ضعف ہذا الحدیث
بالراویین الضعیفین والغرابۃ بقیۃ علیہ کما
یعرفہا اہل العلم وبعد ثبوت غایۃ ضعف الحدیث
اعلم ان صاحب البراہین طعن علی الامام السیوطی
علیہ الرحمۃ فی صفحۃ (۱۶۲) من البراہین بان
الحدیث الضعیف لا یکون موجبًا للعمل فالقیاس
علیہ لا یلیق للاعتماد انتہی فحکم صاحب البراہین
بحرمۃ مجلس المولود وبدعیتہ ولزوم ترکہ بالقیاس
علی ہذا الحدیث الضعیف بغایۃ الضعف لا
یصلح للاعتماد اصلاً وہذہ المعاملۃ یقال لہا
لغیرہ نصیحۃ ولنفسہ فضیحۃ واما مسئلۃ التختم
فہی ایضًا لیست فی کتاب معتبر بل نقلت فی الدر
وحاشیۃ الشامی علی خلاف ما فی البراہین
کما قال فی الدر المختار ویجعل لبطن کفہ فی یدہ
الیسری وقیل الیمنی الا انہ من شعار الروافض
فیجب التحرز عنہ قہستانی وغیرہ قلت ولعلہ کان
وبان فتبصر انتہی وقال صاحب رد المحتار قولہ
فی یدہ الیسری) وینبغی ان یکون فی خنصرہا دون

چھنگلی میں انگوٹھی پہننا

ویسا ہی تقریب التہذیب میں اسکو ضعیف الحدیث لکہا ہے
صفحہ ۴۳ میں دیکہو اب علاوہ اسکے ترمذی وغیرہ کا فقیر
کان اللّٰہ لہ کہتا ہے کہ ان تینوں کتابوں میں بشر بن رافع کا
شیخ عبد اللّٰہ بن سلیمان بن جنادہ ابن ابی امیہ واقع ہے جسکو
تقریب التہذیب کے صفحہ ۱۳۱ میں ضعیف لکہا ہے پس
دو ضعیف راویوں سے ضعف اس حدیث کا مضاعف
ہوگیا ہے ۔ اور غرابت کا دہبہ علاوہ ہے جسکو اہل علم پہچانتے
ہیں اب بعد ثابت ہونے سخت ضعف اس حدیث کے سنو
کہ براہین قاطعہ کے صفحہ ۱۶۲ میں امام سیوطی علیہ الرحمۃ پر
طعن کرنیکی باب میں لکہا ہے ۔ بہرحال حدیث ضعیف موجب عمل
کے نہیں ہوتی ۔ پس قیاس اس سے کرنا بہی لائق اعتماد
کے نہیں انتہی بلفظہ تو اب براہین والے کا اس نہایت
ضعیف حدیث پر قیاس کرکے مجلس مولود کو حرام و بدعت
و لازم الترک بنانا اور علم حدیث میں اپنا تبحر جتانا
دیگراں را نصیحت و خود را فضیحت نہیں تو اور کیا ہے رہا یہ
ہرگز لائق اعتماد نہیں رہا مسئلہ خاتم کا سو وہ بہی کسی معتبر
فقہ کی کتاب میں منقول نہیں ہے بلکہ درمختار و رد المحتار
میں براہین والے کے برخلاف یہ مسئلہ درج ہے صاحب درمختار
قہستانی وغیرہ سے لکہتے ہیں کہ انگوٹھی دست چپ میں پہنے
اور بعضوں نے کہا دست راست میں مگر یہہ روافض کا شعار
ہے اس سے اجتناب واجب ہے پہر صاحب درمختار لکہتے
ہیں میں کہتا ہوں اور امید ہے کہ یہہ کبہی آگے ہو چکا ہوگا
پس یاد رکہ لے انتہی مترجمًا پہر صاحب رد المحتار لکہتے ہیں کہ دست

سائر اصابعہ دون الیمنی ذخیرۃ قولہ فیجب
التحرز عنہ) عبارۃ القہستانی عن المحیط جاز ان
یجعلہ فی الیمنی الا انہ شعار الروافض اہ ونحوہ
فی الذخیرۃ تامل قولہ ولعلہ کان وبان) ای کان ذلک
من شعارہم فی الزمن السابق ثم انفصل وانقطع
فی ہذہ الازمان فلا ینہی عنہ کیفما کان وفی
غایۃ البیان قد سوی الفقیہ ابو اللیث فی شرح
الجامع الصغیر بین الیمین والیسار وہو الحق لانہ
قد اختلف الروایات عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ
وسلم فی ذلک وقول بعضہم انہ فی الیمین من
علامات اہل البغی لیس بشیء لان النقل الصحیح
عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ینفی ذلک اہ وتمامہ
فیہ انتہی ما فی المجلد الخامس من الشامی وذکر
فی رد المحتار فی اخر ہذہ المسئلۃ تتمۃ وذکر العلامۃ
عبد البر بن الشحنۃ ان والدہ انشد قولہ تختم کیف
شئت ولا تبال فی خنصر الیمین او الشمال
الخ انتہی وقد ثبت من احادیث الصحاح الستۃ
جواز التختم فی الیدین ولولا مخافۃ التطویل لنقلت
الاحادیث واظہرت حال معرفۃ الحدیث لصاحب
البراہین وغیرہ فلینظر فی ہذہ غایۃ العداوۃ برسول اللّٰہ
صلی اللّٰہ علیہ وسلم بحکم بدعیۃ مجلس المولود الشریف
بدلیل غیر صحیح عند نفسہ ایضًا نعم من لم یخف من اطلاق
امکان الکذب الی الباری سبحانہ ومن توہین رسولہ

نہ دست راست میں قہستانی محیط سے لایا ہے کہ دست راست
میں بہی جائز ہے مگر یہہ روافض کا شعار ہے اور ذخیرہ
میں بہی ایسا ہی ہے ۔ تامل کر اور یہہ شعار رافضیوں کا اگلے
وقتوں میں تہا ان وقتوں میں نہیں پس اب منع نہیں خواہ
کسی ہاتہ میں ہو غایۃ البیان میں ہے کہ فقیہ ابو اللیث
نے شرح جامع صغیر میں دست چپ و دست راست برابر
لکہدیا ہے اور یہی حق ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ
وسلم سے اسبارہ میں روایات مختلف ہیں اور بعضوں کا
یہہ قول کہ دست راست میں باغیوں کی علامت ہے بے
اصل بات ہے کیونکہ آپ سے نقل صحیح اسکی نفی کرتی ہے
اور تمام اس مسئلہ کا غایۃ البیان میں ہے ۔ یہہ رد المحتار
کی پانچویں جلد فصل لباس صفحہ ۲۴۳ مطبوعہ مصر سے ترجمہ کیا
ہے جسکے اخیر تتمہ میں علامہ عبد البر بن شحنہ مذکور ہے کہ اسکے والد
نے یہہ شعر بنایا ہے جسکا ترجمہ یہہ ہے ۔ جیسا تو چاہے دست
راست یا چپ کی خنصر میں انگوٹھی پہن لے اسمیں کوئی
مضائقہ نہیں الخ انتہی مترجمًا اور صحاح ستہ کی حدیثوں
سے بہی دونوں ہاتہوں میں آپکا انگوٹھی پہننا ثابت ہے
اگر خوف طوالت نہوتا تو وہ حدیثیں منقول ہوتیں جس سے
براہین والوں کی حدیث دانی ظاہر ہو جاتی ۔ اب غور کرو کہ یہ
کسقدر آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم سے عداوت ہے کہ بناوٹی
اور خود انکے نزدیک بہی غیر صحیح دلیل سے مجلس مولود
کو بدعت وغیرہ لکہ رہے ہیں البتہ جب یہ رستہ انکا امکان کذب
سے نڈر ہے اور سرور عالم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی توہین

صلى الله عليه وسلم فكيف يخاف من نسبة الشرك
والبدعة الى المؤمنين نعوذ بالله من الحور بعد الكور
فلما ثبت من كلام البراهين بانه يمتنع من مجلس المولود
بمحض التشبه الممنوع وقد ظهر ان دلائل التشبه ليست
بشيء فانعدمت الممانعة ولله الحمد والمنة قد تم
الاعتراض الخامس والآن اترجم الجواب التفصيلي
منه قال صاحب البراهين مع الحواريين وحاصل
هذا الاعتراض ثلث امور الاول ان تشبيه
مجلس المولود بولادت كنهيا قبيح والثاني ان التشبه
ليس في الحقيقة والثالث تغليط كلية ترك الفعل
بعروض التشبه او علمه لان حديث اليهود ضعيف
ومسئلة التختم في اليسرى والاستناد بها في التشبه
غير صحيح فهذا حاصل طول اللاطائل فنجيبه بالترتيب
انا لا نشبه مطلق مجلس المولود بولادة كنهيا بل
يستحب ذكر المولود مثل ذكر المغازي وذكر المبعث
والهجرة والوفات وغيرها والمشبه بولادة كنهيا
هو مجلس المولود بالهيئة الكذائية المروج المرسوم
في زماننا الغير الثابت من الدلائل الشرعية كما
بين في البراهين بكمال البسط ففي هذه الصورة
لا قباحة في مشابهة ذلك المجلس بمجلس الكفار
ولا شك في ان رتبة هذا المجلس عند القصوري
دون رتبة الصلوة فلما اشبهت الصلوة وقت
طلوع الشمس وغروبها في الحديث الصحيح بعبادة

سے کچھہ ہراس نکیا تو اہل اسلام کو مشرک بدعتی کہنے
سے کیا خوف ہے ترقی کے پیچھے تنزل سے پناہ بخدا
پہر جب تشبہ کو روسے ممانعت مجلس مولود کی تہی جیسا
کہ براہین سے منقول ہوا ہے تو اب منتفی ہونے دلائل
تشبہ کو وہ ممانعت بہی معدوم ہوگئی وللہ الحمد پانچواں
اعتراض پورا ہوا اب جواب تفصیلی کی عبارت منقول
ہوتی ہے۔ صاحب براہین مع حوارین لکہتے ہیں حاصل
اس اعتراض کا صرف تین امر ہیں ایک تو یہ کہ مجلس مولود
کہنیا کے جنم کے ساتہہ مشابہت دینا قبیح ہے۔ دوسرے
درحقیقت تشبہ ہی نہیں تیسرے یہہ کلیہ غلط ہے کہ بعد
کرنے کسی امر کے اگر تشبہ عارض یا معلوم ہو جاوے تو
ترک اسکا لازم ہوگا کیونکہ حدیث یہود ضعیف ہے اور
نیز دست چپ میں خاتم کا پہننا جو مکروہ لکہا ہے اور تشبہ
کی سند میں اسکو ذکر کیا ہے یہہ بہی صحیح نہیں ہے تمام طول
لاطائل کا حاصل یہہ تین چار سطر ہیں اسکا جواب ترتیب وار
سنئیے مطلق مولود کی مجلس کو جنم کہنیا کے ساتہہ
تشبیہ نہیں دی بلکہ ذکر مولود مثل ذکر مغازی و بعثت و
ہجرت و وفات وغیرہ کو مستحب سمجہتے ہیں اور جسکو
مشابہہ کیا گیا ہے وہ یہہ مولود ہیئت کذائی کو ساتہہ
ہے جو مرسوم و مروج ہے جسکا ثبوت ادلہ شرعیہ سے
ہرگز نہیں ہے چنانچہ براہین میں نہایت بسط کو ساتہہ بیان
ہو چکا ہے سو اس صورت میں مشابہت جو دی گئی ہے کیا قباحت ہے
اور مجلس مولود کا رتبہ انکے نزدیک بہی نماز سے کم ہی ہوگا

عند الشمس فلا قباحة في تشبيه المولود المحدث
المروج بالتشبيه الواقعي ومن كان متبعا السنة
رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يضره هذا التشبيه
دعوى ثبوت هذا المجلس بالادلة الشرعية غير
دلل لا يقوم الدليل الشرعي على جوازه اصلا و
ان يأتي بدليل فانا نجيبه بقول الفقير كان الله له
قد المنكرون بانا نستحب ذكر المولود مثل ذكر
المغازي والمبعث والهجرة وغيرها فكما تنعقد المجالس
للاذكار من بسط الفرش وايقاد السرج على
حسب الحاجة ان كان في الليل ونقسم للتبرك
شيئا بعد الفراغ كما هو مشهود في بلدة لاهور
وغيرها في مجالس الوعظ في البيوت والمساجد ولا
ينكره احد فكذلك تنعقد المجالس للمولود فالحكم
باستحباب اصل الذكر وكراهة انعقاد المجالس وحرمته
ليس الا من عداوة وعناد بمجالس الخير ثم ان كان امر في
نفسه من المكروهات فيرتفع الكراهة لمصلحة
دينية كما صرح به في المعتبرات بان الفتوى تختلف
باختلاف الزمان والمكان وقد نقله ايضا صاحب
البراهين ومحقق المحدث الدهلوي في شرح سفر
السعادة والسيد ابن عابدين في رد المحتار و
فيما في غيرهما وقد الف اكابر علماء اهل السنة
كالعلامة العسقلاني والامام السيوطي و
القاري وغيرهم رسائل في جواز مجالس المولود

تو مولود محدث مروج کا تشبیہ جو واقعی ہے بیان کرنا کیوں
قبیح معلوم ہوتا ہے اگر اتباع سنت کا خیال ہو تو امر محدث
کی تشبیہ ہرگز ناگوار خاطر نہوا اور یہہ کہنا کہ مجلس مولود
ہیئت کذائی کا جواز ادلہ شرعیہ سے ثابت ہو چکا ہے
یہہ محض دعوی بلا دلیل ہے۔ اسکے جواز پر کوئی دلیل شرعی
قائم نہیں ہے۔ اگر آپ کچھہ برائے نام بہی بیان کرتے تو اسکا
جواب دیا جاتا انتہی بلفظہ فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے کہ جب منکرین
کا اقرار ہے کہ ہم ذکر مولود کو مثل ذکر مغازی و ذکر بعثت و
ہجرت وغیرہ کو مستحب جانتے ہیں تو اب ان اذکار کیواسطے
جب کوئی مجلس منعقد ہوگی تو ضرور کچھہ فرش بچہے گا اور موقع
رات میں حسب ضرورت چراغاں بہی ہونگے اور بعد فراغت
کے تبرک کو طور پر کچھہ تقسیم بہی کرینگے جیسا کہ لاہور وغیرہ میں
جب اپنے گہر یا محلہ کی مسجد میں وعظ کراتے ہیں تو ایسا کرتے
ہیں اور کسیکو انکار نہیں ہے پس ایسا ہی مولود شریف
کی مجلسیں منعقد ہوتی ہیں تو اصل ذکر مولود کو مستحب
کہنا اور انعقاد مجلس کو مکروہ و حرام بتانا ایسی مجالس
خیر سے عناد و عداوت نہیں تو اور کیا ہے۔ پہر اگر واقعی
کوئی کام مکروہ ہوتا ہے تو کسی مصلحت دینی کے واسطے وہ
کراہت اٹہہ جاتی ہے جیسا کہ معتبرات فقہ میں تصریح ہے
کہ فتوی زمان اور مکان کی بدلنے سے بدل جاتا ہے اور خود
صاحب براہین نے بہی اسکو نقل کیا ہے اور محدث دہلوی
نے شرح سفر سعادت میں اور علامہ سید ابن عابدین نے رد المحتار
میں اور دوسرے علماء نے بہی اسکی تحقیق فرمائی ہے اور بیشک اکابر

باستنباط من الدلائل الشرعية لكن لا يقبلها المنكرون
كما انكر ورد صاحب البراهين على هؤلاء الاكابر
لترويجهم مجلس مولود سيد الابرار فلا ينفع للمنكر
الكليل وان تليت عليه التورية والانجيل اما المنصف
الجميل فيكفيه القدر القليل من الدليل وهو نعم
المولى ونعم الوكيل وما قال ان الصلوة وقت الطلوع
والغروب شبهت بعبادة عبدة الشمس في الحديث
الصحيح فجوابه اولاً انه دعوى بلا دليل لانه ما
بين الحديث الصحيح الذي شبهت فيه الصلوة
بعبادة عبدة الشمس وثانياً لما تتبعنا في كتب
الحديث ما وجدنا هذا التشبيه في حديث بل
الفاظ الاحاديث هكذا نهى عن الصلوة بعد الصبح
حتى تشرق الشمس وبعد العصر حتى تغرب
ولا تحروا بصلوتكم طلوع الشمس ولا غروبها
ولا يتحرى احدكم فيصلي عند طلوع الشمس
ولا عند غروبها رواهما البخاري و فاذا طلعت
الشمس فامسك عن الصلوة فانها تطلع بين
قرني الشيطان رواه مسلم كذا في المشكوة
قال الامام النووي في شرح مسلم قوله صلى الله عليه
وسلم فانها تطلع بين قرني الشيطان قيل المراد
بقرنه امته وشيعته وقيل قرنه جانب راسه وهذا
ظاهر الحديث فهو اولى ومعناه انه يدني راسه
الى الشمس في هذا الوقت ليكون الساجدون للشمس

اور دلائل شرعیہ سے استنباط کر کے بخوبی تحقیق کی مگر
منکروں نے نہ مانا جیسا کہ براہین والے نے بھی ان اکابر
پر انکار کیا اور انکار و بسبب رواج دینے مجلس مولود شریف
کے لکھا پس انکار پر اصرار کرنیکو کچھ نافع نہیں ہر چند انپر
توریت و انجیل پڑھ سنائیں مگر منصف کو قدر قلیل
بھی شرعی دلیل سے کافی ہوتا ہے اور خدا ہی مددگار اور
وکیل ہے اور یہہ قول کہ وقت طلوع یا غروب کی نماز
پڑھنی آفتاب پرستوں کی عبادت سے مشابہ ہے اول
تو یہ دعوی بلا دلیل ہے کیونکہ براہین والے نے کوئی بھی
صحیح حدیث بیان نہیں کی جسمیں نماز کو آفتاب کی
عبادت سے تشبیہ دیگئی ہو۔ دوم جب کتب حدیث
میں جستجو ہوئی تو کسی حدیث کے لفظوں میں یہہ تشبیہ
نپائی بلکہ الفاظ حدیث کے یہہ ہیں کہ منع کی نماز سے صبح کے
پیچھے سورج کے چمکنے تک اور عصر کے پیچھے غروب تک اور
وقت طلوع اور غروب سورج کو اپنی نمازوں کی قصد
نکرو اور کوئی تم سے قصد نہ کرے پس وقت طلوع
اور غروب سورج کے نماز پڑھے یہہ بخاری کی روایات
ہیں پس جب سورج چڑھے تو بند ہو نماز سے کیونکہ وہ چڑھتا
ہے دو قرن شیطان میں یہہ مسلم کی روایت
اور ایسا ہی مشکوۃ میں ہے امام نووی شرح صحیح مسلم میں
لکھتے ہیں کہ آپنے جو فرمایا کہ سورج دو قرن شیطان میں
نکلتا ہے بعضوں نے کہا ہے کہ مراد قرن سے امت اور
گروہ شیطان کی ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ اسکا [illegible]

من الكفار في هذا الوقت كالساجدين له وحينئذ يكون
له ولشيعته تسلط وتمكن من ان يلبسوا على المصلي
صلوته فكرهت الصلوة في هذا الوقت لهذا
المعنى كما كرهت في ماوى الشيطان انتهى وهكذا
في اللمعات وغيرها وقال القسطلاني في شرح البخاري
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا طلع حاجب
الشمس فاخروا الصلوة اي التي لا سبب لها حتى
اي الى ان ترتفع الشمس واذا غاب حاجب
الشمس فاخروا الصلوة التي لا سبب لها حتى تغيب
زاد المؤلف في بدء الخلق من طريق عبدة فانها تطلع
بين قرني شيطان وعند مسلم من حديث عمرو بن عبسة
وحينئذ يسجد لها الكفار انتهى وقال العسقلاني في شرح
البخاري ورواية عبدة هذه موصولة عند المصنف
في بدء الخلق وزاد فيه فانها تطلع بين قرني شيطان
وفيه اشارة الى علة النهي عن الصلوة في الوقتين المذكورين
وزاد مسلم من حديث عمرو بن عبسة وحينئذ يسجد لها
الكفار فالنهي حينئذ لترك مشابهة الكفار انتهى بقدر
الحاجة وبالجملة الصلوة ما شبهت في الحديث
الصحيح بعبادة عبدة الشمس اصلاً كما هو
زعم المكذبين والنهي لترك مشابهة الكفار
الذي صرح به الشراح شيء آخر كما لا يخفى على من
له ادنى من لب قال في الجواب التفصيلي والامر
الثاني ان التشبيه ليس في الاصل فجوابه ان قوله

اور اب شیطان اور اسکے گروہ کو غلبہ اور قدرت ہوتا ہے
کہ نمازی پر التباس اور اشتباہ کرتا ہے اسکی نماز میں پس
اسلیئے نماز اسوقت میں مکروہ ہوئی جیسا کہ مکان شیطان
میں مکروہ ہے اہ مترجماً اور لمعات وغیرہ میں بھی ایسا
ہی ہے اور قسطلانی شرح بخاری میں لکھتے ہیں کہ
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کنارہ
سورج کا طلوع کرے تو نماز میں تاخیر کرو یعنی وہ
نماز جو کسی سبب سے نہیں ہے جبتک سورج اونچا ہو جائے
اور جب کنارہ سورج کا غائب ہوتب بھی نماز سے
تاخیر کرو جو کسی سبب سے نہیں ہے جبتک سورج چھپ
جائے مؤلف نے باب بدء خلق میں طریق عبدہ سے
زیادہ کیا ہے کہ وہ سورج دو قرن شیطان میں نکلتا
ہے اور مسلم کے نزدیک حدیث عمرو بن عنبسہ سے یہہ زیادہ
ہے کہ اسوقت سجدہ کرتے ہیں سورج کو کافر اہ مترجماً
اور علامہ عسقلانی شرح بخاری میں کہتے ہیں کہ یہہ روایت عبدہ
کی مصنف کے نزدیک موصول ہے اور اسمیں یہہ زیادتی ہے کہ سورج
دو قرن شیطان میں نکلتا ہے اور اسمیں اشارہ ہے ان دونو وقتوں میں
نماز کے منع ہونیکا اور مسلم نے حدیث عمرو بن عنبسہ میں یہہ زیادہ کیا ہے
کہ اسوقت سورج کو کافر سجدہ کرتے ہیں پس نہی کفار کی مشابہت
کی ترک کیواسطے ہے یہہ ضروری عبارت شرح بخاری کا ترجمہ ہے
حاصل کلام یہہ ہے کہ نماز کو حدیث صحیح میں آفتاب پرستوں کی عبادت
کے ساتھ ہرگز تشبیہ نہیں دیگئی ہے جیسا کہ مکذبین کی [illegible]
دی ہے اور نہی نماز ترک مشابہت کفار کیواسطے جیسا [illegible]

فی الاصل لایقع التشبہ الواقع یقول الفقیر التصوری کان اللہ لہ انما نفیت قصد التشبہ وہو المنہی عنہ فی الشرع لان المشابہۃ من الشیٔی لاتضر ما لم یقصد التشبہ وفی المذموم قال فی البحر المختار فان التشبہ بہم لایکرہ فی کل شیٔی بل فی المذموم وفیما یقصد بہ التشبہ کما فی المجتبیٰ انتہی قال السید احمد الطحطاوی فی حاشیۃ قال فی البحر لان التشبہ بہم لایکرہ فی کل شیٔی فانا ناکل ونشرب کما یفعلون اہ انما الحرام التشبہ فیما کان مذموما او فیما یقصد بہ التشبہ انتہی بقدر الحاجۃ وقال السید ابن عابدین فی رد المحتار علی الدر المختار قولہ لان التشبہ بہم لایکرہ فی کل شیٔی فانا ناکل ونشرب کما یفعلون بحر عن شرح الجامع الصغیر لقاضیخان ویؤیدہ ما فی الذخیرۃ قبل کتاب التحری قال ہشام رأیت علی ابی یوسف نعلین مخصوفین بمسامیر فقلت اتری بہذا الحدید باسا قال لا قلت سفیان وثور بن یزید کرہا ذلک لان فیہ تشبہا بالرہبان فقال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یلبس النعال التی لہا شعر وانہا من لباس الرہبان فقد اشار الی ان صورۃ المشابہۃ فیما تعلق بہ صلاح العباد لایضر فان الارض مما لایمکن قطع المسافۃ البعیدۃ فیہا الا بہذا النوع

بلفظہ فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے کہ میں نے تشبہ کے قصد کی نفی کی ہو اور شرعًا وہی منع ہے کیونکہ دو چیزوں میں مشابہت کوئی ضرر نہیں کرتی جبتک تشبہ مقصود نہوا ور بُرے کام میں نہو در مختار میں فرماتے ہیں کہ ہر شے میں کفار سے تشبہ مکروہ نہیں ہے بلکہ بُری باتوں میں اور جسمیں تشبہ مقصود ہو جیسا کہ بحر الرائق میں ہے اہ حضرت سید احمد طحطاوی در مختار کے حاشیہ میں لکھتے ہیں بحر الرائق میں کہا ہے کہ کفار سے ہر چیز میں تشبہ مکروہ نہیں کیونکہ ہم بھی کہاتے پیتے ہیں جیسے کہ یہ کافر کام کرتے ہیں اھ حرام تشبہ تو وہی ہے جو بُرے کام میں ہو یا مقصود تشبہ ہو اہ خانیہ بید ترجمہ ہے طحطاوی کی عبارت ضرورت کا اور سید ابن عابدین رد المحتار حاشیہ در مختار میں لکھتے ہیں قولہ اسلیے کہ کفار سے تشبہ ہر چیز میں مکروہ نہیں ہے الخ پس تحقیق ہم بھی کہاتے پیتے ہیں جیسا کہ کافر کہاتے پیتے ہیں بحر الرائق میں شرح جامع صغیر قاضیخان سے یوں لکھا ہے اور اسی کی تائید ہوتی ہے جو ذخیرہ میں کتاب تحری کے پہلے لکھا ہے ہشام نے کہا میں نے امام ابو یوسف کی نعلین میخ آہنی والی دیکھیں پس میں نے کہا کہ آپ اس میخ آہنی میں کچھ خوف نہیں دیکھتے تو امام نے جواب دیا نہیں میں نے کہا سفیان اور ثور بن یزید اسکو مکروہ جانتے ہیں کیا اسمیں کفار سے تشبہ ہے تو امام نے جواب دیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہ نعلین پہنی ہیں جسمیں بال ہوتے ہیں اور وہ بھی کفار کی لباس سے ہے پس تحقیق اسی طرح اشارہ کیا اسپر کہ صورۃ مشابہت اس کام میں جسمیں لوگوں کا

[illegible]

فیہ اشارۃ ایضا الی ان المراد بالتشبہ اصل الفعل الی صورۃ المشابہۃ بلا قصد انتہی فلا شک فی ان المؤمنین الذین یصنعون مجالس المولود لن یقصدون التشبہ بالہنود ولا بالنصاریٰ فلا یضر صورۃ المشابہۃ قطعًا قال فی الجواب التفصیلی والامر الثالث المبسوط من کون القاعدۃ الکلیۃ دعوی بلا دلیل نشا من عدم درایۃ کلام صاحب البراہین لان ذلک الحدیث مثال للقاعدۃ الکلیۃ لا دلیلہا کما یشہد علیہ لفظ چنانچہ ثم تضعیف الرواۃ لیس بمتفق وثقہم ابن حبان علی ان ہذا مناقشۃ فی المثال تخالف داب المناظرۃ وان قطعنا النظر عن ذلک فنعرض الامثلۃ الکثیرۃ من الاحادیث الصحیحۃ وہی التی اوردہا المعترض فی رسالۃ رد البنجریۃ بکمال شد ومد مثلا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصوم صوم عاشوراء فقیل ان الیہود تصومونہا فقال لترک المشابہۃ ان عشت الی قابل لاصومن التاسع ایضا فلم یعلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حال المشابہۃ فلما علم من بیان الصحابۃ فعلم ترک التشبہ بابلغ الوجوہ فہذا الحدیث الذی اوردہ المعترض فی رسالتہ فالان اما یضعفہ او یقول انہ صام اولا للتشبہ وعلی ہذا مثال تغیر الشیب والنار والناقوس للاذان

پس اسمیں یہہ بھی اشارہ ہے کہ مراد تشبہ سے اصل کام ہے یعنی صورت مشابہت کی بغیر قصد کے مضر نہیں اہ مترجم جناب امیر کوئی شک نہیں کہ وہ اہل اسلام جو مولود شریف کی مجالس کرتے ہیں انکو ہنود اور نصاریٰ سے ہرگز تشبہ مقصود نہیں ہوتا ہے تو صورت تشبہ کی ہرگز مضر نہیں جواب تفصیلی میں ہے تیسرا امر جسکو آپنے کسیقدر بسط کے ساتھ بیان کیا ہے اسکا جواب یہہ ہے کہ آپنے مؤلف براہین کی کلام کو مطلق نہیں سمجھا اگر سمجھتے تو ایسا نفرماتے کہ دعوے بلا دلیل ہے جس حدیث کو آپنے دلیل خیال کیا اور اسکی تضعیف کو بہر زور پر کہا کہ دعوے بلا دلیل ہے وہ حدیث قاعدہ کلیہ کی لیے بطور مثال بیان کیگئی ہے چنانچہ براہین میں لفظ چنانچہ اسپر شاہد ہے مثال کو دلیل سمجھنا غلط ہے پھر تضعیف راویوں کی متفق علیہ نہیں ہے ابن حبان نے توثیق کی ہے علاوہ یہ مناقشہ فی المثال ہے جو بالکل واب مناظرہ کے برخلاف ہے قطع نظر اس مثال کے بہت سی مثالیں احادیث صحیحہ سے ہم پیش کرسکتے ہیں وہ وہی ہیں جنکو آپنے بھی رسالہ رد نیچریہ میں بڑے شد ومد کے ساتھ وارد کیا ہے مثلًا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صوم یوم عاشورا رکھتے تھے آپ سے عرض کیا گیا کہ یہود بھی رکھتے ہیں تو آپنے ترک مشابہت کیلیے فرمایا کہ سال آئندہ اگر میں زندہ رہا تو نویں تاریخ کابھی روزہ رکھونگا اول آپ کو تشبہ کا حال معلوم نتہا صحابہ سے جب معلوم ہوا تو ترک تشبہ کو بابلغ وجوہ تعلیم فرمایا آپ اس حدیث کو بھی جسکو اپنے رسالہ میں بیان کرچکے ہیں ضعیف کہدینگے یا یہہ کہینگے کہ اول اسے بوجہہ تشبہ اختیار کیا تہا اسیطرح سے تغیر شیب اور

[illegible]

ترك بعد العلم بالتشبه وان لم يكف هذا المقدار فانا نبسط التشبه في جواب سوال آت بالبسط الكثير حتى تكون اقوال الحجة عليه يقول الفقير القصوري كان الله له تسمية الدليل على القاعدة الكلية الزعمية تمثيلاً لها ايضاً لا تفيد فائدة تخلصه من شدة ضعف الحديث و دعوى توثيق ابن حبان لرواة ذلك الحديث ايضا بلا دليل لان التوثيق اللساني ليس بشئ ما لم يبين ببيان شاف كما بينا تضعيفه باعلان كاف ثم لا يذهب عليك ان دعوى التوثيق كاذبة بلا شك ولا ريب لان صاحب ميزان الاعتدال في نقد الرجال صرح بقول ابن حبان في شان بشر ابن رافع حيث قال وقال ابن حبان يروي اشياء (اى بشر بن رافع) موضوعة كانه المعتمد لها انتهى بحروفه من صفحة (۱۲۷) المطبوع في المطبع المعروف بانوار محمدى الواقع في اللكهنو ثم التمثيل بالمثال الضعيف الاضعف في بيان المسئلة الشرعية مما لا يخفى قباحته واما التمثيل بصوم يوم عاشوراء ثم ترك التشبه بعد العلم فهو ايضا مردود عليه بوجوه الاول انه اعلن في البراهين بصفحة (۱۷۹) ان الشركة في صوم يوم عاشوراء بامر الله تعالى والصوم المفرد ليس بمكروه وانما يستحب الصوم الواحد لمحض التعبد لا لرفع التشبه لان التشبه لم يكن قبله انتهى مترجما

اس قاعدہ کلیہ کیلیے مثالیں ہیں جو صحاح میں وارد ہیں ان سب میں بعد علم تشبہ ترک کیا گیا ہے اگر اسپر کفایت نہیں تو عنقریب ہم سوال ہفتم کے جواب میں تشبہ مذکور کو بہت بسط کے ساتھہ بیان کرینگے اور آپ کے اقوال آپ پر ہی حجت ہوونگے انتہی بلفظہ فقیر قصوری کان اللہ لہ عرض کرتا ہے کہ اپنے زعم سے ایک قاعدہ کلیہ بنا کر اسکی دلیل کو تمثیل نام رکھنا اگرچہ میں چاہیے کہ شدت ضعف حدیث سے مخلصی پائیں تو غیر ممکن ہے اور یہہ دعوی بھی کہ ابن حبان نے اس حدیث کے راویوں کی توثیق کی ہے بلا دلیل ہے کیونکہ اپنی زبان سے توثیق کا ادعا کرنا ہیچ ہے جبتک بیان شافی سے بحوالہ سند مبین نہو جیسا کہ فقیر نے تضعیف کو مستند بیان کیا ہے پہر اس سے درگذر نکرنا چاہیے کہ دعوی توثیق بالکل جہوٹ اور خلاف ہے اسلیے کہ میزان الاعتدال فی نقد الرجال میں تصریح کی ہے کہ ابن حبان نے بشر بن رافع کے حق میں لکھا ہے کہ وہ موضوع باتوں کو ایسا روایت کرتا ہے جیسا کہ وہ موضوعات اسکے نزدیک معتمد ہیں یہہ ترجمہ ہے عبارت میزان الاعتدال مطبوعہ مطبع انوار محمدی واقعہ لکہنو کے صفحہ ۱۲۷ سے پہر مسئلہ شرعیہ کے بیان میں مثال ضعیف اضعف سے تمثیل دینی سخت قبیح ہے۔ اور تمثیل روزہ عاشورا کی کہ بعد علم کے آپنے تشبہ کو ترک فرما دیا تہا یہہ بھی کئی وجہہ سے مردود ہے اول یہہ کہ خود براہین کے صفحہ ۱۷۹ میں صاف لکھا ہے کہ یوم عاشورا کی شرکت بامر اللہ تعالے تہی اور ایک روزہ بھی رکہنا مکروہ نہیں ہے ایک ہی روزہ کا استحباب محض تعبد کیلیے ہے نہ رفع تشبہ کیواسطے اسلیے کہ تشبہ اس سے پہلے ہی نہ تہا اھ

فالحكم ههنا بانه قال لترك التشبه ان عشت الى قابل لاصومن التاسع ايضا الخ يعارض ذلك الحكم بنفي التشبه من الاول واذا تعارضا تساقطا والثاني قوله فلم يعلم رسول الله صلى الله عليه وسلم حال المشابهة مخالف صريح بالحديث الصحيح الذي اخرجه اصحاب الكتب الستة عن ابن عباس رضي الله عنهما قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قدم المدينة فوجد اليهود صياما يوم عاشوراء فقال لهم رسول الله صلى الله عليه وسلم ما هذا اليوم الذي تصومونه فقالوا هذا يوم عظيم انجى الله موسى وقومه وغرق فرعون وقومه فصامه موسى شكرا فنحن نصومه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم فنحن احق بموسى منكم فصامه وامر الناس بصيامه ومارد استدلال ابن حجر العسقلاني بهذا الحديث صاحب البراهين في صفحة (۱۶۴ و ۱۶۵) فهو وقاحته وشناعته باجراء اللسان في حق الاكابر والحال انه لا يدري حرفا بمقابلة العلماء الربانيين وما انكار صومه عليه السلام ما كان لشكر نجات موسى بل لاتباع سنته فهو ايضا يخالف الحديث الصحيح وتصريح الشراح والاكابر قوله صلى الله عليه وسلم فنحن احق بموسى منكم كتب على حاشية الصحيح للبخاري المطبوع في المطبع الاحمدي صفحة (۲۶۲)

پس اب جواب تفصیلی میں یہہ کہنا کہ آپنے ترک مشابہت کیلیے یہہ فرمایا کہ سال آئندہ اگر میں زندہ رہا تو نویں تاریخ کا روزہ بھی رکہونگا مناقض ہے اس حکم کے کہ اول سے تشبیہ تہی اور دو امر متعارض متساقط ہوتے ہیں دوم یہہ دعوی کہ اول آپکو تشبہ کا حال معلوم نہ تہا صریح مخالف ہے صحیح حدیث کے جو صحاح ستہ میں بروایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما وارد ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رونق افزا مدینہ منورہ ہوئے تو یہود کو عاشورا کے دن روزہ رکہے ہوئے پایا۔ پس فرمایا کہ یہہ کیا دن ہے جسمیں تم روزہ رکہتے ہو یہود نے کہا یہہ بزرگ دن ہے خدا تعالی نے حضرت موسی علی نبینا وعلیہ السلام ۱۲ اور انکی قوم کو نجات بخشی اور فرعون و فرعونیوں کو غرق کیا پس حضرت موسی نے اسدن میں شکر کا روزہ رکہا تہا اور ہم بھی روزہ رکہتے ہیں۔ اسپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم تمہاری نسبت حضرت موسی سے لائق تر ہیں پس آپنے روزہ رکہا اور صحابہ کو بھی روزہ رکہنے کا حکم فرمایا یہہ حدیث صحیح کا ترجمہ ہے اور براہین والے نے جو علامہ عسقلانی کے اس حدیث کے استدلال کو صفحہ ۱۶۴ و ۱۶۵ میں رد کیا ہے تو یہہ اسکی دریدہ دہانی ہے کہ ایسے اکابر علما کے بارہ میں بکواس کرتا ہے حالانکہ ان علماء ربانیین کے مقابلہ میں اسکو ایک حرف بھی نہیں آتا ہے اور نیز یہہ جو براہین میں آپکے روزہ عاشورا کو حضرت موسی علی نبینا وعلیہ السلام ۱۲ کی نجات کی شکر کا انکار کرکے انکی سنت کا اتباع بنا دیا ہے تو یہہ بھی حدیث صحیح اور شراح معتبر کی تصریح کے برخلاف ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہہ فرمانا کہ ہم تمہاری نسبت حضرت موسی کے احق ہیں صحیح بخاری مطبوعہ مطبع احمدی کے صفحہ ۲۶۲ کے حاشیہ

يعني نحن نصوم موافقة موسى حيث صامه شكرا انتهى وقال العلامة الطحاوي تحت هذا الحديث في شرح معاني الآثار ففي هذا الحديث ان رسول الله صلى الله عليه وسلم انما صامه شكرا لله عز وجل في اظهاره موسى على فرعون انتهى قال القاري عليه رحمة الباري في المرقات فتعظيم ما عظمه لم يكن على جهة المتابعة له في شرعه بل على طريقة موافقة شرعه اذ كان صيامه صلى الله عليه وسلم شكرا لخلاص موسى كما سجد في ص شكرا لله على قبول توبة داود على نبينا وعليه السلام انتهى والثالث قال الامام الطحاوي في شرح معاني الآثار عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسدل شعره وكان المشركون يفرقون رؤسهم وكان اهل الكتاب يسدلون رؤسهم وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يحب موافقة اهل الكتاب فيما لم يؤمر فيه بشيء ثم فرق رسول الله صلى الله عليه وسلم راسه حدثنا محمد بن عزيز الايلي قال ثنا سلامة عن عقيل عن ابن شهاب قال اخبرني عبيد الله فذكر باسناده مثله فاخبر ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه واله وسلم كان يحب موافقة اهل الكتاب حتى يؤمر بخلاف ذلك انتهى وفي مجمع بحار الانوار مع ان الاحاديث السابقة دلت انه صلى الله عليه وسلم لما قدم المدينة وجد اليهود يصومونه ويعظمونه

کہ یعنی ہم روزہ رکھتے ہیں حضرت موسے علی نبینا وعلیہ السلام کی موافقت کیلئے جیسا کہ انہوں نے روزہ شکر کا رکھا تھا امام طحاوی کی اس حدیث کے نیچے شرح معانی آثار میں لکھتے ہیں کہ اس حدیث میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف اللہ تعالی کے شکر کیواسطے روزہ رکھا تھا کہ حضرت موسی علی نبینا وعلیہ السلام کو فرعون پر غالب کر دیا تھا اہ علامہ قاری مرقات میں تحریر کرتے ہیں کہ معظم چیز کی تعظیم اس جہت سے نہ تھی کہ آپ نے حضرت موسی علی نبینا علیہ السلام کی شریعت کی اتباع فرمائی تھی بلکہ انکی شرع سے موافقت کے طور پر یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا روزہ حضرت موسی کی خلاصی کے شکر میں تھا جیسا کہ آپنے سورہ ص میں حضرت داود علی نبینا علیہ السلام کی توبہ کے قبول کے شکر میں سجدہ فرمایا تھا اہ مترجما سوم امام علامہ طحاوی شرح معانی آثار میں فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بالوں کو سدل کرتے تھے اور مشرک مانگ نکالتے تھے اور اہل کتاب بالوں میں سدل کرتے تھے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اہل کتاب کی موافقت کو پسند کرتے تھے جبتک کسی بات میں امر الہی نہیں ہوتا تھا پھر آپنے بھی سر مبارک میں مانگ نکالی پھر اسی شرح معانی آثار میں اسناد کے ساتھ سلسلہ راویوں کو لکھکر اخیر میں لکھا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موافقت اہل کتاب کی پسند کرتے تھے جب تک انکے خلاف پر مامور نہوتے اہ مترجما اور مجمع بحار الانوار میں ہے کہ پہلی حدیثیں دلالت کرتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو یہود کو عاشورا کا روزہ

فصاموه ويمكن ان يقال انه صلى الله عليه وسلم كان عالما بتعظيمهم وصومهم له من اول قدومه ولكنه كان في اول امره يحب موافقة اهل الكتاب تاليفا بهم واستجلابا لقلوبهم ثم صار يحب مخالفتهم لما ظهر الحق فلما علم اصحابه محبته مخالفتهم اخبروه بتعظيمهم له ليخالفهم فقال نخالفهم بصوم التاسع في القابلة انتهى من لفظ تسع وقال في لفظ فرق طه يحب موافقة اهل الكتاب فيما لم يؤمر هذا كان اولا تاليفا لهم ورغما لعبدة الاوثان فلما ظهر الاسلام وقوي خالفهم في امور كصبغ الشيب وغيره انتهى قال الشيخ المحدث الدهلوي تحت حديث عبادة بن الصامت رضي الله عنه الذي مر على الصدر ان حكم القعود على القبر كان من الوحي على الظاهر لانه عليه السلام كان يحب موافقة اهل الكتاب ما لم يؤمر بخلافهم انتهى مترجما فعلم من هذه المنقولات المعتبرات انه كما تحقق كذب دعوى الجواب التفصيلي التي مرت في الوجه الثاني اعني علم رسول الله صلى الله عليه وسلم حال المشابهة كذلك ثبت كذب دعوته بانه عليه السلام ما صام اولا للتشبيه والرابع ليس هذا التمثيل مطابقا للقاعدة الكلية لان منشأها لزوم ترك الفعل بعد عروض التشبه او علمه صلى الله عليه وسلم وههنا ما ترك الصوم بل مع التشبه بتجويز صوم [illegible]

تو آپنے بھی روزہ رکھا اور ممکن ہے کہ کہا جاوے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہود کو عاشورا کا روزہ رکھنے اور تعظیم کرنیکے مدینہ طیبہ کی رونق افروزی سے پہلے جانتے تھے لیکن آپ یہ تھے کہ ابتدا میں موافقت اہل کتاب کو پسند کرتے تھے انکی تالیف قلوب اور کشش کیواسطے پھر آپ ان کی مخالفت کو پسند فرمانے لگے تھے جب اسلام غالب ہوگیا تھا پس آپکے صحابہ نے جب معلوم کیا کہ آپ انکی مخالفت کو پسند کرتے ہیں تو آپکو خبر دی اسپر تاکہ آپ انکی مخالفت کریں تو آپنے فرمایا کہ ہم انکی مخالفت کرینگے سال آئندہ میں نویں تاریخ کا روزہ رکھنے سے یہ ترجمہ ہے عبارت بحار الانوار کا لفظ تسع کے معنے میں ہے اور لفظ فرق میں طیبی سے لکھا ہے کہ آپ اہل کتاب کی موافقت پسند فرماتے تھے جبتک مامور نہیں ہوتے تھے یہ ابتدا میں تھا انکی تالیف کیلئے اور بت پرستوں کی گونساری کی غرض سے پھر جب اسلام غالب اور قوی ہوگیا تو آپنے کئی کاموں میں اہل کتاب سے مخالفت فرمائی جیسے بالوں کی خضاب وغیرہ میں اہ مترجما اور حدیث عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے نیچے جسکا پیشتر ذکر کیا ہے شیخ محدث دہلوی لکھتے ہیں کہ آپکا قبر پر بیٹھنے کا حکم دینا ظاہرا وحی سے تھا کیونکہ آپ اہل کتاب کی موافقت کو پسند فرماتے تھے جبتک انکی مخالفت پر مامور نہ ہوتے تھے اہ مترجما اب ان معتبر سندوں سے معلوم ہوگیا کہ جیسا کہ جواب تفصیلی والونکا وہ دعوی جو دوسری وجہ میں گذرا ہے کہ آپکو مشابہت کا حال معلوم تھا محض جھوٹا نکلا ویسا ہی یہ دعوی بھی جھوٹا ہے کہ آپنے اول تشبہ کیلئے روزہ نہیں رکھا تھا چہارم یہ تمثیل اس قاعدہ کلیہ کے مطابق نہیں کیونکہ قاعدہ کلیہ کا مضمون یہ ہے کہ تشبہ کے [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

يقول امكان كذب الباري كمال الالوهية وشعبة
عموم قدرته وهو مذهب اهل السنة ومخالف
هذه العقيدة خارج من دائرة اهل السنة وغير
ذلك من الهفوات وكذلك قال بمساواة جميع
الناس في البشرية برسول الله صلى الله عليه وسلم
وقلة علمه عليه السلام من الشيطان اللعين وغير
ذلك من الهذيانات ثم يقول انا بريئون من ذلك
فهل هذا الا كذب صريح وتقية قبيح فقد تم تحقيق
الاعتراض الخامس وها انا اشرع في السادس
وهو هذا قال في صفحة (٥٠ و ٥٩) من البراهين
انا نمنع من هيئة ايصال الثواب التي يلزم منها
التشبه بالكفار والفاتحة (اي الارواح الاموات ١٢) خلاف السنة و
تخصيص اليوم الثالث (اي بعد الموت ١٢) للفاتحة ايضا خلاف
السنة وهو رسم كفار الهنود لانهم يجتمعون في اليوم
الثالث ويحضرون الطعام عند البرهمن اي عالمهم فيقرء
ايات من كتاب الكفار فما قال المولوي رشيد احمد
بانه رسم الكفار فحكم على تعين اجتماع الناس في اليوم
الثالث ووضع الايدي على الطعام بان ذلك رسم الكفار
انتهى فاعترض على ذلك بان المسلمين ما يصنعون
الطعام ويقرؤن معه ايات القران ويوصلون
ثوابهما الى ارواح الكبار كما هو رائج في العرب
والعجم على ما فصله صاحب الانوار الساطعة
فاثبات مشابهته بقراءة الكفار من كتابهم دعوى

كہ قول امكان كذب باريتعالى كمال الوہيت وشعبہ عموم قدرت
ہے اور يہہ اہلسنت كا مذہب ہے اور اس عقيدہ كا مخالف دائرہ
اہلسنت سے خارج ہے اور ايسے ہى اور ہفوات اور علىٰ
ہذا يہہ كہنا كہ سب بنى آدم آنحضرت صلى الله عليه وسلم سے
بشريت ميں برابر ہيں اور آپكا علم شيطان لعين كے علم
سے كم ہے اور دوسرى ايسى ہذيانات جو انكے شائع
كيے ہوئے اور دستخطى لكہے ہوئے موجود ہيں پہر يہہ كہنا كہ ہم
تو اس سے برى ہيں الخ پس يہہ صريح كذب تقيہ نہيں تو اور
كيا ہے۔ يہانپر پانچويں اعتراض كا جواب الجواب ختم ہوكر اعتراض
ثابت نكلا اب چہٹا اعتراض شروع ہوتا ہے اور وہ يہہ ہے كہ براہين
قاطعہ كے صفحہ ٥٠ و ٥٩) وغيرہا ميں لكہا ہے اسطرح
وہيئت سے ايصال كو منع كرتے ہيں كہ جسميں تشبہ بكفار لازم
آجاوے۔ اور فاتحہ بہى خلاف سنت ہے اور سوم بہى سوائے
فاتحہ وسوم كى نسبت لكہا ہے كہ رسم ہنود ہے۔ كيونكہ تيسرے
دن كا اجتماع اور كہانا برہمن كے سامنے ركہكر اشلوك گوئى
انكا ہى دستور ہے۔ علىٰ ہذا مولوى رشيد احمد صاحب نے جو رسم
ہنود كہا ہے تو تعين اجتماع برادرى اور سوم كو اور طعام
سامنے ركہكر ہاتہ اٹہانے كو كہ يہہ رسم ہنود ہے انتہى بلفظہ
اسپر يہہ اعتراض ہے كہ مسلمانوں ميں جو دستور ہے كہ كہانا پكاكر
كچہہ كلام الٰہى بہى پڑہ پڑہاكر اسكا ثواب ارواح بزرگان كو
پہونچاتے ہيں جيسكہ عرب وعجم ميں رائج ہے جسكى تفصيل انوار ساطعہ
ميں كسيقدر لكہى ہے۔ تو اسكو مشابہہ رسم ہنود
كے كہ كہانا برہمن كے سامنے ركہكر اشلوك گوئى [illegible]

بلا دليل شرعي كما شبه مجلس المولود الشريف بشعائر
الكفار بسند الحديث الاضعف والمسئلة المصنوعة
والحاصل ان جوابات براهين القاطعة لمسائل
الانوار الساطعة مبنية على التعصب والضد
والنفسانية كما بينت ذلك في رسالة مستقلة
وهذا انموذج من ذلك واظهرت هذه الاعتراضات
لمحض تاييد الدين الاسلام ولغرض رفع مطاعن
اللئام والله هو الهادي كتب بقلم الفقير غلام
دستگير القصوري كان الله له في اليوم الثاني
من شهر شوال (١٣٠٦) ست وثلثمائة بعد الالف
من هجرة سيد سادات السلف والخلف (صلى الله عليه وسلم ١٢) واجاب عنه
صاحب البراهين مع الحواريين بان ايصال ثواب
اطعام الطعام وقراءة القران للاموات وغيرهما
من العبادات لا يمنع لكن لما يشتمل معه القيود الغير
المشروعة من تخصيص الهيئة وتقييد المطلق
او يلزم التشبه بالكفار فيحكم على المجموعة حكم عدم
الجواز البتة كما هو الرسم في زماننا في الهند بطريق
ايصال الثواب ويوجد فيها هذه القباحات
لا يخفى انه ان لم يجمع احد في اليوم الثالث الناس
من اهل القرابة ولم يقرء الكلمة على حبوب الحمص
فيطعنونه وان تصدق كثيرا واوصل ثواب الكلام
بنفسه وهكذا ان مضى اليوم الثالث فهو قابل
للملامة وعلى هذا القياس حال الفاتحة المروجة

بلا دليل شرعى مسلمانوں كے نيك معمول كو مشابہ شعائر
كفار بناتا ہے جيساكہ مجلس مولود شريف كو مشابہ شعائر كفار كا ايك سخت ضعيف حديث اور بناوٹى
مسئلہ كى آڑ لكہديا تہا الغرض رسالہ براہين قاطعہ كے جوابات تك
ديكہو كيسے سخت تعصب اور ضديت اور نفسانيت پر مبنى ہيں
جيساكہ ايك رسالہ مستقلہ ميں بيان كيے گئے ہيں اسجگہہ بطور
مشتے نمونہ خروار اظہار كيا گيا محض تائيد دين اسلام
كى غرض سے تاكہ غير دين والوں كے مطاعن رفع ہوں
اور خدا رہنما ہے ہادى ہے بقلم فقير غلام دستگير قصورى
كان الله له ٢ شوال ١٣٠٦ سنہ من ہجرۃ سيد الانبيا عليہ
الصلوۃ والثنا۔ يہہ چہٹا اعتراض ہے جسكے جواب ميں صاحب
براہين مع حواريين جواب تفصيلى ميں لكہتے ہيں كہ مردوں كو
اطعام طعام اور قرارت قرآن وغيرہ عبادات كا ثواب
پہونچانا منع نہيں ہے۔ ليكن جب اسكے ساتہ قيود نامشروعہ
تخصيص ہيئت وتقييد مطلق يا تشبہ بكفار لازم آجاويگا
تو البتہ مجموعہ پر حكم عدم جواز كا كيا جاويگا چنانچہ اس
زمانہ ميں جو طريقہ ثواب رسانى كا عوام ہندوستان
ميں مروج ہے اسميں سب خرابياں موجود ہيں ہر شخص
جانتا ہے كہ سوم كے روز اگر كوئى برادرى كو اكٹہا كركے
نخود پر نہ پڑہوا وے تو اسكو مطعون كرينگے۔ اگرچہ وہ اس سے
زيادہ خيرات كرے اور بطور خود قرآن اور كلمہ پڑہكر ثواب
پہونچا دے۔ اور اسيطرح اگر روز سوم گذر جائے تو بہى اسكو
قابل ملامت سمجہتے ہيں اور يہى فاتحہ مروجہ كا حال ہے حالانكہ
شريعت ميں كوئى تخصيص اور تقييد ايصال ثواب كيليے مقرر

قال رب زدنی وقال المختصر ثم هذا بحض التشبہ
الیهود امر صلی الله علیه وسلم بتبدیله وبحدیث
الا السن والظفر اما الظفر فمدی الحبشة الحدیث
رواه البخاري وغيرهما وبحدیث لئن بقیت الی قابل
لاصومن التاسع رواه الستة وبحدیث منع ابن
عمر رضی الله عنهما من عود المسکین الذی یاکل
کثیرا وبحدیث عدم اشترائه صلی الله علیه وسلم
عبدا الکثرة اکله وقال القصوری بعد ایراد هذه
الاحادیث انه ثبت منها عدم استحسان رسول الله
صلی الله علیه وسلم التشبه بالکفار والاتصاف
بصفاتهم ثم قال من تشبه بالکفار والفساق فی
شعارهم کان شریکا فی الاثم ومن تشبه بالمومنین
والمحسنین یکون شریکا فی الحسنات کذا فی المرقات
ثم قال فی صفحة (۱۷) ان حدیث التشبه صحیح لفظا
ومعنی ولهذا کتب فی الکتب الدینیة ان المشابهة
بالکفار والفجار مکروه والرضاء بالکفر یخرج من
دائرة الاسلام ونقل من رد المحتار کراهة التشبه
فی اللباس والنعال بالمجوس والفساق ونقل
من شرح الفقه الاکبر لبس تاج الرفضة مکروه کراهة
تحریم الخ ثم صرح بعد نقل المسائل الفقهیة فی صفحة
(۲۷ و ۲۸) انه ثبت من القرآن والحدیث واقوال
العلماء ان التشبه بالکفار فی شعارهم واستحسان
ذلک الشعار لنفسه اظهار لنیة الکفر والتخالف النبوی

عرض کی خداوند امجھی عزت زیادہ کر اختصار سے لکھا ہی
پہر باوجود ان سب خوبیوں کے صرف تشبیہ یہود کی حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے بدلنے کا حکم فرمایا دوسری
روایت صحیحین وغیرہما کی مگر دانت اور ناخن لیکن دانت پس
وہ کارد حبشہ کی ہے اخیر حدیث تک تیسری روایت صحاح
ستہ کی کہ آئندہ سال نویں تاریخ کا روزہ یعنی عاشورا
کے ساتھ رکھونگا چوتھی روایت بخاری کی حضرت ابن
عمر رضی اللہ عنہما کا منع کرنا کہ مسکین بہت کھانیوالا ہی میرے پاس نہ لانا
پانچویں روایت غلام بہت کھانیوالا آپنے خرید کر لوٹا دیا
بعد اسکے مولانا قصوری صاحب نے لکھا کہ ان احادیث سے
متحقق ہوگیا کہ آپکو اہل کتاب اور دوسرے کفار سے بہت مشابہت
اور انکی صفتوں سے متصف ہونا ناپسند تھا پہر آگے
لکھتے ہیں جو شخص کافروں اور فاسقوں کی شعار میں
انسے مشابہ ہیگا گناہ میں انکا شریک ہوگا اور جو نیکوں
اور ایمانداروں کی مشابہت پیدا کریگا ثواب میں انکا
ساتھی ہوگا کذا فی المرقات پہر صفحہ ۱۷ پر لکھا کہ حدیث
تشبہ کی صحت لفظی و معنوی ثابت ہوگئی اسی واسطے دینی کتابوں میں
کفار اور فجار کی ظاہری مشابہت مکروہ لکھی ہی اور رضا
بالکفر دائرہ اسلام سے خارج کر دیتی ہی۔ اور رد المحتار سے مجوسیوں
اور گناہگاروں کی وضع پر موزہ اور کپڑا بنانیکی کراہت
نقل کی اور نیز فقہ اکبر سے رافضیوں کی ٹوپی پہننی کو مکروہ تحریمہ لکھا
ہے پہر بعد نقل مسائل فقہیہ کے صفحہ ۲۷ و ۲۸ پر لکھا ہے کہ قرآن
وحدیث واقوال علما سے ثابت ہی کہ کافروں کی شعار میں تشبیہ کرنی

اور [illegible] مولانا صاحب کا [illegible]

یقول علی خلاف شرع الاسلام بان التشبه بالکفار
فی شعارهم بالغا ما بلغ لا یضر مع قراءة کلمة
التوحید الخ فلما اثبتنا من ذلک الحدیث الصحیح
المسلم اثبات امر واستدل للنابه فلم یحکم القصوری
علیه بانه لا دلیل علیه فهذا مقام التعجب والحیرة
بان انکار احد من الحدیث یخرجه من دائرة الاسلام
والقصوری ینکره وهو مومن کامل سبحان الله
لما استدل القصوری من الحدیث فیکون قطعیا
ویقینا ومنکره یکفره ویضلل وان استدل المخالف
بذلک الحدیث وینکره القصوری فلا یعتمد علی ذلک
الحدیث ولا یسلم ذلک الاستدلال فما هذا الا
لخفاء الحق ولا یعلم القصوری بان المشبه برسوم
الکفار ای شیء والحق ان مطلق ایصال الثواب
او مطلق ذکر المیلاد من الامور المستحبة ولا یشابهها
احد برسوم الکفار والقبائح والبدعات التی
خلطت بالامور المستحبة وعرض منها التشبه
بالکفار فهی البناء لتشبه الکفار ولیست من
رسوم الخیر فعدم التفرقة بعد بعید من الانصاف
یقول الفقیر القصوری کان الله له لما لم یفصل
مراد تخصیص الهیئة وتقیید المطلق فی الجواب التفصیلی
فلا حاجة الی جوابه وایضا قوله بان التخصیص
بالهیئة او الوقت او المکان او الرجال التقیید مطلق
وبدعة وضلالة دعوی بلا دلیل مع انه لا قباحة

شریعت اسلام کے برخلاف کہتے ہیں کہ کفار کی شعار میں
تشبیہ خواہ کسی حد تک ہو کلمہ توحید کی ساتھ غیر مضر ہے
الخ پس اگر ہمنے اس حدیث صحیح مسلمہ سے کسی مدعا کی اثبات
پر استدلال کیا تو وہ کیوں بے دلیل ہوا نہایت تعجب
وحیرت کا مقام ہے کہ اگر کوئی دوسرا انکار کرے تو وہ
دین اسلام سے خارج ہو اور خود قصوری صاحب اسکا
انکار فرماتے ہیں تو وہ مومن کامل بنے رہیں سبحان اللہ
ایک ہی حدیث اگر اس سے مولانا قصوری استدلال
فرمائیں تو وہ قطعی اور یقینی ہوجائے اور اسکے منکر کی تکفیر
وتضلیل تک نوبت پہونچے۔ اگر مخالف مولانا کے اسی حدیث
سے استدلال کریں اور مولانا منکر ہوں تو پہر وہ حدیث
نہ قابل اعتماد ہوا ورنہ وہ استدلال لائق تسلیم پس یہ
اگر حق پوشی نہیں تو کیا ہے۔ افسوس ہے یہی مولانا صاحب
نہیں سمجھتے کہ رسوم کفار کی مشابہ کسکو کہا ہے اور کسکو نہیں کہا حقیقت
یہ ہی کہ مطلق ایصال ثواب یا مطلق ذکر میلاد جو امور مستحب
ہیں اسکو کسی نے مشابہ برسوم کفار نہیں بنایا اور جو قبائح اور
بدعات امور مستحبہ کی ساتھ مخلوط ہوگئی جنسے تشبہ بکفار عارض
ہوگیا وہی امور مبنی تشبہ بکفار ہیں وہ نیک رسوم میں نہیں
پس بلا تامل و تفرقہ یہ کہنا کہ نیک رسوم مسلمانوں کو مشابہ بکفار
بنایا ہے نا انصافی ہی انتہی بلفظہ فقیر قصوری کان اللہ لہ کہتا ہے
کہ جواب تفصیلی والوں نے تخصیص ہیئت و تقیید مطلق کی کچھ تفصیل
نہیں کی کہ اس سے کیا مراد ہے تو اب اس کا کیا جواب دیا جاوے
اور یہ جو کہا ہے کہ ہیئت یا وقت یا مکان یا رجال کے ساتھ خاص کرنا

[illegible] مطلق [illegible]

غیر لان الفعل اذا وقع یکون بحیثیۃ وفی وقت
ومکان ولا وجود للفعل بغیر الفاعل واحدًا
او اکثر نعم ادخال ما لیس من الشرع فیہ باطل و
لا یجوز سوء الظن بالمسلمین والنصح من الدین و
ما قال ان لم یجمع الناس فی الیوم الثالث بعد
الموت الخ یطعنہ الناس مخالف لما نشاھدہ
فی بلاد الفنجاب ان اھل الاسلام بعد موت احد
منھم یمدونہ بایصال الثواب فی اقرب الایام وما
تخصیص للیوم الثالث بل فی الیوم الرابع والخامس
ان کان جمعۃ یقرؤن علی روحہ الفاتحۃ ویعدون
علی نوات التمر وما الزمنی ببیان الاحادیث والاقوال
من رسالۃ الجواھر المضیۃ فی رد النیچریہ مع ان البعض
المضامین اوردہ مؤلف البراھین من عند نفسہ
وافتری بحوالتہا الی الرسالۃ المسطورۃ کما نقل
بعد حدیث ان الیہود والنصاری لا یصبغون فخالفوھم
حدیث ابی داود ومالک وکتب فی الثانی ھکذا
(ابراھیم خلیل الرحمن ؑ) ثم قطع النظر عن جمیع ھذا
فھو محض تعصب وضدیۃ لم یتوجہ الی الحق الصریح
اصلًا لان الخان النیچری لما انکر حدیث من تشبہ
بقوم فھو منھم وقال بانہ مردود وغیر ثابت لفظًا
ومعنیً ولا قباحۃ فی التشبہ بالکفار فی شعارھم
قطعًا کما صرح فی اخبارہ ثم اعلن فی تفسیرہ بعد
فرضیۃ الحج والصوم واستقبال القبلۃ فی الصلوۃ

اسلیئے کہ جب کوئی کام وقوع میں آویگا تو وہ کسی نہ کسی
شکل اور کسی وقت و مکان میں ہوگا اور فاعل کے سوا
فعل کا وجود ہی نہیں ہوتا ایک ہو یا بہت البتہ جو چیز احکام
شرع سے نہو اسکو فرض واجب وغیرہ جان لینا باطل ہے اور
مسلمانوں پر بدگمانی ناروا ہے اور خیرخواہی و نصیحت دین
سے ہے اور یہہ جو کہا ہے کہ سوم کے روز اگر کوئی برادری کو
اکٹھا کرکے ختم نہ پڑھواوے تو اسکو مطعون کرینگے یہہ
مخالف ہے اسکے جو ہم پنجاب کے شہروں میں دیکھ رہے ہیں
کہ مسلمان کسیکو اپنوں میں سے فوت ہونیکے بعد ایصال ثواب
سے جلد جلد اسکی مدد کرتے ہیں اور کوئی تیسرے دن کی تخصیص
نہیں ہوتی قریب یا بعید جمعہ ہو تو اسمیں فاتحہ خوانی اور
نفع رسانی کرتے ہیں اور شمار کیواسطے کھجور کی گٹھلیں
ہوتی ہیں اور یہہ جو فقیر پر الزام دیا ہے احادیث اور اقوال
رسالہ جواہر مضیہ رد نیچریہ کے بیان سے حالانکہ بعضے مضامین
مؤلف براہین نے اپنی طرف سے لکھکر اس رسالہ کیطرف جھوٹا
حوالہ کیا ہے کہ بہتان انکی جبلی عادت ہے جیسے کہ حدیث
ان الیہود والنصاری لا یصبغون فخالفوھم کے پیچھے حدیث ایک
حدیث ابی داود کی دوسری امام مالک کی درج کردی ہے
اور اس دوسری حدیث میں اپنی قلم سے یوں لکھا ہے
(ابراہیم خلیل الرحمن ؑ) پس قطع نظر ایسے کذب اور افترا
سے محض تعصب و ضدیت کو قبلہ بنالیا ہے اور صریح حق کو
پس پشت ڈال دیا ہے اسلیئے کہ جب خان بہادر نیچری نے حدیث من تشبہ
بقوم فھو منھم کا انکار کیا اور کہا یہہ مردود ہے اور لفظًا معنًا ثابت نہیں

[illegible]

وبعدم حرمۃ الربوا وغیر ذلک من انکار وجود
الملائکۃ والجن والجنۃ والنار ومعجزات الانبیاء
واطال لسانہ فی ابطال جمیع ما ذکر وردت
اقوالہ بالادلۃ القطعیۃ السمعیۃ النقلیۃ و
العقلیۃ واظہرت فی تلک الرسالۃ ان قصد
التشبہ بالکفار والفجار سیما فی شعارھم منہی
عنہ بالیقین ومن انکر ذلک اباح قصد التشبہ
واستحسانہ واطلق العوام وابطل تقیدات
الاسلام واظہر انکار الفرائض القطعیۃ فھو
خارج عن دائرۃ الدین المتین واتفق بی فی تصدیق
ھذا الحکم جماھیر العلماء الربانیین کما تری
فی اخر الرسالۃ تصحیح العلماء زائدًا من الاربعین
وقد کتب صاحب البراھین فیہا ایضًا فی تضلیلہ
ویضل اللہ من یشاء ویھدی من یشاء صفحۃ
۶۸ سطر ۷ او قد کفرہ کثیر من علماء الھند کما
فی رسالۃ امداد الافاق ولما کان کذلک فھذا
لا یستلزم ان نسلم بان مجلس المولود وقراءۃ
الفاتحۃ علی الطعام لایصال الثواب الی ارواح
المشائخ وغیرھم متشبہ بشعار الکفار حاشا و
کلا لان قصد التشبہ الذی مدار النہی علیہ
کما تحقق من الکتب الفقہیۃ المعتمدۃ علی الصلٰ
وسیاتی ایضًا لا یوجد ھہنا اصلًا فلا یضر ھذا
التشبہ الظاھری مع التفرقۃ بین ایام المؤمنین

اور بیاج کی حرمت کا انکار کرکے فرشتوں اور جن اور
دوزخ و بہشت اور انبیا کے معجزات سبکا انکار صاف
کردیا ہے اور اسمیں سخت زبان درازی کی ہے اس فقیر
نے اس رسالہ میں یہہ اسکی باتیں نقل کرکے قرآن اور حدیث
اور عقلی دلیلوں سے اسکی تردید کی ہے اور یہہ ظاہر
کیا ہے کہ کافروں اور گناہگاروں کی شعار میں قصد
تشبہ کا یقینًا منع ہے جو اسکا منکر ہو اور تشبہ کے
قصد کو روا جانے اور پسند کرے اور عوام اہل اسلام کو
مطلق العنان کردے اور اسلام کی تقیدات کو باطل ٹہراوے
اور قطعی فرضوں کا منکر ہوجاوے تو وہ دائرہ دین اسلام سے خارج
ہے تو اسکی تصدیق میں اکثر علما ربانیین فقیر سے
متفق ہوئے جیسا کہ اخیر اس رسالہ کی چالیس سے زائد علما
کی تصحیح موجود ہے اور صاحب براہین نے بھی اسکی تقریظ
میں لکھا ہے کہ خدا جسکو چاہے گمراہ کرتا ہے اور جسکو چاہے
ہدایت فرماتا ہے صفحہ ۶۸ کی سطر ۷ میں دیکھو اور اس سے
پہلے بہت سے علما ہندوستان نے بھی رسالہ امداد الآفاق
میں رئیس نیچریہ کی تکفیر کی ہے جب معاملہ یوں ہے تو اس سے یہ
لازم آتا ہے کہ حدیث تشبہ کو صحیح ماننے سے ہم تسلیم کرلیں
کہ مجلس مولود اور طعام پر فاتحہ کہنا ایصال ثواب کیلیئے مشایخ کا
کفار سے مشابہہ ہے ہرگز نہیں ہرگز نہیں اسلیئے کہ قصد تشبہ جس پر
نہی کا مدار ہے جیسا کہ معتبر کتب فقہ سے اوپر متحقق ہوچکا
ہے اور قریب ہی آویگا اس جگہہ موجود نہیں پس یہہ تشبہ
ظاہری کچھہ مضر نہیں ہے باوصفیکہ مومنوں اور کافروں کی

[illegible]

والکافرین ولاشك فی ان وقوع التفرقة بای
وجه یرفع التشبه کما قال علیه السلام لئن
بقیت الی قابل لاصومن التاسع فتطویل الجواب
التفصیلی واطالة اللسان علی هذا الفقیر لا
یفید للمکذبین فائدة ما عند المنصفین قال
فی الجواب التفصیلی انا نوسع مبحث التشبه
توسیعاً ما لاطمینان طالب الحق روی فی
المشکوة عن البخاری ومسلم حدیثا ولا تحینوا
بصلوتکم طلوع الشمس ولا غروبها فانها تطلع
بین قرنی الشیطان قال القاری فی شرح قرنی
الشیطان ای جانبی راسه لانه ینتصب قائما
فی وجهه عند طلوعها لیکون شروقها بین قرنیه
فیکون قبلة لمن یسجد للشمس فنهی عن الصلوة فی
ذلك الوقت لئلا یتشبه بهم فی العبادة والروایة
الثانیة فی المشکوة عن ابن عمر قال قال رسول الله
صلی الله علیه وسلم خالفوا المشرکین اوفروا اللحی واحفوا
الشوارب متفق علیه والروایة الثالثة فی المشکوة
عن الحجاج بن حسان قال دخلنا علی انس بن مالك
فحدثنی اختی المغیرة قالت وانت یومئذ غلام و
لك قرنان او قصتان فمسح راسك وبرك علیك
وقال احلقوا هذین او قصوهما فان هذا زی
الیهود رواه ابوداود والحدیث الرابع حاصله
ان الکفار کانوا یعلقون الاسلحة علی شجرة السدرة

دونوں میں تغایر ہوتا ہے اور اسمیں شک نہیں کہ کسیقدر تغایر
اور فرق سے تشبہ رفع ہو جاتی ہے جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا اگر ہم آئندہ سال تک زندہ رہے تو اگلی نویں
تاریخ کا بھی رکھہ لینگے یعنی اتنے ہی فرق سے تشبہ
رفع ہو گئی جسکا ذکر بسط اً مناسب سے اوپر ہو چکا ہے تو
اب جواب تفصیلی والونکی تطویل لاطائل اور فقیر پر سخت
زبان درازی مکذبین کو کچھ بھی فائدہ مند نہیں ہے - جواب
تفصیلی میں ہم اب دل چاہتا ہے کہ بحث تشبیہ کو کسیقدر
اور بھی وسعت دوں تاکہ طالب حق کی طمانیت کا باعث
ہو مشکوۃ میں صحیحین سے روایت ہے جسکا ایک ٹکڑہ یہہ
ہے ولا تحینوا بصلوتکم طلوع الشمس ولا غروبها فانها تطلع
بین قرنی الشیطان اسپر علی قاری لکھتے ہیں کہ دو قرن
شیطان سے دو جانب اسکے سر کی مراد ہے کیونکہ وہ سورج
کے طلوع کے وقت اسکے روبرو کھڑا ہوتا ہے پس سورج کا
نکلنا اسکے دو قرنوں میں ہوتا ہے پس وہ آفتاب پرستوں کا
قبلہ بنجاتا ہے پس اسوقت میں نماز پڑہنے سے منع کیگئی تاکہ سورج
پرستوں کی مشابہت نہو جاوے عبادت میں دوسری روایت
مشکوۃ میں ہے ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مشرکوں کی مخالفت کرو تم اپنی
ریش بڑہاؤ و موچھونکو کترا ؤ یہہ صحیحین میں ہے تیسری روایت
مشکوۃ میں ہے حجاج بن حسان کہتا ہے کہ ہم انس بن
مالک رضی اللہ عنہ پر داخل ہوئے پس میری ہمشیرہ مغیرہ نے مجہسے کہا کہ تو ہو وقت
لڑکا تہا اور تیری سر پر دو شاخ یا دو چوٹیاں تہیں تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے

ویقعدون حولها ویسمونها ذات انواط فقال
المسلمون لرسول الله ان یعین لهم شجرة یعلقون
علیها الاسلحة ویقعدون حولها فقال هذا
کما سئل موسیٰ قومه اجعل لنا الهاً کما لهم الهة
والخامس روی مسلم ان کدتم انفا تفعلون فعل
فارس یقومون علی ملوکهم وهم قعود فتشبه ههنا
الصلوة التی هی عمدة العبادات بفعل کفار فارس
وقال فی الهدایة اذا قرء الامام من مصحف فسدت
صلوته عند ابی حنیفة وقالا هی تامة الا انه یکره
لانه یشبه اهل الکتاب وفی النهایة فانهم یصلون
هکذا فیکره للتشبه لانا نهینا عن التشبه بهم
فیما لنا بد منه انتهی وایضا فی الهدایة ویکره ان
یقوم الامام فی الطاق لانه صنع اهل الکتاب
انتهی وهکذا الجزئیات الکثیرة من المسائل الفقهیة
تترتب علی هذه القاعدة المسلمة والقصوری ایضا
صرح فی الجواهر المضیة فی رد النیچریة بالتکفیر بشد
الزنار ولبس قلنسوة المجوس وغیرهما بروایات
فقهیة الخ فیعلم من اختلاف الروایات بعد التامل
ان التشبه بالکفار فی بعض المواضع کفر وفی بعضها
مکروه والکراهة ادنی مرتبة المشابهة الممنوعة
فلا ینکرها احد من علماء الامة والقصوری ایضا
قائل بها فلیت شعری ما یمنع له من القول بکراهة
الفاتحة المروجة وغیرها مع ان احناء المذهبی المولوی

اور اسکے گرد بیٹھتے تہے اور اسکو ذات انواط کہتے تہے تو مسلمانوں
نے حضرت کی خدمت میں عرض کیا کہ ہمارے لیئے بھی ایک ایسا ہی
درخت مقرر کر دیجئے تاکہ اسپر ہتہیار لٹکائیں اور اسکے گرد
بیٹہیں تو آپ نے فرمایا یہہ تو ایسی بات ہے جیسے حضرت موسے علیہ السلام
کی قوم نے عرض کیا تہا اجعل لنا الٰها کما لهم آلهة پانچویں مسلم
میں ہے کہ تم اسوقت فارسیوں کا کام کرتے ہو وہ اپنے بادشاہوں کے
کہڑے رہتے ہیں اور بادشاہ بیٹھے رہتے ہیں یہاں نماز کو جو عمدہ
عبادتوں میں سے ہے کفار فارس و روم کے فعل کے ساتھ مشابہ
کر دیا ہدایہ میں ہے جب امام قرآن سے یعنی دیکھکر پڑہے تو امام
اعظم کے نزدیک اسکی نماز ٹوٹ گئی اور صاحبین کہتے ہیں
کہ نماز تو پوری ہو گئی مگر یہہ فعل مکروہ ہے کہ مشابہ اہلکتاب
کے ہے نہایہ میں ہے کہ وہ ایسا ہی نماز پڑہتے ہیں پس مکروہ ہے
تشبہ کیلیئے کیونکہ ہم انکی مشابہت سے حتے الامکان منع کیئے گئے
ہیں اور نیز دوسری جگہہ ہدایہ میں ہے اور مکروہ ہے کہ امام محراب
میں کہڑا ہو کہ یہہ اہل کتاب کا طریقہ ہے اسیطرح صدہا جزئیات مسائل
فقہیہ اس قاعدہ مسلمہ پر مترتب ہیں خود مولانا قصوری صاحب نے اپنے
رسالہ جواہر مضیہ کے صفحہ ٢٦ و ٢٧ پر مجوس کی ٹوپی پہننے اور
زنار باندہنے اور زرد کپڑا الخ پہننے پر دوخت کرانے اور طوق کاندہے
پہر رکہنے کو بروایات فقہیہ کفر ثابت کیا ہے الخ اب بعد تامل
اختلاف روایات سے بخوبی سمجھہ میں آیا ہے کہ کفار کی مشابہت بعض جگہہ
کفر گنتے ہیں اور بعض جگہہ مکروہ الغرض ادنی مرتبہ مشابہت ممنوعہ
میں کراہت ہے جس سے علماء امت کسیکو انکار نہیں اور خود مولانا
قصوری صاحب بھی اسکے قائل ہیں پہر معلوم نہیں کہ فاتحہ مروجہ وغیرہ میں کیا امر مانع ہے

عبد السميع يسلم التشبہ وھو ایضا یسلم ذلک غالبًا
وانما الانکار بوجہ عدم واقفیۃ رسم کفار الھند
فاتضحت ممانعۃ الفاتحۃ المروجۃ بدلیل شرعی تتفق
علیہ الامۃ لکن عادۃ القصوری انہ ینکر القول المخالف
لھواء نفسہ وان کان مدللا بدلیل شرعی یقول النقیر
القصوری کان اللہ لہ لا یخفی علی اولی العلم من اھل
السنۃ ان ھذہ الروایات لا تفید لمدعاء المکذبین
اصلاً لانہ لیس فیھا نص علی ممانعۃ مجلس المولود
والفاتحۃ المروجۃ ولا دلالۃ علی ان المشابھۃ الظاھریۃ
بالکفار ممنوعۃ وقد سبق ان قصد المشابھۃ
ھھنا منفی وقد سبق من سند شیخ مشائخھم
الحاج امداد اللہ علی حاشیۃ الصفحۃ ٢٥٥ تقریر
جواز مجلس المولود فھھنا ننقل تحریر جواز الفاتحۃ
المروجۃ من رسالۃ الشیخ المشار الیہ علی ھامش ھذہ
الاوراق عسی ان یھدی اللہ للمکذبین لیتوبوا
من نسبۃ ابتداع مشائخھم والعیاذ باللہ منذلک
ثم الروایۃ الاولی لما کانت نصا فی الممانعۃ من الصلوۃ
عند طلوع الشمس وغروبھا حکم الفقھاء بکراھتھا
فی ھذا الوقت کما فی الدر وغیرہ فالحکم بکراھۃ
المولود والفاتحۃ بالقیاس علی ھذہ الروایۃ لیس
وظیفۃ المقلدین وقال السید ابن عابدین فی رد المحتار
علی الدر المختار ناقلا عن السید احمد الحموی من
رسالۃ القول البلیغ فی حکم التبلیغ علی ان القیاس

مولوی عبد السمیع تشبہ کو تسلیم کرتا ہے اور غالبًا آپ بھی تسلیم
کرتے ہونگے ورنہ عدم تسلیم بوجہ ناواقفیت رسم ہنود کے ہوگی
پس واضح ہوگیا کہ یہی فاتحہ مروجہ کی ممانعت ایسی دلیل شرعی
سے کی تھی جس پر امت متفق ہی لیکن آپ کی عادت ہی کہ اپنی
ہوا نفسانی کے برخلاف کو خواہ وہ مدلل بدلیل شرعی ہو
آپ اسکو ضعیف اور بناوٹی بنایا ہی کرتے ہیں انتہی بلفظہ فقیر
قصوری کان اللہ لہ کہتا ہے کہ دانشمند و نیز مخفی نہیں ہے
کہ یہ تمام روایات مکذبین کے مدعا کی مفید نہیں ہیں۔ کہ یہ
کوئی بھی مجلس مولود اور فاتحہ مروجہ کے منع پر نص نہیں ہیں اور ۔
انمیں اسپر دلالت ہی کہ مشابہت ظاہری بھی کفار سے منع ہے
اور اوپر بارہا گذر چکا ہی کہ اجگہہ مشابہت ہرگز مقصود نہیں ہی
اور اوپر ان مکذبین کے پیران پیر حضرت حاجی امداد اللہ صاحب
کے رسالہ سے جواز مجلس مولود کی تقریر حاشیہ صفحہ ۲۵۵ پر درج ہو چکی ہے
اب اجگہہ فاتحہ مروجہ کے جواز کی تحریر بھی انہیں حضرت کے رسالہ کے
حاشیہ پر درج ہوتی ہی خدا کرے ان مکذبین کو کچہہ شرم دامنگیر
ہو کہ اپنی پیرونکو بدعتی وغیرہ بنانیسے توبہ کریں۔ پہر پہلی
روایت اگرچہ نص تھی ممانعت نماز پر طلوع اور غروب
سورج میں تو فقہا نے ایسے وقت میں نماز کے پڑھنے کو مکروہ لکھا
ہی جیساکہ درمختار وغیرہ میں ہی تو اس روایت پر قیاس کرکے
مجلس مولود یا فاتحہ مروجہ کو مکروہ بنا دینا مقلدونکو اختیار
سے باہر ہی سید ابن عابدین رد المحتار حاشیہ درمختار میں
سید احمد حموی کے رسالہ قول بلیغ فی حکم
التبلیغ سے نقل کرکے لکھتے ہیں —

بعد الاربعمائۃ منقطع فلیس لاحد بعدھا ان یقیس
مسئلۃ علی مسئلۃ کما ذکرہ ابن نجیم فی رسائلہ
اھ انتھی وھکذا الحال فی الروایۃ الثانیۃ والثالثۃ
لانھما نصان فی ایفاء اللحی واحفاء الشوارب
لمخالفۃ المشرکین وحلق القزعین لمخالفۃ الیھود
فالحکم بکراھۃ المولود والفاتحۃ بالقیاس علی ھاتین
الروایتین لیس بشیء والحدیث الرابع الذی ترجمہ
فی الکلام الھندی وما اعلمہ بعلامۃ کتاب قد خان
فی لفظہ ومعناہ کثیرا لان ذلک السوال کان
من حدیثی عھد بالجاھلیۃ وکانت تلک الشجرۃ من
معابد المشرکین کما قال العلامۃ محمد بن عبد الباقی
الزرقانی فی شرح المواھب اللدنیۃ روی ابن اسحاق
والترمذی وصححہ والنسائی عن الحارث بن مالک
خرجنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی حنین
ونحن حدیثو عھد بالجاھلیۃ فسرنا معہ وکانت للکفار
قریش ومن سواھم من العرب شجرۃ عظیمۃ یقال لھا
ذات انواط یاتونھا کل سنۃ فیعلقون اسلحتھم
علیھا ویذبحون عندھا ویعکفون علیھا یوما
فراینا ونحن نسیر سدرۃ خضراء عظیمۃ فتنادینا
من جنبات الطریق یا رسول اللہ اجعل لنا ذات
انواط کما لھم ذات انواط فقال صلی اللہ علیہ وسلم
اللہ اکبر قلتما قلتم والذی نفسی بیدہ کما قال قوم
موسی لموسی اجعل لنا الھا کما لھم الھۃ قال انکم

کہ چوتھی صدی سے پیچھے قیاس منقطع ہو چکا ہے اب تو
بعد کسیکو اختیار نہیں کہ ایک مسئلہ کو دوسری مسئلہ پر قیاس
کرلے جیسا کہ ابن نجیم نے اپنے رسالوں میں لکھا ہی اھ انتہی ترجمہ
اور یہی حال ہی دوسری تیسری روایت کا کہ انمیں ریش کا
بڑہانا اور موچہوں کا کترانا مشرکین کی مخالفت کیواسطے اور
چوٹی کا منڈانا یہودیونکی مخالفت کیلئے نص ہی۔ پس فاتحہ
مروجہ اور مجلس مولود کی کراہت پر حکم لگانا انپر قیاس کرکے
ہیچ و پوچ ہی اور چوتھی حدیث جسکا جواب تفصیلی مع صرف
ترجمہ ہی لکھا ہی اور کسی حدیث کی کتاب کیطرف اسکو منسوب
بھی نہیں کیا ہے اسکے لفظوں اور معنوں میں بہت خیانت
کی ہی اسلیئے کہ وہ سوال نو مسلمونکی طرف سے تھا اور وہ درخت
بیری کا مشرکین کا معبد تھا جیساکہ علامہ محمد بن عبد الباقی
زرقانی شرح مواہب لدنیہ میں لکھتے ہیں کہ ابن اسحق
اور ترمذی ونسائی نے روایت کی مع تصحیح ترمذی کے کہ
حارث بن مالک سے روایت ہی کہ ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ
وسلم کے ساتھ حنین کیطرف نکلے اور ہم قریب ہی مسلمان ہوئے
پس ہم آپ کے ساتھ سیر کرتے گئے اور کفار قریش وغیرہ کے
لیئے ایک بڑا درخت تھا جسکو ذات انواط کہتے تھے کفار
ہر سال اسکے پاس آتے اور اپنے ہتھیار اس سے لٹکاتے اور
اسکے پاس قربانی کرتے اور ایکدن وہاں معتکف رہتے تھے پس
ہمنے بھی چلتے چلتے ایک اونچا سبز بیری کا درخت دیکھا اور
راستہ کے کناروں سے آپکو پکارا کہ اسکو ہمارے لیئے ذات انواط
بنا دیجیے جیسے کہ انکے لیئے ذات انواط ہی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

قوم تجهلون لتركبن سنن من كان قبلكم انتهى
من المجلد الثالث صفحه (٩) وفى مجمع بحار الانوار
وفيه اجعل لنا ذات انواط هى اسم شجر كانت للمشركين
ينوطون بها سلاحهم اى يعلقونه بها ويعكفون
حولها فسئلوه ان يجعل لهم مثلها فنهاهم عنه و هو
جمع نوط سمى به المنوط انتهى فحكم المكذبين بكراهة
المولود والفاتحة المروجين بين المسلمين الكاملين
من الاولياء الربانيين بالقياس على تلك المعاملة
لا يصدر من المؤمنين سوى الوهابيين والله
خير المتفهمين والحديث الخامس الذي كتب منه
فقرة وحكم بان الصلوة التى هى عمدة العبادات
شبهت فيه بفعل كفار فارس والروم فهذا الحكم
ايضا مخدوش بوجوه الاول اخرج مسلم عن جابر
رضي الله عنه قال اشتكى رسول الله صلى الله عليه
وسلم فصلينا وراءه وهو قاعد وابو بكر يسمع الناس
تكبيره قال فالتفت الينا فرانا قياما فاشار الينا
فقعدنا فصلينا بصلوته قعودا فلما سلم قال ان
كدتم انفا تفعلون فعل فارس والروم يقومون على
ملوكهم وهم قعود فلا تفعلوا ائتموا بائمتكم ان صلى
قائما فصلوا قياما وان صلى قاعدا فصلوا قعودا
انتهى قال الامام النووى فى شرحه فيه النهي عن
قيام الغلمان والاتباع على راس متبوعهم الجالس
بغير حاجة واما القيام للداخل اذا كان من اهل الفضل

تو جواب دیا کہ تم جاہل لوگ ہو جیسے ہو رستہ ان لوگوں کا
یعنے حضرت رسول علیہ السلام نے ۱۲
جو تم سے پہلے ہیں یہ ترجمہ ہے شرح مواہب کی تیسری جلد
کے صفحہ (٩) سے اور مجمع بحار الانوار میں ہے ذات انواط
نام ہے درخت کا جسے مشرک اپنے ہتھیار لٹکاتے اور اسکی
گردی اعتکاف کرتے تھے پس آپ سے سوال کیا کہ مسلمانوں کی
لیئے بھی مثل اسکی مقرر کردیں تو آپنے اس سے منع فرمایا اور وہ
جمع ہے نوط کی نام رکھا گیا ہے اس سے منوط کا انتہی مترجما
پس مکذبین کا اس کفار کے معبد کی مثل پر قیاس کر کے مجلس
مولود و فاتحہ مروجہ کی کراہت ثابت کرنی جو کامل مسلمان
اولیاء ربانی علماء سب میں رائج ہیں سوا وہابیوں کے کسی
ایماندار کا کام نہیں ہے اور خدائے پاک ہی اچھا منتقم
ہے اور پانچویں حدیث جس سے ایک فقرہ نقل کر کے حکم لگادیا کہ نماز
کو جو عمدہ عبادتوں سے ہے کفار فارس و روم کے فعل
کے ساتھ مشابہ کر دیا ہے بلفظہ تو یہ حکم بھی کئی وجہ سے مخدوش
ہے اول یہ کہ صحیح مسلم میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ کہا انہ نے بیمار ہوئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پس ہم نے
آپکے پیچھے نماز پڑھی اور آپ بیٹھے تھے اور ابو بکر صدیق
رضی اللہ عنہ
آپکی تکبیر لوگوں کو سناتے تھے کہا پس آپنے ہماری طرف
التفات کی تو ہمکو کھڑے دیکھا پس ہماری طرف اشارہ کیا
تو ہم بیٹھ گئے پس ہمنے آپکے ساتھ بیٹھکر نماز پڑھی جب آپنے
سلام پھیرا فرمایا تم اب نزدیک ہو گئے تھے کہ فارسیوں
اور رومیوں کا کام کرے وہ اپنے بادشاہوں پر کھڑے رہتے ہیں
اور وہ بیٹھے رہتے ہیں تم ایسا مت کرو اپنے اماموں کی پیروی کیا

الخ فليس من هذا بل هو جائز قد جاءت به احاديث
اطبق عليه السلف والخلف الخ انتهى فعلم ان
الصلوة التى هى عمدة العبادات ما شبهت بفعل
الكفار اصلا لان العاقل لا يسمى القيام صلوة
وانما شبه القيام على الجالس بفعل الكفار والثانى
ان هذا الحديث منسوخ قال فى ترجمة باب صحيح
مسلم باب استخلاف الامام اذا عرض له عذر
الى قوله) ونسخ القعود خلف القاعد فى حق من
قدر على القيام انتهى وقال الامام النووي باب
استخلاف الامام اذا عرض له عذر من مرض
وسفر وغيرهما من يصلى بالناس وان من صلى خلف
امام جالس لعجزه عن القيام لزمه القيام اذا قدر و
نسخ القعود خلف القاعد فى حق من قدر على القيام
انتهى فعلم يقينا ان تشبيه القيام خلف الامام
القاعد بفعل الكفار قد نسخ فالاستدلال بالامر المنسوخ
لا يستحسن الا من الوهابيين لاثبات حكم الحرمة
والكراهة على افعال المؤمنين والثالث القياس
لا يليق بهؤلاء المكذبين الذين لا يفهمون الكلام
ولا يفرقون بين القعود والقيام وما نقل من الهداية
اذا قرء الامام من مصحف فسدت صلوته عند
ابيحنيفة فقال فى رد المحتار ذكر والا بيحنيفة رضي الله
عنه فى علة الفساد وجهين احدهما ان حمل المصحف
والنظر فيه وتقليب الاوراق عمل كثير والثانى انه

وہ اس نہی میں داخل نہیں بلکہ روا ہے بہت حدیثوں میں وارد
ہوا ہے اور سلف خلف کا اسپر اتفاق ہے الخ اہ مترجما
پس معلوم ہوا کہ نماز جو عمدہ عبادات سے ہے وہ ہرگز کفار کے
فعل سے مشابہ نہیں کیگئی اسلیئے کہ کوئی عاقل کھڑے ہونیکو
نماز نہیں کہتا ہے صرف بیٹھنے والی کے سر پر تعظیماً کھڑے ہونیکو
فعل کفار سے تشبیہ دی ہے. دوسری وجہ یہ ہے کہ یہ حدیث
منسوخ ہے ترجمہ باب صحیح مسلم میں ہے یہ باب ہے امام معذور
کے خلیفہ کرنیکا الی قولہ اور مقتدیکا بیٹھنا امام بیٹھنے والے
کے پیچھے منسوخ ہے جب وہ کھڑے ہونے پر قادر ہو اہ مترجما امام
نووی لکھتے ہیں باب ہے امام کے خلیفہ بنانیکا جب وہ مرض
اور سفر وغیرہ سے معذور ہو اور امامت کراوے اور جو امام
بیٹھنے والے کے پیچھے جو کھڑے ہونے سے عاجز ہے نماز پڑھے تو اسکو
کھڑا ہونا لازم ہے جب قیام پر قدرت رکھے اور بیٹھنے والے
امام کے پیچھے مقتدی کا بیٹھنا جبکہ وہ طاقت قیام رکھتا ہے منسوخ
ہوگیا ہے اہ مترجما اب یقیناً معلوم ہوا کہ وہ تشبیہ جو امام بیٹھنے
والے کے پیچھے کھڑے ہونیکو فعل کفار سے دیگئی تھی وہ بھی منسوخ ہو
گئی۔ پس امر منسوخ کے ساتھ استدلال کرنی مسلمانوں کے
نیک کاموں کی حرمت و کراہت پر سوا وہابیوں کے کسی دوسرے کا
کام نہیں ہے تیسری وجہ یہ مکذبین کب قیاس کی لیاقت
رکھتے ہیں جنکو کلام کے سمجھنے کا بھی مادہ نہیں ہے اور بیٹھنے و کھڑے
ہونے میں بھی امتیاز نہیں کرسکتے ہیں رہا یہ جو ہدایہ سے نقل کیا ہے
کہ جب امام قرآن مجید سے پڑھے تو اسکی نماز فاسد ہوتی ہے امام
صاحب کے نزدیک تو رد المحتار میں لکھا ہے کہ حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ

تلقن من المصحف وضاء كما اذا تلقن من غيره انتهى
بقدر الحاجة فلا مناسبة له بما نحن فيه وما نقل
من الصاحبين الكراهة ووجهه بانه تشبه باهل
الكتب فجوابه قد سبق من الدر المختار ورد المحتار
والطحطاوى ناقلاً عن المعتبرات بان التشبه انما
يكره فى المذموم وفيما قصد به التشبه لا مطلقاً
ونقل من ابى يوسف قال كان رسول الله صلى الله
عليه وسلم يلبس النعال التى لها شعر وانها من لباس
الرهبان الخ وايضاً فيه وعندهما صلوته تامة الا
انه يكره فى الصلوة لما فيه من التشبه باهل الكتاب
كذا قالوا وفيه نظر لان التشبه باهل الكتاب لا
يكره فى كل شئ فانا ناكل كما ياكلون ونشرب كما
يشربون وانما الحرام التشبه بهم فيما كان مذموماً
وما يقصد به التشبه قاله قاضى خان فى شرح الجامع
الصغير فعلى هذا لو لم يقصد التشبه لم يكره عندهما
كما فى البحر اه وايضاً نقل من الامام الطحاوى وغيره
ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يحب موافقة
اهل الكتاب حتى يؤمر بخلاف ذلك كما مر على الصفحة
وما نقل فى الاخر من الهداية ويكره ان يقوم الامام
فى الطاق لانه صنيع اهل الكتاب فجوابه ما قاله فى رد
المحتار لكن تقدم ان التشبه انما يكره فى المذموم
وفيما يقصد به التشبه لا مطلقاً ولعل هذا من المذموم
تامل هذا فى حاشية البحر للرملى الذى يظهر من كلامهم

قرآن مجید کو دیکھکر پڑہنا ایسا ہے جیسا کہ کسی دوسرے شخص
سے پڑہنا انتہی مترجماً پس اس مسئلہ کو تو مشابہت سے کچھ تعلق
ہی نہیں ہے اور وہ جو صاحبین سے کراہت اور اسکی وجہ
اہل کتاب سے مشابہت نقل کی ہے تو اسکا جواب وہ ہے جو اوپر
درمختار ورد المحتار وطحطاوی سے بنقل معتبرات فقہ لکھا گیا ہے
کہ تشبہ مکروہ وہ ہے جو بُرے کام میں ہو اور تشبہ مقصود ہو نہ مطلقاً
اور یہ بھی اسمیں ہے کہ صاحبین کے نزدیک نماز پوری ہوگئی
مگر یہ نماز میں مکروہ ہے کہ اسمیں اہل کتاب کے ساتھ تشبہ ہے ایسا
ہی کہا ہے اور اسمیں اعتراض یہ ہے کہ ہر کام میں اہل کتاب سے
تشبہ مکروہ نہیں ہے کیونکہ ہم کہاتے ہیں ......
جیسے وہ کہاتے ہیں اور ہم پیتے ہیں جیسے وہ پیتے ہیں حرام تشبہ
وہ ہے جب کسی بُرے کام میں ہو اور تشبہ مقصود ہو قاضیخان
نے شرح جامع صغیر میں یوں کہا ہے پس اس تقریر پر صاحبین
کے نزدیک مکروہ نہوئی جیسا کہ بحر رائق میں ہے۔ اور نیز امام
امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالے سے معتبر نقل سے منقول ہوا ہے
کہ انہوں نے کہا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ نعلین پہنی
جسپر بال تہے اور وہ لباس پادریوں کا تہا الخ اور نیز امام طحاوی
وغیرہ سے منقول ہو چکا ہے کہ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم اہل
کتاب کی موفقت کو پسند فرماتے تہے جبتک انکے خلاف پر مامور
نہوتے چنانچہ اوپر لکہا گیا ہے اور یہہ جو ہدایہ سے نقل کیا ہے کہ امام کا
محراب میں کہڑا ہونا مکروہ ہے کہ یہ اہلکتاب کا کام ہے تو اسکا جواب
بھی رد المحتار میں لکہا ہے کہ لیکن اوپر گذرا ہے کہ تشبہ بُرے کام
میں ہی مکروہ ہے اور جہاں تشبہ مقصود ہو نہ مطلقاً اور شاید یہ

انہا کراہۃ تنزیہ تامل اہ انتہی ثم ہذا قیاس
مسئلۃ المولود والفاتحۃ علی مسئلۃ قراءۃ الامام
من المصحف وقیامہ فی الطاق لیس من وظیفۃ
المکذبین فتحقق ان ہذہ الروایات التی ہی
دلائل قطعیۃ عندنا نفی المولود والفاتحۃ لا
تدل قطعاً علی منعہما عند المنصفین فاتضح
علی جمیع اہل العلم حق الوضوح ان المکذبین لم
یاتوا بدلیل شرعی متفق عند الامۃ وما ضعفہ
ہذا الفقیر بہواء نفسانیۃ واللہ ہو الہادی
ونعم المعین قال فی الجواب التفصیلی بقی ما
قال القصوری ان الفاتحۃ مروجۃ بین الخواص
والعوام من العرب والعجم فہل یدعی علم الغیب
ام الہم الیہ فعلم انہا رائجۃ فی جمیع المواضع والحال
انہ لا یعلم احوال الہند والفنجاب واللاہور بل
القصور ایضاً فکیف یعرف رواج جمیع العرب
والعجم واقول ان راجت فی العرب والعجم
فالکراہۃ التی توجد فیہا حسب القواعد الشرعیۃ
لا یرتفع ولا عجب فی رواجہا ثمہ ایضاً من وجہ
اہل الہند وان اراد من لفظ الخواص الاغنیاء
السمان فلا اعتبار لہم وان اراد العلماء فغلط
وکذب علی ان الرسم الرائج لا یعد جائزاً باعتبار الشرع
ما لم یوجد فیہ مانع من الشرع کما ان قباحۃ النکاح
الثانی شائعۃ فی اکثر الخواص والعوام من الہند

کہ کراہت تنزیہی ہے غور کرو اور یہ ترجمہ ہے عبارت رد المحتار کا
پس یا وصف اسکے مجلس مولود اور فاتحہ کے مسئلہ کو قرآن کو دیکھکر
امام کے پڑہنے اور محراب میں کہڑے ہونیکے مسئلہ پر قیاس کرنا
ان مکذبین کا منصب نہیں ہے پس یہہ روایات جنکو مانعین
مولود وفاتحہ دلائل قطعیہ کہہ رہے تہے منصفوں کے نزدیک
ہرگز ہرگز انکے منع پر دلالت نہیں کرتے ہیں۔ پس ہر اولی
العلم پر واضح ہوگیا کہ نہ کوئی دلیل شرعی متفقہ امت
مکذبین نے پیش کی اور نہ فقیر نے ہوائے نفسانی سے
اسکو ضعیف وغیرہ کہا ہے اور خدا ہی ہادی ومعین ہے
جواب تفصیلی میں ہے رہا یہہ جو تحریر کیا ہے کہ جیسا عرب
وعجم کے خواص وعوام سب میں رائج ہے کیا آپکو علم غیب کا
دعوی ہے یا الہام ہوا ہے جس سے سب جگہہ رائج ہونا
دریافت ہوا قصوری صاحب تو تمام ہندوستان
بلکہ پنجاب بلکہ ضلع لاہور بلکہ قصور کی بہی خبر نہیں رکہتے
تمام عرب وعجم کی کیا خبر ہو سکتی ہے میں کہتا ہوں کہ یہہ
رسم اگر تمام عرب وعجم میں شائع ہوگئی ہے تو اس سے
وہ کراہت جو قواعد شرعیہ کے موافق اسمیں پائی
جاتی ہے کیونکر مرتفع ہو جائیگی اور عجب نہیں اگر وہاں
بہی اہل ہند کی وجہ سے رائج ہوئی ہو پہر اگر لفظ خواص سے
موٹے موٹے دولت مند مراد ہیں تو قابل اعتبار نہیں
اور اگر علما ربانیین مراد ہیں تو محض غلط اور کذب
محض ہے علاوہ شرعاً کوئی رسم ورواج سے جائز نہیں
ہو سکتی جبکہ اسمیں دلیل ممانعت شرعی موجود ہو جیسے نکاح ثانی کی

حتی ان بعض العلماء مبتلاء فی ھذہ البلاء فھذا
الفعل المستحسن شرعًا لا یکون ممنوعًا بھذا الوجہ
فاستدلال القصوری من الرواج علی الجواز دلیل
لعدم درایتہ بالدلائل الشرعیۃ وایضًا یدل علٰی
ان القصوری عجز من اتیان الدلیل علی الجواز
واللہ یھدی من یشاء الی صراط مستقیم والحاصل
ان البراھین القاطعۃ مملوۃ بالمسائل الحقۃ موافقۃ
بالدلائل الشرعیۃ حسب تصدیق العلماء الربانیین
ومنکرھا مستوجب الخسران والنکال وما عترض
علیھا فمبناہ الجھل والتعصب والضدیۃ الا ان
نکتفی بھذا القدر القلیل بسبب عجلۃ الوقت
وسنبین حال القصوری واعتراضاتہ بل اغلاط
جمیع تالیفات القصوری انشاء اللہ تعالیٰ و
لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم حررہ
خلیل احمد (۱۴) شوال ۱۳۰۶ مطابق (۱۴)
جون ۱۸۸۹ء فی یوم الجمعۃ فی بلدۃ بھاولپور
تمت رسالۃ الجواب التفصیلی یقول الفقیر
القصوری کان اللہ لہ قد فصل صاحب الانوار
الساطعۃ ناقلا عن رسالۃ سبط ابن الجوزی و
العلامۃ الحلبی والقسطلانی والقاری وغیرہم
علیھم رحمۃ الباری بان انعقاد المجلس المولود
الشریف شائع فی جمیع الممالک من الحرمین المحترمین
وممالک مصر واندلس والممالک المغربیۃ والروم

یہانتک کہ بعض علما بھی اس بلا میں مبتلا ہیں تو اس رواج
کی وجہ سے یہ فعل جو شرعًا جائز و مستحسن ہے ممنوع نہیں
ہو سکتا پس قصوری صاحب کا اس رواج کو جواز کی دلیل
قرار دینا دلیل ہو کہ انکو دلائل شرعیہ کی مطلق خبر نہیں
ہے اور نیز انکی دلیل ہو کہ آپ دلیل سے عاجز ہو گئے اور
خدا جسے چاہے اپنے راہ راست کیطرف ہدایت کرتا
ہے الحاصل رسالہ براہین قاطعہ حسب تصریح و تصدیق علماء
ربانیین اُن مسائل حقہ سے جو موافق دلیل شرعیہ کے ہیں
مالامال ہے اور انکا منکر مستوجب خسران و نکال ہے حقیقت
اسپر اعتراضات ہوتے ہیں جنے انکا محض جہل یا تعصب
یا ضدیت ہے بالفعل بسبب عجلت وقت اسیقدر قلیل پر
اکتفا کیا گیا بعد اسکے انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب قصوری صاحب
کی اور انکی اعتراضات بلکہ تمام تالیفات کی قلعی کھول
دیجائیگی ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم حررہ خلیل احمد
۱۴ شوال ۱۳۰۶ مطابق ۱۴ جون ۱۸۸۹ء یوم
جمعہ بمقام بہاولپور انتہے بلفظہ ۔ فقیر قصوری
کان اللہ لہ کہتا ہے کہ صاحب انوار ساطعہ نے
منقول رسالہ ابن الجوزی و علامہ حلبی و علامہ قسطلانی
و علامہ قاری وغیرہم علیہم رحمۃ الباری مفصل لکھا ہے
کہ انعقاد مجلس مولود شریف کا تمام ملکوں میں شائع
ہے جیسے حرمین محترمین و مصر و اندلس و ممالک
مغربیہ و روم و عجم و ہندوستان
وغیرہ جس میں اکابر علماء و حضرات

والعجم والھند وغیرھا ویحضر فیہ اعیان العلماء
والصوفیۃ وحسن ذلک بحدیث اتبعوا السواد
الاعظم الحدیث وبحکم ما راٰہ المسلمون حسنًا
فھو عند اللہ حسن الخ ولا شک فی ان تقسیم الشیٔ
الحلو فی ذلک المجلس وقراءۃ الفاتحۃ علیہ وتقسیم
بعد الفراغ کما لا یخفی فتسمیۃ اطلاع ھذا الامر
بادعاء علم الغیب او الالھام تعصب محض
وضدیۃ قویۃ وتحقق من المنقولات السابقۃ
ان مجلس المولود الشریف والفاتحۃ المروجۃ لا
یمنعھما من دلیل شرعی وما تفوہ بہ من دلائل
المنع فی البراھین والجواب التفصیلی من التشبہ
لیس الا الاستنباط الزعمی والقیاس الوھمی عند
العقل السلیم والمستقیم علی الصراط القویم ایضًا
وادلۃ جوازھما مبسوطۃ فی رسائل العلماء الربانیین
من الفقھاء والمفسرین والمحدثین کما نقل فی الانوار
الساطعۃ وقد نقل ھھنا قول استاذ اساتذۃ المکذبین
وشیخ مشائخھم فی الدین وھو العالم الربانی
والمتقی الحقانی شاہ عبد الغنی الدھلوی ثم المدنی
فی انجاح الحاجۃ حاشیۃ ابن ماجۃ تحت حدیث
نحن احق بموسٰی منکم وھو ھذا یستنبط من ھذا الحدیث
ان مطلق التشبہ بالکفار لیس بممنوع بل الممنوع
ما کان من خصوصیاتھم انکانوا غیر متبعین بالشرع
کالمجوس والھنود واما من کان اتبع شریعۃ نبیہ

صوفیہ شامل ہوتے ہیں اور یہ مستحسن ہے
بحکم حدیث اتبعوا السواد الاعظم آخر حدیث تک (بڑی جماعت مسلمانوں کی اتباع کرو ۱۲) اور بفحوائے اسکے
کہ جسکو مسلمان مستحسن جانتے ہیں وہ خدا کے نزدیک
بھی مستحسن ہے اور بیشک ان مجالس مولود میں شیرینی حاضر
کر کے اسپر فاتحہ پڑھنے اور بعد فراغ اسکو تقسیم کرتے
ہیں آپ اسکے اظہار کو ادعاء علم غیب اور الہام نام
رکھنا تعصب محض اور سخت ضدیت نہیں تو اور کیا ہے
اور منقولات سابقہ سے بخوبی متحقق ہو چکا ہے کہ مجلس
مولود شریف و فاتحہ مروجہ کے منع پر کوئی بھی دلیل
شرعی قائم نہیں اور وہ جو براہین و جواب تفصیلی میں
تشبہ کی دلیل میں تطویل کی گئی ہے تو وہ صرف انکا
استنباط زعمی اور قیاس وہمی ہے عقل سلیم اور
قائم صراط مستقیم کے نزدیک اور نیز انکے جواز کے دلائل
علماء ربانیین کے رسائل میں بسط مناسب کے ساتھ
مذکور ہیں جیسا کہ انوار ساطعہ میں مسطور ہیں ۔ اور
فقیر بھی یہجگہ ان مکذبین کے استاذ کے استاذ
اور شیخ المشائخ عالم ربانی متقی حقانی حضرت شاہ
عبد الغنی دہلوی ثم المدنی کے انجاح حاشیہ
ابن ماجہ سے جو حدیث نحن احق بموسٰی منکم کے نیچے
(ہم لائق تر ہیں ساتھ موسیٰ کے تم سے ۱۲)
افادہ فرماتے ہیں نقل کرتا ہوں اور وہ یہ ہے
اور اس حدیث سے مستنبط ہے کہ مطلق تشبہ کفار
کے ساتھ منع نہیں ہے بلکہ منع وہ ہے جو انکے خاص
کاموں میں سے ہو اگر وہ کسی شریعت کے تابع نہیں ہیں

ففعلہ حسنا ولم ینہ عنہ نبینا صلی اللہ علیہ وسلم
فاتباعہم لیس بممنوع فی ذلک فکان النبی صلی اللہ
علیہ وسلم یحب موافقۃ اھل الکتاب مما لم یؤمر
بہ واستدل بھذا الحدیث من جواز تعیین الایام
بعبادۃ خاصۃ بسبب خاص کالتصدق علی
ارواح الاموات یوم وفاتھم لان النبی صلی اللہ علیہ
وسلم خص عاشوراء بالصوم وخص یوم الاثنین
کذلک لانہ ولد فیہ وفیہ انزل علیہ الوحی انتھی
من صفحۃ ١٢٦ / سنن ابن ماجۃ المطبوعۃ فی عمدۃ
المطابع ١٢٧٣ھ) ویقول الفقیر کان اللہ لہ ان تخصیص
صلی اللہ علیہ وسلم یوم الاثنین بالصوم رواہ مسلم
وغیرہ عن ابی قتادۃ رضی اللہ عنہ قال سئل رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم عن صوم یوم الاثنین فقال
فیہ ولدت وفیہ انزل علی کذا فی المشکوۃ ولفظ
مسلم وسئل عن صوم یوم الاثنین قال ذاک یوم
ولدت فیہ ویوم بعثت وانزل علی فیہ وفی ھذا الحدیث
من روایۃ شعبۃ قال وسئل عن صوم یوم الاثنین
والخمیس فسکتنا عن ذکر الخمیس لما نراہ وھما انتھی
وقال الامام النووی قال القاضی عیاض رحمہ اللہ
انما ترکہ وسکت عنہ لقولہ فیہ ولدت وفیہ بعثت
او انزل علی وھذا انما فی یوم الاثنین کما جاء فی
الروایات الباقیات یوم الاثنین دون ذکر الخمیس
ترکہ مسلم لانہ راہ وھما قال القاضی ویحتمل

اور کوئی نیک کام کرے اور ہمارے رسول اکرم صلے اللہ علیہ
وسلم نے اس کام سے ہمکو منع نفرمایا ہو تو اسمیں انکی اتباع
منع نہیں ہے کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ سلم اہلکتاب
کی موافقت پسند فرماتے تھے۔ جبتک اسمیں مامور
نہوں اور نیز اس حدیث سے دنوں کو مقرر کرنیکی جواز
پر کسی خاص عبادت کیلیئے خاص سبب سے دلیل لی
گئی ہے جیسے ارواح اموات پر انکی وفات کے دن
تصدق کرنا اسلیئے کہ سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم
نے عاشورہ کے دن کو روزہ کیلیئے خاص فرمایا تھا اور ایسا
ہی دوشنبہ کے دن کو اسواسطے کہ آپ اسدن پیدا ہوئے
تھے۔ اور اسی دن میں آپ پر وحی اُتری تھی یہ ترجمہ ہے
سنن ابن ماجہ مطبوعہ مطبع عمدۃ المطابع ١٢٧٣ھ کے صفحہ
١٢٦ کے حاشیہ سے اور فقیر کان اللہ لہ ظاہر کرتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کا دوشنبہ کے دن کو روزہ کے واسطے خاص فرمانا صحیح
مسلم وغیرہ میں بروایت ابی قتادہ رضی اللہ عنہ وارد ہے
اُنسے کہا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوشنبہ کے دن روزہ
رکھنے سے سوال کیے گئے تو آپنے فرمایا میں اسمیں پیدا ہوا ہوں
اور اسمیں مجھپر وحی اتری ہے جیسا کہ مشکوۃ میں ہے اور صحیح
مسلم کے لفظ کا ترجمہ یہ ہے کہ آپ دوشنبہ کے روزے سے پوچھے
گئے فرمایا وہ دن ہے جسمیں میں پیدا ہوا اور جسمیں میں پیغمبر ہوا یا
مجھپر وحی اُتری اور اس حدیث میں روایت شعبہ میں ہے کہ انسے کہا
آپ دوشنبہ اور پنجشنبہ کے دنیں روزہ رکھنے سے پوچھے گئے تھے پس ہم
ذکر پنجشنبہ سے خاموش ہوئے کہ اسکو ہم وہم جانتے ہیں اہ مترجما امام

صحۃ روایۃ شعبۃ ویرجع الوصف بالولادۃ والانزال
الی الاثنین دون الخمیس انتھی بلفظہ وفی المرقات
تحت ھذا الحدیث ثم السوال من کثرۃ صیامہ صلی اللہ
علیہ وسلم فیہا ومن مطلق الصیام وخصوص فضلہ
من بین الایام فیجب شکرہ تعالی علی والقیام بالصیام
لدی قال الطیبی فیہ وجود نبیکم ونزول کتابکم وفی
الحدیث دلالۃ علی ان الزمان قد یتشرف بما یقع
فیہ وکذا المکان ولذا قیل شرف المکان بالمکین
انتھی وفی مجمع البحار ای فیہ وجود نبیکم ونزول کتابکم
فای یوم اولی بالصوم منہ انتھی وفی ترجمۃ المشکوۃ
للشیخ عبد الحق المحدث الدھلوی تحت ھذا الحدیث
یحتمل ان یکون السوال عن سبب صومہ صلی اللہ
علیہ وسلم فی یوم الاثنین او عن استحباب الصوم
فی ھذا الیوم وعلی کل تقدیر سببہ اداء شکر نعمۃ
وجودہ صلی اللہ علیہ وسلم ووجود الدین والشرع انتھی
مترجما فتحقق من الحدیث الصحیح بتصریح الشراح
تردید قول مؤلف البراھین ان اداء الشکر فی یوم
الولادۃ لا فی کل یوم ورد ایضا زعمہ منع تخصیص
الھیئۃ وتقیید المطلق وتحقق الاصل لتعیین یوم
لمصلحۃ فھذان الحدیثان من الدلائل الشرعیۃ لاثبات
مجلس المولود بعون الملک المعبود کما صرح بہ العلماء
الربانیون بالبسط المناسب فی رسائلھم جزاھم اللہ
سبحانہ خیر الجزاء فی الدنیا والعقبی ولما تقرر فی الشرع

کہ شعبہ کی روایت کی صحت بہی ہو سکتی ہے کہ پیدا ہونے
اور پیغمبر ہونے کی وصف تو دوشنبہ سے متعلق ہو سوا پنجشنبہ
کے اہ مترجما اور مرقات میں اس حدیث کی نیچے لکہا ہے یہ
سوال آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دوشنبہ کے دن بہت
روزہ رکہنے سے یا مطلق روزہ اور اسکی فضیلت کا
دوسرے دنوں میں سے خاص کرنا تو آپکا جواب یہ ہوا
کہ اللہ تعالی کا شکر مجھپر واجب ہے اور دوشنبہ میں روزہ
رکہنا میرے نزدیک یعنی پسندیدہ ہے طیبی نے کہا اسمیں تمہارے
نبی کا وجود ہے اور تمہاری کتاب کا اترنا اور حدیث میں دلالت
ہے اسپر کہ زمانہ شرف حاصل کرتا ہے اس چیز سے جو اسمیں واقع
ہو اور ایسا ہی مکان اور اسلیئے کہا گیا ہے کہ شرف مکان کا
مکان والے سے ہوتا ہے اور مجمع بحار الانوار میں ہے ای
دوشنبہ میں تمہارے نبی کا وجود ہوا ہے اور تمہاری کتاب کا
قرآنمجید اترا ہے پس کونسا دن روزہ رکہنے میں اس سے بہتر ہے
اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی اس حدیث کے نیچے لکھتے ہیں کہ ممکن ہے
کہ سوال دوشنبہ کے دن آپکے روزہ رکہنے کے سبب سے تہا یا دوشنبہ
میں روزہ کے استحباب سے سوال تہا اور ہر صورت میں سبب اسکا
آپکے وجود مسعود کی نعمت کے شکریہ کا ادا کرنا تہا اور دین اور شرع
کے وجود کا بہی شکریہ تہا اہ مترجما پس اس حدیث صحیح میں مع تصریح
شراح کے براہین والے کے قول کی تردید بخوبی ہو گئی کہ ادا شکر
ولادت کے دنمیں تہا نہ ہر دنمیں اور نیز اسکے اس زعم کی کہ تخصیص
ہیئت وتقیید مطلق منع ہے رد اور کسی مصلحت کیواسطے دن مقرر
کرنیکا اصل ثابت ہو گیا پس یہ دونو حدیثیں منجملہ دلائل شرعیہ کے ہیں

ان ایصال ثواب الطعام او الکلام مشروع فان جمع
احد بینهما فلا باس به اصلا نعم من اعتقد ان
ثواب الطعام لا یصل بدون الکلام فهو اعتقاد
فاسد کما لا یخفی ولا تغتر بما مر النقل من رسالة الحاج
امداد الله شیخ مشائخهم تتمة مانقل عن صاحب
البراهین ان الهنود یقرؤن علی الطعام کلام کتابهم
وایضا قال فی صفحة ۱۶۹ من البراهین ناقلا عن تحفة
الهند ان اشعار الهنود اقراء کلام کتابهم علی الطعام
وغیره قلت هذا کذب صریح لانه لیس من رسم الهنود
اقراء الکلام وغیره کما بین فی کتبهم ویشهد علیه
علماءهم ومعهذا لا یاخذ فاتحة الهنود الا البراهمة
ولا یرفع عالمهم یدیه علیه بخلاف المسلمین لان عالمهم
یقرء ایات القران علی الطعام وغیره ویرفع یدیه عند
ایصال الثواب ویاخذ ذلک کل واحد من المسلمین
فارتفع التشبه بالوجوه وقد قال فی البراهین صفحة
(۱۷۴) سطر ۱۳ التشبه الممنوع ما کان من کل الوجوه
کما لبس احد قلنسوة النصاری من بین لباسهم فانکان
التشبه ببعض الوجوه دون بعض فلا یحرم اذا مبرحا
فانعدمت کراهة التشبه باقرار المکذبین والحمد لله
رب العلمین ثم ادعاء ان البراهین القاطعة مملوة
بالمسائل الحقة موافقة بالدلائل الشرعیة حسب تصدیق
العلماء الربانیین الخ من قبیل کل حزب بما لدیهم فرحون
والا فمسئلة امکان کذب الباری سبحانه وامکان

کہ ایصال ثواب طعام یا کلام ارواح اموات کو روا ہے پس
اگر کوئی دونوں کو جمع کر دے تو کیا مضائقہ ہے البتہ جو یہ
اعتقاد کرے کہ طعام کا ثواب بدون کلام کے نہیں پہونچتا ہے
تو یہ اعتقاد فاسد ہے اور جو رسالہ حاجی امداد اللہ صاحب
مکذبین کے پیران پیر سے اسکے جواز میں تحریر منقول ہوئی ہے
اسکو فراموش نکرنا چاہئے تتمہ براہین قاطعہ میں منقول
ہو چکا ہے کہ براہمن بہی کہانے پر اشلوک گوئتے ہیں اور نیز صفحہ ۱۶۹
براہین میں تحفۃ الہند سے لکہا ہے کہ شعار ہنود ہے کہ طعام پر بید
پڑہواتے ہیں پنڈت اسپر بید پڑہتا ہے انتہے بلفظہ فقیر
کان اللہ لہ کہتا ہے کہ یہ بالکل جہوٹ ہے یعنی ہندؤنکی سنکلپ
کے وقت کچہ بید نہیں پڑہتے ہیں جیسا کہ انکی کتابوں میں مرقوم ہے اور انکے
پنڈتوں سے یہ بہی معلوم ہو سکتا ہے اور باوصف اسکے سنکلپ کا
مال سوا برہمنوں کے کوئی نہیں کہا سکتا۔ اور نہ اسوقت پنڈت
ہاتہ اٹہاتا ہے بخلاف معمول مسلمین کے کہ بوقت فاتحہ کچہ آیات
قرآن مجید پڑہی جاتی ہیں اور ایصال ثواب کے وقت دونوں ہاتہ
بہی اٹہاتے ہیں اور فاتحہ کا طعام وغیرہ ہر شخص مسلمانوں کا
لیلیتا ہے پس کئی وجہ سے مشابہت رفع ہو گئی اور خود براہین
کے صفحہ ۱۷۴ میں درج ہے جس شعار میں تشبہ ہو اسمیں من کل الوجوہ
تشبہ ہو تو منع ہے جیسا مثلاً تمام وردی نصاری کی ہے ایک کلاہ
پہنے تو کلاً من کل الوجوہ مشابہ نصاری کو ہوا اگر اس کلاہ میں
بعض وجہ تشابہ کی ہوویگی تو حرام نہ ہوویگی انتہے بلفظہ پس مکذبین
کے اقرار سے بہی کراہت تشبہیت و نابود ہو گئی اور خدائے معبود
کیلئے حمد ہے پہر براہین والوں کا یہ دعوی کہ یہ رسالہ براہین قاطعہ تصدیق [illegible]

مثله صلی الله علیه وسلم ومساواة جملة بنی ادم فی التشبه
بسید البشر علیه الصلوة والسلام وقلة علمه صلی الله
علیه وسلم من الشیطان الرجیم واثبات المشابهة
بین مجلس مولوده والفاتحة المروجة لروح الطیبة
وارواح المسلمین بمجلس جنم کنهیا علیه السلام ۱۲ وسنکلب الهنود
لیست من مسائل الحقة بالیقین بل من المهفوات
المبطلة للاسلام والدین عند علماء الربانیین فی
هذا الحین وما سوی هذه القبائح تعصبات وتحریفات
فی اکثر مضامین البراهین کما ادعی مؤلفه فی صفحة
(۱۶۴) ان صومه علیه السلام یوم عاشوراء ما کان
لاداء شکر نجات موسی بل کان علی حسب عادته
وبامر الله تعالی وافتراضه علیه السلام واستدل
علی ذلک بحدیث عائشة رضی الله عنها قالت کان
یوم عاشوراء تصومه قریش فی الجاهلیة وکان رسول الله
صلی الله علیه وسلم یصومه فلما قدم المدینة صامه علی
عادته قسطلانی) وامر الناس بصیامه فلما فرض رمضان
(فی السنة الثانیة) ترک یوم عاشوراء فمن شاء صامه
ومن شاء ترکه انتهی فهذا القول مع مخالفته بالحدیث
الصحیح الذی وقع فیه نحن احق بموسی منکم فیه تحریف لفظی
ومعنوی فی الحدیث ایضا اما اللفظی فلانه اسقط
لفظ (فی الجاهلیة) بعد فقرة وکان رسول الله صلی الله
علیه وسلم یصومه والحال انه موجود فی البخاری
بعلامة ابی الوقت وذکره ابن عساکر کما فی صفحه ۲۶

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو امکان نظیر کا قول اور آپکے
علم شریف کو شیطان لعین کے علم سے کم کہنا اور مجلس مولود
مبارک کو جنم کنہیا سے اور ارواح طیبہ کی فاتحہ کو ہندؤں
کے سنکلپ سے مشابہ بنانا ہرگز ہرگز مسائل حقہ سے نہیں ہے بلکہ
واہیات اور خرافات سے ہے جس سے اس نازک زمانہ میں
علماء ربانیین کے نزدیک دین اسلام کو سخت بٹہ لگتا ہے اور
سوا ان قبیح باتوں کے اور بہی اس براہین میں تعصبات اور تحریفات
ہی ہیں جیسا کہ براہین والے نے ادعا کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کا عاشورا کے دن روزہ رکہنا شکر نجات موسے علی نبینا و علیہ السلام کیلئے
نتہا بلکہ بعادت و افتراض اللہ تعالی تہا اور اسکی دلیل عائشہ صدیقہ
رضی اللہ عنہا کی حدیث لکہی ہے۔ قریش زمانہ جاہلیت میں عاشورا
کا روزہ رکہتے تہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
بہی یہہ روزہ رکہتے تہے پہر جب آپ مدینہ منورہ
میں تشریف لائے تو وہ روزہ رکہا (اپنی عادت پہ
قسطلانی) اور لوگوں کو بہی روزہ کا حکم دیا پہر جب
رمضان فرض ہوا (دوسرے برس میں) تو آپنے
عاشورا کا روزہ ترک کیا پس جسکا جی چاہے روزہ رکہے
اور جو چاہے نرکہے انتہی مترجماً پس یہہ قول باوصفیکہ اس صحیح
حدیث کے مخالف ہے جسمیں نحن احق بموسے منکم واقع ہے
اسمیں لفظی اور معنوی تحریف بہی کیگئی ہے لفظی تحریف تو یہہ ہے
کہ آپکے روزہ رکہنے کے پیچہے سے لفظ (فی الجاہلیۃ) کا اڑا
دیا ہے حالانکہ یہ لفظ بخاری میں ابی الوقت اور ذرا [illegible]
[illegible] موجود ہے مطبوعہ احمدی کے صفحہ ۲۶ [illegible]

المطبوعة فی المطبع الاحمدی وایضًا موجود فی روایۃ
موطا مالك الذی هو ام الصحیحین وفی سنن
ابی داود وغیرهما واما التحریف المعنوی فهو اثبات
صوم یوم عاشوراء بهذا الحدیث من لفظ وامر الناس
بصیامه لان الامر یکون بافتراض الله تعالی
والحال ان الامر یکون للندب ایضًا کما تقرر فی
موضعه نعم قد تحقق فی المذهب الحنفی ان صوم
یوم عاشوراء قد کان فرضًا فی ابتداء الهجرة ثم نسخ
بفرضیة رمضان والدلیل علیه حدیث الصحیحین
عن سلمة بن الاکوع وغیره قال امر النبی صلی الله علیه
وسلم رجلًا من اسلم ان اذن فی الناس ان من کان
اکل فلیصم بقیة یومه ومن لم یکن اکل فلیصم فان
الیوم یوم عاشوراء وقال الامام النووی فی سنن
ابی داود من اکل فلیصم بقیة الیوم ولیقض یقول
الفقیر کان الله له روایة سنن ابی داود هذه
ان اسلم اتت النبی صلی الله علیه وسلم فقال صمتم
یومکم هذا قالوا لا قال فاتموا یومکم واقضوا انتهی فتنبه
هذه الاحکام التاکیدیة حکم الامام الاعظم رضی الله
عنه ان صوم یوم عاشوراء کان فرضًا فی الابتداء
ثم نسخ بعد فرضیة رمضان **تتمه** فی حاشیة
السندی علی البخاری قوله کان یوم عاشوراء تصومه
قریش فی الجاهلیة الخ لا ینافیه ما سیجیء من قول ابن
عباس رضی الله عنهما قدم رسول الله صلی الله علیه وسلم المدینة

اور نیز یہی لفظ موطا امام مالک میں جو صحیحین کا اصل ہے
اور نیز سنن ابی داود وغیرہما میں موجود ہے اور تحریف معنوی
یہہ ہے کہ اس حدیث کے لفظ لوگوں کے امر کرنے سے عاشورا
کے روزہ کی فرضیت ثابت کی ہے کہ حکم حقتعالے کے
فرض کرنے سے ہوتا ہے جیسا کہ اصول فقہ میں مقرر ہو چکا
ہے البتہ حنفی مذہب میں ثابت ہے کہ عاشورا کا روزہ ابتدا
ہجرت میں فرض تھا پھر رمضان مبارک کی فرضیت
سے منسوخ ہو گیا تھا۔ دلیل اسکی صحیحین کی حدیث ہے
کہ سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
قبیلہ اسلم سے ایک شخص کو فرمایا کہ لوگوں میں پکار دے
کہ جسنے کچھ کہا لیا ہو تا ہم باقی دن کا روزہ رکھے اور
جسنے کچھ نہیں کہایا وہ روزہ رکھے کیونکہ آج عاشورا
کا دن ہے اور امام نووی نے کہا کہ سنن ابو داود
میں ہے کہ جسنے کچھ کہا لیا ہو تو باقی کا دن کچھ نہ کہائے اور
روزہ قضا دے۔ فقیر کان اللہ لہ کہتا ہے کہ سنن ابی داود
کی یہہ روایت یوں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قبیلہ
اسلم میں تشریف لائے اور فرمایا کہ آج تمنے روزہ رکھا ہے وے
بولے نہیں۔ تو آپنے فرمایا باقی دن پورا کرو اور قضا
دیدینا اہ ترجمہ ان احکام تاکیدی سے امام اعظم رضی اللہ
عنہ نے فرمایا کہ ابتدا میں عاشورا کا روزہ فرض تھا پھر
رمضان کی فرضیت کے بعد منسوخ ہو گیا۔ **تتمہ** صحیح
بخاری کے اس فقرہ پر کہ (زمانہ جاہلیت میں قریش عاشورا کا روزہ
رکھتے تھے اور آپ بھی روزہ رکھتے تھے) حاشیہ سندی میں لکھا ہے

فوجد الیهود الخ لجواز ان یحصل مجموع الامرین
بان حصل الاقتصار علی احدهما من بعض الرواۃ
اما العدم علمه بالاخر او سهوًا والله تعالی اعلم
انتهی وفی شروح الصحیحین والمجمع وغیرها
ان الحدیثین فی ذاتهما صحیحان وانه صلی الله
علیه وسلم کان یصوم یوم عاشوراء فی مکة
المعظمة بصوم قریش ولما جاء مدینة صامه
شکرًا لنجات موسی علی نبینا وعلیه السلام
انتهی ملخصًا فما انکر صاحب البراهین من
کون صومه علیه السلام لشکر نجات موسی علی نبینا وعلیه السلام
وتکلم فی الحدیث الصحیح کما فی صفحة ۱۶۴ فهو
اختیار لشعار النیچری کما هو انتهاء درجة الوهابیة
والعیاذ بالله ولما قال صاحب الانوار الساطعة
ان المجوزین لمجلس المولود جمهور علماء دیار العرب
والعجم والمانعین اقل القلیل وقد ورد اتبعوا السواد
الاعظم الحدیث فاجابه مؤلف البراهین
ان المانع الواحد هو السواد الاعظم وعلی الحق
ومن کان علی خلافه فهو علی الباطل وان کان
تمام العالم وهذا فی صفحة (۱۷۰) من البراهین
فلیتامل قال فی صفحة (۱۳۱ و ۱۳۲) من البراهین
ان الاجرة علی التعلیم مجتهد فیها لان الشافعی
یجوزها فالکراهة مختلف فیها والمسئلة
المختلفة یجوز العمل علیها بلا ضرورة انتهی

پر یہود کو روزہ عاشورا کا رکھتے ہوئے پایا اور خود بھی روزہ
رکھا اور ایام جاہلیت کے معاملہ کے خلاف نہیں اسلیے کہ اگر
دونو طور پر روزہ رکھا ہے پر بعضے راویوں نے ایک
ہی معاملہ کے بیان پر کفایت کی یا اسلیے کہ اسکو دوسرے
امر کا علم نہ تھا یا سہو ہو گیا اور خدا تعالے خوب
علم ہے اہ ترجمہ اور صحیحین کی شرحوں اور مجمع البحار وغیرہ میں
درج ہے کہ یہہ دونو حدیثیں صحیح ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم مکہ معظمہ میں قریش کے روزہ عاشورا کو دیکھکر رکھتے
تھے اور جب مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو حضرت موسی علی نبینا وعلیہ السلام کی نجات
کے شکریہ کو واسطے عاشورا کا روزہ رکھا یہہ انکا خلاصہ کا ترجمہ
ہے پس صاحب براہین نے جو آپکو روزہ شکریہ نجات حضرت
موسی علی نبینا وعلیہ السلام کا انکار کیا ہے اور صحیح حدیث میں چون و چرا کی ہے
دیکھو صفحہ ۱۶۴) میں تو یہہ نیچری کے شعار کا اختیار ہے جو
پرلے درجہ کی وہابیت ہے حقتعالے اس سے پناہ دے۔ دوم
صاحب انوار ساطعہ نے جب کہا کہ مجلس مولود کو جائز کہنے
والے اکثر علماء عرب و عجم ہیں اور اس مجلس کے منع کرنیوالے بہت
تھوڑے لوگ ہیں اور حدیث میں آیا ہے کہ بڑے گروہ مسلمانوں
کی اتباع کرو تو اسکا جواب براہین والے نے یوں دیا ہے کہ ایک
شخص مانع اسکا وہی سواد اعظم یعنی جماعت کثیر اور حق پر
ہے اور اسکا مخالف گو سارا جہان ہو وہ باطل پر ہے
دیکھو صفحہ ۱۷۰ میں اب غور کرو کہ یہہ کیسی ہٹ دہرمی ہے
سوم براہین قاطعہ کے صفحہ ۱۳۱ و ۱۳۲ میں ہے کہ اجرت
علی التعلیم مسئلہ مجتہد فیہ ہے کہ شافعی اسکو جائز فرماتے ہیں تو اسکی کراہت